فاسئلوا اهل الذكر ان كنتم لا تعلمون

الحمد للہ کہ دریں ایام فرخندہ فرجام مجموعہ رسائل ۷ در تحقیق مسائل مختلفہ دربارہ تحقیق احادیث برطریق اہل حدیث
از تصنیف ماہر اصول حدیث و فنون اسماء الرجال مقبول زمن مولوی محمد حسن صاحب فیضپوری مد ظلہ

تہذیب الاسلام فی جواب تبصرۃ الاسلام

الفوز المبین بالاخفاء بآمین

باہتمام خاکسار خیر خلق سید عبد الرحمن عرف شیر علیشاہ نبیرہ میاں خیر اللہ غفر اللہ ولوالدیہ

مطبع اسلامیہ شہر لاہور شد
در واقع لاہور طبع

قیمت فی جلد .... عہ

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله رب العٰلمين والعاقبة للمتقين والصلوٰة والسلام على رسوله محمد و
آله و صحابه وازواجه واهل بيته اجمعين **اما بعد** پس عرض کرتا ہے بندۂ مسکین
محمد حسین صانہ اللہ عن شرور الزمن کہ یہ رسالہ ہے مسمّٰی بہ تہذیب الاسلام فی جواب
تبصرۃ الانام۔ واضح ہو کہ عرصہ گذرا ہے کہ کسی عالم حنفی نے ایک رسالہ لکھا تھا عمدہ بجواب
دو مسئلہ ایک مسئلہ فاتحہ خلف امام اور دوسرا دربارہ جمعہ کے اور اسکا نام تنبیہُ الانام
علیٰ ما الظہر بعد الجمعۃ فی دیہ الایام و منع القراءۃ خلف الامام رکھا اُس کے جواب
میں ایک مولوی صاحب نے ایک رسالہ لکھا جسکا نام ارشاد الانام رکھا پھر اُس کے جواب میں
مولانا و بالفضل اولانا مسند وقت محدّث مفسّر فقیہ مولوی نظام الدین صاحب مفتی ریاست
مالیر کوٹلہ نے ایک رسالہ تصنیف فرمایا جس کا نام صیانۃ الانام عن تضلیل مؤلف
ارشاد الانام لکھا اور پھر اُس کے جواب میں مولوی عبد الجبار عمر پوری نے رسالہ
تصنیف فرمایا اُس کا نام تبصرۃ الانام برد مغالطات صیانۃ الانام ترقیم فرمایا ہر دو
فریق نے اپنے اپنے دلائل جو ان کے علم اور فہم میں موجود تھے ذکر کیے۔ مگر غرض یہ ہے کہ
دونو مسئلوں میں مولوی نظام الدین صاحب کی نظر دقیق معلوم ہوتی ہے اور دلائل بھی
جس قدر بیان فرمائے ہیں عمدہ ہیں مگر چونکہ آجکل کے اکثر غیر مقلد محض تقلید آبائی کے متبع ہیں جنے انکو

بہ سبب عناد کے جو اُن کو مذہب حنفی کے ساتھ ہے صحیح کو غلط اور غلط کو صحیح کر ڈالتے ہیں۔
اب اس وقت زیادہ گنجائش تو نہیں ہے کیونکہ اس بندہ نے ان دونو مسئلوں کے باب میں
مفصّل دو رسالہ علحدہ علحدہ تصنیف کیے ہیں لہذا طوالت کی حاجت نہیں ہے مگر بقول حکما
ما لا یدرک کلہ لا یترک کلہ فاتحہ خلف الامام کے مسئلہ میں جو کہ مولوی عبد الجبار عمرپوری
...... نے غلط اور بے سند باتیں لکھی ہیں اور جا بجا بے علمی اور خیانت اور حق پوشی کی ہے
ان کے رسالہ تبصرۃ الاذام کے چند مواضع کو لکھا جاتا ہے ان کے ان مواضع کے حال دریافت
کرنے سے ان کے باقی رسائل اور دلائل کو خود دریافت کر لینا میرے کہنے کی کچھ چنداں ضرورت
نہیں خود علما جو مذاق علم حدیث اور رواۃ سے واقف ہیں دریافت کر لینگے واضح ہو کہ مولوی
صاحب مذکور علم رجال اور جرح اور تعدیل سے بڑے نادان اور ناواقف معلوم ہوتے ہیں شاید
اس علم کی سند اور اجازت کسی محدث سند یافتہ سے نہیں کہتے ورنہ ایسے لغو اور بیچ جواب
لکھتے۔ اب بعون اللہ تعالیٰ ان کی کتاب کا حال سنیے اور گوش ہوش سے اس طرف توجہ فرمائیں
کہا مصنف تبصرۃ الاذام نے صفحہ ۳ میں اقول فاتحہ اگرچہ دوسری آیتوں سے الخ تا آخر
قول تک جواب اُس کا چند وجہ پر ہے وجہ اول یہ کہ صاحب تبصرہ کو مہارت علمی نہیں ہے کیونکہ جب
شارع نے مدار وجوب انصات کا قراءۃ قرآن کو فرمایا اور خود صاحب تبصرہ نے فاتحہ شریف
میں اس کو بدرجہ اتم مسلم رکھا ہے کہ وہ بذاتہا قرآن ہے تو اس کے واسطے حکم انصات کا
بدرجہ اتم ہونا چاہیے یعنے اگرچہ اور باقی قرآن کا بھی یہی حکم ہے مگر فاتحۃ الکتاب چونکہ
بدرجہ اتم قرآن ہے تو اس کے لیے بدرجہ اتم انصات ضروری ہے۔ جواب دوسرا یہ کہ بعض
آثار شان نزول اس کے سے یہ امر بخوبی ثابت ہے کہ فاتحہ اس میں داخل ہے فقد اخرج

سلہ اس جگہ پر مولوی نظام الدین صاحب کا یہ دعوی تہا کہ قراءۃ خواہ فاتحہ کی ہو یا غیر فاتحہ کی سننے اور خاموشی
کے ضرور منافی ہے الخ اس پر مولوی عبد الجبار صاحب کا یہ کلام ہے کہ فاتحہ اور قرآن کی مثل نہیں بلکہ اس کو
خصوصیت اور مزیت ہے باقی قرآن پر کہ اسکو خدا تعالے نے بذاتہا قرآن قرار دیا ہے آیت ولقد آتیناک
سبعاً من المثانی والقرآن العظیم میں اس کا حکم باقی قرآن سے جدا ہونا چاہیے یہ خلاصہ ہے انکی کلام کا
منہ عفی عنہ

سعید بن منصور وابن ابی حاتم عن محمد بن کعب القرظی کان رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم اذا قرأ فی الصلوٰۃ اجابہ من ورائہ اذا قال بسم اللہ الرحمن الرحیم قالوا
مثل ذٰلک حتی تنقضی الفاتحۃ والسورۃ فلبث ماشآء اللہ ان یلبث ثم نزلت
واذا قرئ القراٰن فاستمعوا لہ وانصتوا انتہی اب تو فاتحہ کو بھی یہ آیت شامل
ہوئی اور عام آثار تو بکثرت ہیں دوچار اُن میں سے نقل کیے جاتے ہیں قال الحافظ ابوبکر
الحازمی فی کتاب الاعتبار فی بیان الناسخ والمنسوخ من الاخبار اخبرنا احمد بن سہل
اخبرنا الحسن بن محمد حسنویہ ثنا عبداللہ بن محمد بن عیسٰے ثنا عبداللہ بن محمد
ابن النعمان ثنا العباس بن یزید ابوالفضل عن عبدالوہاب ثنا المہاجر ابو مخلد
عن ابی العالیۃ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا قرأ قرأ اصحابہ اجمعون
خلفہ حتی انزلت واذا قرئ القراٰن فاستمعوا لہ وانصتوا لعلکم ترحمون فسکت
القوم وقرأ النبی صلی اللہ علیہ وسلم وقال ابن النعمان حدثنا ابی ثنا بشر بن عمر
الزہرانی عن ابن لہیعۃ عن ابن ابی ہبیرۃ عن ابن عباس قال صلی رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم وقرأ خلفہ قوم فنزلت واذا قرئ القراٰن فاستمعوا لہ وانصتوا
لعلکم ترحمون انتہی واخرج ابوالشیخ عن عبداللہ بن عمر قال کانت بنواسرائیل
اذا قرأت ائمتہم جاوبوہم فکرہ اللہ ذٰلک لہذہ الامۃ فقال واذا قرئ
القراٰن فاستمعوا لہ وانصتوا انتہی اب عاقل کو اس قدر کافی ہے اور اگر کسی صاحب
کو شوق ہو کہ اس آیت کے آثار اور اُن کی بحث کماحقہ مع اعتراض اور جواب کے دیکھے
تو وہ اس عاجز کا رسالہ الدلیل المبین علی ترک القراءۃ للمقتدین کو دیکھے۔
جواب تیسرا یہ کہ قاعدہ اصول کا ہے العبرۃ لعموم اللفظ لا لخصوص السبب اور
اجماعاً مسلم ہے ورنہ ہزارہا حکم برباد ہو جاوینگے وای مفسدۃ اعظم من ذٰلک البتہ اگر
مخالف تخصیص اس کی تخصیص کا حکم کتاب اللہ یا کہ سنت صحیح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت

کرے گا تو اس کی رہائی ہو جاوے گی وانی تیتسر لہ ذلک کما سیجیئ قریبًا ان شاء اللہ تعالیٰ اور صفحہ ۱۳ سے ۱۴ قول آپنے صفحہ ۱۷ سے ۱۸ اور ۱۹ تلک شد و مد سے بیان کیا ہے الخ تا صفحہ ۲۶-اس میں صاحب تبصرہ نے بہت حق سے چشم پوشی کی ہے اور علم کو بے علمی کے ساتھ بدل دیا ہے کیونکہ قول اُس کا کہ یہ آیت جہر قرارۃ سے منع کرتی ہے نہ خفیہ سے اور دلیل اُس پر حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی شاہد لائے سبحان اللہ جرح تعدیل کا علم تو دیکھو کہ مولوی عبد الجبار صاحب کو کس قدر وقفیت یا کہ حق سے چشم پوشی کی ہے اول حدیث کو سنو مع سند کے پہر اُس کا نتیجہ دیکھو اخرج الدارقطنی فی سننہ حدثنا عبد اللہ بن سلیمان بن الاشعث وابو بکر النیسابوری قالا ثنا العباس بن الولید بن مزید اخبرنی ابی ثنا الاوزاعی ثنا عبد اللہ بن عامر حدثنی زید بن اسلم عن ابیہ عن ابی ہریرۃ عن ہٰذہ الآیۃ واذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا لعلکم ترحمون قال نزلت فی رفع الاصوات وہم خلف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الصلوٰۃ لفظ ابی داؤد عبد اللہ بن عامر ضعیف انتہیٰ کلام الدارقطنی بعینہ لہٰذا جبکہ خود دارقطنی نے اس کو ضعیف قرار دیا ہے تو یہ حدیث قابل استدلال نہ رہی اور میں کہتا ہوں کہ کہا صاحب خلاصہ نے عبد اللہ بن عامر احد الضعفاء انتہیٰ ملخصًا اور کہا حافظ ابن حجر نے تقریب التہذیب میں عبد اللہ بن عامر الاسلمی ابو عامر المدنی ضعیف من السابعۃ انتہیٰ اور کہا شیخ الاسلام ذہبی نے میزان الاعتدال میں ضعفہ احمد والنسائی والدارقطنی وقال یحییٰ لیس بشئی وقال البخاری یتکلمون فی حفظہ وسئل علی بن المدینی عنہ فقال ذٰلک عندنا ضعیف مقل وقال ابن سعد کثیر الحدیث قارئ القرآن یستضعف انتہیٰ بہر حال یہ حدیث ضعیف ہے اور علی سبیل التسلیم اعتبار عموم لفظ کا ہے نہ مورد کا لہٰذا

سلہ اس بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ مولوی نظام الدین صاحب کا دعویٰ تہا کہ اگر چہ آیت کے شان نزول میں ۹ قول وارد ہیں مگر صحیح سب سے یہی ہے کہ قراءۃ خلف امام کے حق میں وارد ہے اُس کے جواب میں مولوی عبد الجبار صاحب نے یہ بحث کی ہے کہ ہم نے مانا کہ صحیح یہی قول ہے مگر یہ امر جہر قراءۃ میں متصور ہو سکتا ہے نہ سر میں بعد اسکے اثر ابو ہریرہ کا در منثور وغیرہ سے نقل فرمایا جس کی بحث آگے آوے گی کہ وہ ضعیف ہے ۱۲ منہ سلہ قلت وقد اخرج ابن جریر وابن ابی حاتم وابو الشیخ وابن مردویہ والبیہقی ۱۲ منہ سلہ یہ حدیث ہی دلیل اخفاء آمین کی ہے واسطے حنفیہ کے اور تفصیل اس کی میرے رسالہ المغنم المبین باخفاء بالتامین میں ہے ۱۲ منہ عفی عنہ

اگرچہ مورد خاص جہر کا ہے مگر آیت نے عام طور پر منع کیا ہے جہر کے طور ہو یا کہ خفی اور اس کے نظائر
اور بھی بہت سے ہیں تتبع کرنے سے مل سکتے ہیں[1] چنانچہ ضم سورہ کا فاتحہ کے ساتھ ہر طرح منع ہے
جہر کے طور ہو یا کہ خفی طور پڑھے[2] فما هو جوابہ فهو جوابنا[3]۔ **قولہ** انصات اور اسکات آہستہ
پڑھنے کے مخالف نہیں الخ مولوی عبد الجبار صاحب کا دعویٰ اور دلیل دونو مطبق نہیں ہیں بحث
تو لفظ انصات میں ہے اور دلیل اُس کی اسکات کی حدیث لائے ہیں لہذا عرض ہے کہ اسکات
کا عموم تو ہم مانتے ہیں نہ انصات کا کیونکہ اُس کے معنے عدم التکلم کے ہیں نہ عدم جہر البتہ اگر انصات
کے معنے عدم جہر کے کسی جگہ ثابت ہوں تو آپ کی بات بجا ہے دیکھو صراح جلد اول میں ہے نَصتٌ
وَاِنْصَاتٌ خاموش بودن وگوش داشتن یقال انصتوہ وانصتوا لہ انتہیٰ **قولہ** اور استماع کی
نسبت خیال کیجیے الخ یہ بھی دعویٰ بلا دلیل ہے کوئی آیت اور حدیث صحیح اس پر دال صریح وارد نہیں ہوئی
کہ سکتات امام کے واسطے قراءۃ مقتدی کے ہیں بلکہ خود دارقطنی نے سکتوں میں اجازت دینے
والی حدیث کو ضعیف بتایا ہے۔ رہا عمل ائمہ کا تو وہ اُن کا اجتہاد ہے نہ مبنی علی الدلیل القوی اور
خود شیخ ابن القیم نے زاد المعاد میں اس استدلال کو ضعیف بتایا ہے اور رد کیا ہے اور اسی طرح
شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رح نے حجۃ اللہ البالغہ میں بلکہ کہا امام طیبی نے شرح مشکوۃ میں والاظہر
ان السکتۃ الاولی للثناء والثانیۃ للتامین انتہیٰ اور اس مسئلہ کی بحث مفصل میرے رسالہ
الدلیل المبین علی ترک القراءۃ للمقتدین میں ہے واللہ اعلم شاید اُس سے زیادہ کسی نے نہ کی ہوگی
قولہ اگر امام سکتہ نہ کرے الخ اقول فاتحہ کا انتشار کرنا قراءۃ ممنوعہ سے از روئے احادیث صحیحہ کے
تو ثابت نہیں اور جو ہیں وہ سب ضعیف اور مجروح ہیں اسی واسطے کہا امام حافظ زیلعی شارح کنز نے
امام احمد رح سے نقل کرکے کہ جملہ انتشار والی حدیث سند معتبر سے ثابت نہیں اور ابن عبد البر نے
تمہید شرح مؤطا میں اُس ضعف کا حکم لگایا ہے جو چاہے اُن میں دیکھے اور قریب آویگا حال اُن کا

---

[1] چنانچہ اکثر آیات رد شرک کی بتوں کے حق میں اتری ہیں مگر عموم لفظ کے سبب سے درخت قبر، نبی، ولی، جانور سب اُس میں داخل ہیں ۱۲ منہ عفی عنہ [2] دونو طور پر مقتدی کو ضم سورہ منع ہے یعنے نہ جہر کے طور پڑھے نہ خفی طور پر فما هو جوابکم فهو جوابنا ۱۲ منہ [3] حاصل یہ کہ جہری نماز میں ضم سورۃ دونوں طور منع ہے اسی طرح فاتحہ تو آیت کا عموم اس حالت میں مخالف ہمارا مان چکا ۱۲ منہ عفی عنہ

ان شاء اللہ تعالیٰ **قولہ** اور آیت کریمہ کا قراءۃ خلف امام کے بارہ میں اختلاف پایا گیا ہے الخ اقول
اگرچہ اس میں بعض کا اختلاف منقول ہے مگر جبکہ تمام اقوال مزیف اور معلول ہیں بجز اس قول کے تو
وہ خلاف مرتفع ہو کر اجماعی مقرر ہوا اسی واسطے امام احمد رح نے اور ابن عبد البر نے اسپر اجماع کا دعویٰ
کیا ہے فقد اخرج الامام احمد بن الحسین البیہقی عن الامام احمد بن حنبل انہ قال اجمع الناس علی
ان ھٰذہ الاٰیۃ فی الصّلوٰۃ اور کہا ابن عبد البر نے استذکار میں فی اجماع اھل العلم علی ان قولہ
واذا قرئی القراٰن فاستمعوا لہ وانصتوا لم یرد کل موضع وانہ اراد الصّلوٰۃ اور ضح دلیل علی ان لا یقرأ
مع الامام فیما جھر الخ اور تفصیل اس کی میرے رسالہ الدلیل المبین میں ہے **قولہ** و نیز قوی سند سے
ثابت نہیں الخ اقول بندۂ خدا جبکہ امام احمد اور ابن عبد البر نے دعوی اجماع کا کیا ہے اگر اُس کی کوئی
دلیل صحیح سند سے مروی نہ تھی تو یہ قول فی نفسہ خود مزیف ہونا چاہیے تھا۔ چہ جائیکہ اُس کو اجماعی
قرار دیا جاوے اور اگر آپ کو قول مذکور کے آثار کی سند ضروری درکار ہے تو وہ بھی ہے آپ اُس کے آثار
کی طرف چشم ہوش سے نظر کریں جو اوّل گذر چکی ہیں مگر بالبسط بحث اُن کی میرے رسالہ الدلیل
المبین علی ترک القراءۃ للمقتدین میں ہے۔ اور صفحہ ۲۷ میں فرماتے ہیں **قولہ** حدیث من کان لہ امام
فقراءۃ الامام لہ قراءۃ اول تو ضعیف ہے الخ سُبحان اللہ آسمان کی طرف تھوکنے سے اپنے مُونہ پر
پڑتی ہے اور حق یہ ہے کہ یہ حدیث ایسی صحیح ہے کہ مخالف کے پاس اس کے مرتبہ کی ایک حدیث بھی نہیں ہے
اور بیان اُس کا ان شاء اللہ تعالیٰ آگے آویگا **قولہ** دوسرے معنی اُس کے یہ ہیں الخ اقول سبحان اللہ و
الحمد للہ کہ آپ جیسے علماء ربانی اور واقف رموز حدیث و قرآن مجتہد لاثانی ابھی تک دنیا میں موجود ہیں
اور علوم عربیہ کے تو آپ شاید معلم اوّل ہیں مگر اس وقت آپ سُکر اولیائی میں مست ہو کر اجہل من المجنون
ہو کر بے خبری کی باتیں کر رہے ہیں کیونکہ آپ کی ذکاوت مبدّل بہ بلاوت ہو گئی ہے کہ علم حدیث
اور عربی دونوں میں غلطی کی ہے علم حدیث میں آپکی غلطی اظھر من الشمس ہے کیونکہ حدیث کی اصل قعادہ
اہ ہے کے الفاظ مرویہ سے آپ خوب ناواقف ہیں اور اس کے شواہد اور متابعات کی طرف آپکی بصیرت

سلہ بلکہ معدوم محض ہونا چاہیے کیونکہ جو قول بے سند ہو صحیح اور معتبر کب ہو سکتا ہے تعجب ہے کہ مجمع علیہ ائمہ کا ہو اور بے اصل
ہو ھذا شیئ عجاب ۱۲ منہ عفی عنہ

اور ذکاوت نے توجہ نہیں فرمایا لہذا نہی صریحی اور ضمنی کو جو دونوں طور اُس میں وارد تھی اس سے اغماض کیا اب پہلے اصل قصہ کو سنو اور بعد میں اُس کے شواہد اور متابعات کو غور سے سنو اخرج الحاکم فی المستدرک حدثنا ابو محمد بن بکر بن محمد بن حمدان الصیرفی حدثنا عبد الصمد بن الفضل البلخی حدثنا مکی بن ابراھیم عن ابی حنیفۃ عن موسیٰ بن ابی عائشۃ عن عبد اللہ بن شداد ابن الھاد عن جابر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم صلی ورجل یقرأ خلفہ فجعل رجل من الصحابۃ ینھاہ عن القراءۃ فی الصلوٰۃ فلما انصرف قال تنہانی عن القراءۃ خلف النبی صلی اللہ علیہ وسلم فتنازعا حتی ذکروا ذلک للنبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال من صلی خلف امام فان قراءۃ الامام لہ قراءۃ انتہیٰ واخرج الدارقطنی فی سننہ حدثنا ابو عبد اللہ محمد بن القاسم بن زکریا المحاربی الکوفی بالکوفۃ ثنا ابو کریب محمد بن العلاء ثنا اسد بن عمرو عن ابی حنیفۃ عن موسی ابن ابی عائشۃ عن عبد اللہ بن شداد عن جابر قال صلی بنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وخلفہ رجل یقرأ فنہاہ رجل من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلما انصرف تنازعا حتی بلغ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من صلی خلف امام فان قراءتہ لہ قراءۃ ورواہ اللیث بن سعد عن ابی یوسف عن ابی حنیفۃ انتھیٰ حدثنا ابوبکر النیسابوری حدثنا احمد بن عبد الرحمٰن بن وھب ثنا عمی ثنا اللیث بن سعد عن یعقوب عن النعمان عن موسی بن ابی عائشۃ عن عبد اللہ بن شداد عن جابر بن عبد اللہ ان رجلا قرأ خلف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بسبح اسم ربک الاعلیٰ فلما انصرف قال من قرأ منکم بسبح اسم ربک الاعلیٰ فسکت القوم فسالہم ثلاث مرات کل ذلک یسکتون ثم قال رجل انا قال قد علمت ان بعضکم خالجنیہا انتہیٰ ثم قال الدارقطنی وقال عبد اللہ بن شداد عن ابی الولید عن جابر بن عبد اللہ ان رجلا قرأ خلف النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی الظہر او العصر فاومأ الیہ رجل فنہاہ فلما انصرف قال تنہانی ان اقرأ خلف النبی صلی اللہ علیہ وسلم فتناکرا

حتی سمع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من صلّی
خلف امام فان قراءة الامام له قراءة ابو الولید ھٰذا مجھول ولم یذکر فی ھٰذا
الاسناد جابرا غیر ابی حنیفة ورواه یونس بن بکیر عن ابی حنیفة والحسن بن
عمارة عن موسی بن ابی عائشة عن عبد اللہ بن شداد عن جابر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم
بھذا حدثنا به احمد بن محمد بن سعید ثنا یوسف بن یعقوب بن ابی الازھر البیتی
ثنا عبد بن یعیش ثنا یونس بن بکیر ثنا ابو حنیفة والحسن بن عمارة بھذا الحسن بن
عمارة متروك الحدیث انتھی۔ اگرچہ اور طرق بھی اس حدیث کے واسطے ہیں مگر بسبب طوالت
کے صرف اتنے ہی پر کفایت کیا ہے زیادہ جو دارقطنی نے اس کے اخیر میں جرح کی ہے کہ
ابو الولید مجہول اور جابر کا ذکر بجز امام ابو حنیفہ اور حسن بن عمارہ کے کسی نے نہیں کیا تو اس میں
البتہ بحث ہے وہ یہ کہ دارقطنی نے اپنے علم کے رو سے یہ بات فرمائی ہے اور فی الواقع یہ
دونوں باتیں ان کی سخت غلط ہیں کیونکہ امام احمد بن منیع نے جو اپنی مسند میں سفیان اور
شریک سے روایت کی ہے موسیٰ بن ابی عائشہ سے تو ان دونوں نے بھی جابر کا واسطہ بیان
کیا ہے چنانچہ اس کی بحث صاحب صیانۃ الانام نے مفصل بیان فرمائی ہے اور وہ جو
صاحب تبصرہ نے بسبب بے علمی اور بے وقوفی اپنے کے اس کی نفی کی ہے اور شیخ ابن ہمام کے
نقل کرنے پر کفایت نہ کی اور یوں معذرت فرمائی کہ جب تلک اصل مسند احمد بن منیع نہ دیکھی
جاوے تو تب تلک تسلیم نہیں ہو سکتا تو وہ محض دفع وقتی ہے کیونکہ اس طرح تو سب کتابوں
کی بے اعتباری ہو سکتی ہے اگر یہ بات ابن ہمام کی بے اصل ہوتی تو کوئی اہل علم فقیہ محدث
زمانہ سابق میں اُسپر گرفت کرتا واذ لیس فلیس بلکہ ابن ہمام کے سوائے اور علمانے بھی یہ
دعوی کیا ہے ولا حاجة الی تفصیله اور اس حدیث کی بحث مفصل طور کہ جس سے زیادتی
متصور نہیں ہو سکتی میرے رسالہ الدلیل المبین علی ترك القراءة للمقتدین میں ہے اور
ابو الولید کے مجہول ہونے کا دعوی اُن کا اس واسطے غلط ہے کہ دارقطنی کے فہم میں نہیں آیا

کیونکہ یہ ابو الولید بعینہ وہی عبد اللہ بن شداد ہے اور لفظ عن ابی الولید بدل ہے
اُسی عبد اللہ بن شداد سے تو دونو فی الواقع ایک ہی شخص ہے دلیل اس کی وہ ہے جو کہ
حواشی شرح نخبۃ الفکر میں یوں تفصیل کی ہے قال الحافظ ابن حجر فی النخبۃ وشرحہ
ومن المہم فی ھذا الفن معرفۃ کنی المسلمین ممن اشتہر باسمہ ولہ کنیۃ لا یومن
ان یاتی فی بعض الروایات مکنیا لئلا یظن انہ لآخر انتہی اب دیکھو غرض ابن حجر کی
یہ ہے کہ راوی کبھی نام سے مشہور ہوتا ہے اور کبھی کنیت سے اور کبھی دونوں سے تو نا واقف
شخص اُن کو دو تصور کرتا ہے اور فی الواقع وہ ایک ہی ہوتا ہے فقد قال العلوی
فی حاشیۃ شرح النخبۃ مثالہ ما رواہ الحاکم من روایۃ ابی یوسف عن ابی حنیفۃ
عن موسی بن ابی عائشۃ عن عبد اللہ بن شداد عن ابی الولید عن جابر مرفوعا
من صلی خلف امام فان قراءۃ الامام لہ قراءۃ قال الحاکم ابو عبد اللہ عبد اللہ بن شداد
ھو بنفسہ ابو الولید نبہ علی ذلک علی بن المدینی قال الحاکم ومن تہاون بمعرفۃ
الاسامی اورثہ مثل ھذا الوھم انتہی اور اسی طرح ملا علی قاری نے دعوی اتحاد ان دونو
کا کیا ہے لہذا دار قطنی کی جرح از روئے جہالت ابو الولید کے دفع ہوئی اب یہ حدیث کسی قسم سے
مجروح نہ ہوئی یعنے نہ از روئے شذوذ کے اور نہ از روئے جہالت کے اب مدعائے اصلی پر دیں
کہ غلطی آپ کی از روئے علم حدیث کے اور فن رجال کے تو عمدہ طور ثابت ہوگئی اب آپکی
بے فہمی اور عدم ادراک مراد اور معنے حدیث سے اور آپ کا تحریف کرنا حدیث کا اس سے بھی زیادہ
روشن ہے دو وجہ سے وجہ اول یہ کہ اُس کے شواہد اور اُس کے طرق میں جو نہی صریحی اور ضمنی وارد
تھی اس کو خیال نہ فرمایا بلکہ اس کو سرقہ کرلیا اور وہ یہ ہے قال محمد بن محمد بن عبد الرزاق
الشہیر بمرتضی الحسینی الزبیدی الحنفی المتوفی سنہ ۱۲ خمس بعد الالف والمائتین فی کتاب
عقود الجواھر المنیفۃ فی ادلۃ الاحکام لمذہب ابی حنیفۃ ان ھذا الحدیث قد رواہ عن
الامام جماعۃ فرواہ محمد بن الحسن عنہ عن موسی بن ابی عائشۃ عن عبد اللہ بن شداد

عن جابر مرفوعاً من كان له امام فان قراءة الامام له قراءة وهو مختصر ورواه
الليث بن سعد عن ابی یوسف عنه بالسند المتقدم بلفظ ان رجلا قرأ خلف
رسول الله صلی الله علیه سلم الحدیث وروی محمد بن الفضل البلخی وسلیم بن مسلم قالا
حدثنا ابوحنیفة به عن جابر قرأ رجل خلف النبی صلی الله علیه سلم فنهاه عن ذلك
وروی مکی بن ابراهیم عنه انه انصرف النبی صلی الله علیه سلم من الظهر او العصر
فقال من قرأ منکم سبح اسم ربك الاعلی فسکت القوم حتی سأل عن ذلك مرارا
فقال رجل من القوم انا یا رسول الله فقال رأیتك تنازعنی القرأة وروی یونس
ابن بکیر وعلی بن یزید الصدائی ومروان بن شجاع عن ابی حنیفة به عن جابر صلی رسول الله صلی الله
علیه سلم الظهر او العصر فلما انصرف قال من قرأ منکم سبح اسم ربك الاعلی فلم
یتکلم احد فردّد ذلك ثلاثا فقال رجل انا یا رسول الله فقال رأیتك تخالجنی
القرآن من صلی منکم خلف الامام فقراءة الامام له قراءة انتهی کلامه مختصراً
اور مسند امام ابوحنیفہ جوکہ حصفکی نے جمع کی ہے اس میں بھی اسی طرح اس کے الفاظ بعینہٖ
یا کہ مثل اس کی وارد ہیں اب لفظ فنهاه عن ذلك صریح نہی وارد ہے اور چونکہ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس شخص کی تائید کی تھی جس نے نماز میں دوسرے کو قراءۃ سے منع کیا
تھا تو یہ نہی تقریری ہوئی اب مولوی عبدالجبار صاحب نے جو حدیث کی تحریف کی ہے کہ اس کے یہ
معنے ہیں کہ امام کی قراءۃ فقط اسی امام کے ہی واسطے ہے نہ اور کے لیے جوکہ مقتدی ہیں ہباءً
منثوراً ہوگئی کیونکہ نہی کے کیا معنے ہوئے جس سے مقتدیوں کو رد کا تھا قولاً و تقریراً اسی
خاص حدیث میں تشتہار واجب الاظہار ہر خاص اور عام کو واضح ہو کہ غایت ما فی الباب
امام بخاری اور بیہقی اور دارقطنی اور ابن حجر وغیرہم کا اعتراض حدیث جابر رضی اللہ عنہ میں
یہ ہے کہ موسے بن ابی عائشہ سے سفیان اور شریک اور شعبہ بن حجاج اور اسرائیل بن یونس اور
ابوخالد دالانی اور ابوالاحوص اور سفیان بن عیینہ اور جریر بن عبدالحمید اور ابوعوانہ اور

قیس اور زہیر اور زائدہ اور عبداللہ بن المبارک ان سب نے عن عبد اللہ بن شداد عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم روایت کیا ہے اور جابر کا واسطہ ذکر نہیں کیا لہذا یہ حدیث مرسل عبداللہ بن شداد کی قرار پائی بلکہ امام بخاری رح نے دعوی کیا ہے کہ تمام اہل عراق اور اہل حجاز اسی پر متفق ہیں ان کی جزء القراءۃ کو دیکھو اور مرسل حجت نہیں ہی انتہی یہ خلاصہ ان کے اعتراض کا ہے۔ اب میں کہتا ہوں کہ جواب اس اعتراض کا دو طور پر ہے اول وہ جو رسالہ میں مذکور ہے کہ امام موصوف منفرد نہیں کما مر تقریرہ جواب دوسرا یہ کہ بندہ نے اپنے رسالہ الدلیل المبین علے ترک القراءۃ للمقتدین میں عمدہ طور پر مفصل بیان کیا ہے کہ عبداللہ بن شداد بن الہاد خود صحابی صغیر ہے چنانچہ ابن حجر نے فتح الباری شرح صحیح البخاری میں اس کو جابجا ذکر کیا ہو اور دعوی کیا ہو هو صحابی صغیر له رؤية ولابيه صحبة اُن میں سے باب مباشرة الحائض میں اور باب اذا بكى الامام فى الصلوة میں اور باب ترك القيام للمريض میں اور ان کے سوا اور جگہ میں بناء علیہ اب تو یہ حدیث مرسل صحابی کی قرار پائی اور وہ امام بخاری وغیرہ کے نزدیک بلکہ تمام اہل حدیث بجز دو چار اشخاص کی حجت ہی اور امام نووی وغیرہ نے اس پر دعوی اجماع اہل حق کا کیا ہے دیکھو امام بخاری رح باب مناقب صحابہ میں فرماتے ہیں ومن صحب النبی صلی اللہ علیہ وسلم او راٰه من المسلمين فهو من اصحابه انتہی اور ابن حجر اس کی شرح میں فرماتے ہیں وقد وجدت ما جزم به البخاری من تعريف الصحابی فی كلام شيخه علی بن المدينی فقرأت فی المستخرج لابی القاسم بن منده رح بسنده الى احمد بن سيار الحافظ المروزی قال سمعت احمد بن عتيك يقول قال علی بن المدينی من صحب النبی صلی اللہ علیہ وسلم او راٰه ولو ساعة فهو من اصحابه وقد بسطت هذه المسئلة فيما جمعته من علوم الحديث وهذا القدر كاف فی هذا المقام انتہی اور کہا ابن حجر نے اسی جگہ میں وهذا الذی ذكره البخاری هو الراجح انتہی اور نیز فرمایا ہے والذی جزم به البخاری هو قول احمد والجمهور انتہی اور کہا امام نووی نے مقام شرح صحیح مسلم میں واما مرسل الصحابی وهو روايته

۱؎ ا، رفقہا امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے ہی جابر رض کا واسطہ بیان کیا ہے ۱۲ منہ عفی عنہ

مالم یدرکه او یحضره کقول عائشة رضی الله عنها اول ما بدئ به رسول الله صلی الله علیه وسلم
من الوحی الرؤیا الصالحة فمذهب الشافعی والجماهیر انه یحتج به قال الا ستاذ الامام ابو اسحاق
الاسفرائنی الشافعی انه لا یحتج به الا ان یقول انه لا یروی الا عن صحابی والصواب الاول انتہی
کلام النووی بلکہ ابن حجر نے فتح الباری میں اور اس کے مقدمہ میں جابجا اس کو بیان کیا ہے لہذا جبکہ عبد اللہ
بن شداد صحابی ہوا اور یہ حدیث اس کی مرسل صحابی کے باب سے ہوئی اور وہ امام بخاری اور امام احمد
اور جمہور کے نزدیک حجت ہے اب مولوی عبد الجبار صاحب اور جو ان کے ہم مشرب ہیں ان کی خدمت میں
عرض ہے کہ جو وجہ اس حدیث کے ضعف کی آپ صاحبوں نے سوچی تھی وہ آپ کو مفید نہ پڑی لہذا آپ
اس حدیث کی صحت کے قائل ہو جاویں یا کہ کوئی وجہ ضعیف ہونے کی معقول بیان فرماویں واللہ
اعلم بالصواب و هو الملہم للصواب اور وہ نہی جو اس حدیث کے شواہد میں وارد ہے وہ یوں ہے کہ
چند صحابہ کی روایت میں مروی ہے حدیث اول عمران بن حصین کی ہے فقد اخرج مسلم فی صحیحہ
وابو داؤد والنسائی والطحاوی والبخاری فی جزء القراءة وغیرهم بالفاظ متقاربة المبنی و
المعنی من طریق قتادة بن دعامة عن زرارة بن اوفی عن عمران بن حصین قال صلی بنا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلوة الظهر او العصر فقال ایکم قرأ خلفی سبح اسم ربک الاعلی
فقال رجل انا ولم ارد بها الا الخیر قال قد علمت ان بعضکم خالجنیها انتہی ما فی مسلم وغیرہ
وورد فی حدیث الدارقطنی من طریق حجاج بن ارطاة عن قتادة عن زرارة بن اوفی عن
عمران بن حصین قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یصلی بالناس و رجل یقرأ خلفه فلما فرغ
قال من ذا الذی یخالجنی سورتی فنهاهم عن القراءة خلف الامام انتہی اب دیکھو جو قصہ
ظہر یا کہ عصر کا جابر کی حدیث میں ہے وہی اس میں ہے اور جس سورة کا ذکر اس میں ہے اسی کا ذکر
اس میں ہے لہذا یہ اس کا شاہد قوی ثابت ہوا۔ اور وہ جو دارقطنی نے بعد اخراج اس حدیث کے
اس نہی صریحی کو بسبب حجاج بن ارطاة کے ضعیف قرار دیا ہے حیث قال ولم یقل
هکذا غیر حجاج بن ارطاة وخالفه اصحاب قتادة منهم شعبة وسعید وغیرهما ولم یذکروا

انہ نہٰہم عن القراءۃ خلف الامام وحجاج لایحتج بہ انتہی وکذا قال غیر الدارقطنی تو وہ غلط اور بے وجہ ہے کیونکہ حجاج ایسا نہیں ہے کہ اجماعی ضعیف یا کہ متروک ہو بلکہ قول فیصل اُس میں یہ ہے کہ حافظ ضابط فقیہ صدوق محمد بن اسحاق سے افضل یا کہ اُس کا مساوی ہے چنانچہ شعبہ کا یہی قول ہے ھو وابن اسحٰق عندی سواء اور ابو حاتم اور یحییٰ بن معین اور سفیان ثوری[1] وغیرہم اس کو ثقہ مانتے ہیں اور حق یہ ہے کہ بحث اس کی کما ینبغی مفصّل اور مطوّل بحیث لامزید علیہ میرے رسالہ الدلیل المبین علی ترک القراءۃ للمقتدین میں ہے اب خوب واضح ہو گیا کہ قصہ حدیث جابرؓ کا اور عمران بن حصینؓ کا ایک ہی ہے اور چونکہ عمران بن حصینؓ کی حدیث میں نہی صریحی وارد ہے کہ آپ نے منع کیا قراءۃ خلف امام سے تو جابرؓ کی حدیث کے معنے بدل ڈالنا تحریف نہیں ہے تو اور کیا ہے حدیث دوسری حضرت علیؓ کی ہے فقد اخرج الدارقطنی فی سننہ عن طریق محمد بن سالم عن الشعبی عن الحارث عن علی قال رجل للنبی صلی اللہ علیہ وسلم اقرأ خلف الامام قال انصت فانہ یکفیک انتہی اس حدیث میں اگرچہ ضعیف ہے مگر قرینہ نہی کے لیے کافی ہے کیونکہ قصہ سب کا ایک ہے نہ متعدد حدیث تیسری مرسل موسیٰ بن عقبہ کی ہے فقد اخرج عبد الرزاق بن ہمام فی مصنفہ اخبرنی موسیٰ بن عقبۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم وابا بکر وعمر وعثمان کانوا ینہون عن القراءۃ خلف الامام انتہی کذا نقل شیخ الاسلام العینی فی شرح البخاری وغیرہ فی غیرہ۔ اب یہ حدیث اگرچہ مرسل ہے مگر چونکہ راوی ثقہ ہیں اور دوسرا متصل طریق میں نہی ثابت ہے تو اب یہ مرسل بھی مقبول ہے کیونکہ اصول حدیث میں یوں قاعدہ مقرر ہے۔

اذا دری متصلا ومرسلا فیکون فی المسئلۃ حدیثان صحیحان انتہی کذا نقلہ الامام النووی فی شرح صحیح مسلم یہ تو امام شافعی وغیرہ کے مذہب پر ہے جو مرسل کو حجت نہیں مانتے اور جن کے نزدیک مرسل بنفسہ خود حجت مستقل ہے تو اُن کے لیے اس عذر کی حاجت نہیں حدیث پانچویں عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی ہے فقد قال الامام الذہبی فی میزان

---

[1] بلکہ سفیان ثوری نے تو یہ دعوے کیا ہے کہ روئے زمین پر اس کے برابر حافظ حدیث کا اب باقی نہیں ہے کذا قال الذہبی فی میزان الاعتدال والشیخ کمال الدین ابن الہمام فی فتح القدیر ۱۲ منہ عفی عنہ

الاعتدال فی ترجمۃ احمد بن عبد اللہ بن ربیعۃ بن عجلان عنہ عن سفیان عن مغیرہ
عن ابراھیم عن علقمۃ عن عبد اللہ مرفوعاً اذا صلی احدکم فلیصمت حتی الامام
فان قراءتہ لہ قراءۃ وصلوتہ لہ صلوۃ انتہیٰ صلوٰۃ کے معنے اس جگہ فاتحہ کے
ہیں جیسا کہ حدیث قدسی ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی میں ہے قسمت الصلوٰۃ بینی وبین عبدی
میں صلوٰۃ بمعنے فاتحہ ہے۔ لہذا فاتحہ اور غیر فاتحہ دونوں کا حکم ایک ہوا اس حدیث کی
سند میں اگرچہ احمد بن عبد اللہ بن ربیعہ راوی ہے اور اس کو ذہبی وغیرہ نے مجہول قرار
دیا ہے ضعیف مگر چونکہ قصہ سب کا ایک ہے تو یہ حدیث اور باقی متکلم فیہ سب اس طرق
صحیح سے ملکر مجموعہ سب کا مقبول ہوویگا بہر حال آپنے جو تحریف کر کے جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث
کے معنے بدل دیئے وہ چالاکی آپ کی بیکار گئی یہ سب بحث تو آپکی غلطی علم حدیث کی رو
سے تھی اور علم عربی میں آپنے یوں غلطی کی ہے کہ ضمیر لہ کی جو کہ حدیث من کان لہ امام
فقراءۃ الامام لہ قراءۃ میں وارد ہے اس کا مرجع امام کو قرار دیا اور تقریر اس کی یوں
گذاری کہ لفظ لہ کو جو ظرف ہے اس کو قراءۃ پر مقدم فرمایا اور وہ فائدہ حصر کا دیتی ہے
اور وہ اس صورت میں ہو کہ جبکہ مرجع اس کا امام قرار دیا جاوے اور نیز وہ قریب ہے
وہی مستحق ہے نہ لفظ من کا جو کہ بعید ہے انتہیٰ ملخصاً اب آپکا علم عربی سے بے بہرہ ہونا
خود معلوم کریں کیونکہ اہل عربیت کے نزدیک یہ مسئلہ مسلم ہے کہ جب جملہ خبر واقع ہو تو ضرور ہے کہ
اس میں ضمیر راجع طرف مبتدا کی ہو اور وہ عام ہے کہ مذکور ہو جیسا کہ کثیر الوقوع ہے یا کہ
محذوف جیسا کہ اس آیت میں ہے قال اللہ تعالیٰ من کان یرجوا لقاء اللہ فان اجل اللہ
لآت دراصل میں لآتیہ تھا اب اگر ضمیر لفظ لہ کا راجع طرف امام کی ہو تو لفظ من کا جو کہ مبتدا
ہے اس کی طرف کونسی ضمیر راجع ہوگی۔ اس میں تو مفتی نظام الدین صاحب آپ پیر سبقت لے گئے
اور نیز حدیث بےمعنی ہو جاویگی کیونکہ جس شخص نے قراءۃ سے منع کیا تھا اور اس کی تائید
کے لیے شارع نے یہ حکم لگایا تھا اس کو کیا تائید ہوئی اور نیز وہ لوٹ رہ سوء ہیج ہم

دبك الاعلیٰ کی میں تنازع ہوا تھا جو کہ فاتحہ کا غیر ہے آپ کی رائے میں اُس کی قراءۃ بھی
مقتدی کو کافی نہ ہوئی تو اس صورت میں ماعدا فاتحہ کا بھی مقتدی محتاج رہا اور اُس کے
آپ خود قائل نہیں کیونکہ آپ تو فقط فاتحہ کی ہی تخصیص فرماتے ہیں واللہ اعلم بالصواب
اور صفحہ ۲۴ میں حدیث من کان له امام ...... الخ پہ یوں اعتراض کیا اسحاق ازرق
کو سفیان ثوری اور شریک سے ملاقات نہیں کیونکہ سفیان کی وفات ۱۶۱ھ ہجری میں ہے اور طبقہ ساتویں
میں ہے اور اسحاق ازرق طبقہ تاسعہ سے ہے اس کی وفات ۱۹۵ھ دو سو پچانویں میں اور اُن کی
عمر ۸۰ سال کی ہے تو اس حساب سے اسحاق ازرق سفیان کی وفات کے بعد تخمیناً ۵۹ سال
ہوئی لہٰذا یہ حدیث منقطع ہوئی یہ دعویٰ کر کے مولوی عبد الجبار صاحب نے مفتی نظام الدین پر
اعتراض جمایا اور جو کچھ بے علمی کی بات کہنی تھی ظاہر کی لہٰذا ان کی لیاقت علم رجال
بھی معلوم ہوئی کہ آپ کو غلط اور صحیح کی تمیز ہرگز نہیں اور کسی محدث سے اس فن کو حاصل نہیں کیا مفتی
صاحب کی رائے درست ہے مولوی عبد الجبار صاحب نے فی الواقع محض ہٹی تقلید کی آنکھ پر رکھ لی
اب سنو کہ مولوی صاحب نے چند غلطیاں کی ہیں اول یہ کہ تقریب مطبوعہ کے کاتب نے چونکہ سہو
اور غلطی کی ہے اور لفظ من التاسعۃ کا غلطی کی جہت سے لکھ دیا ہے مولوی صاحب اسی پر
نازاں ہو کر جاہل بن گئے دیکھو صاحب خلاصہ نے اس پر نص کی ہے کہ اس کی وفات ۱۹۵ھ میں
ہے اور عبارت ان کی یہ ہے اسحٰق بن یوسف بن یعقوب بن مرداس المخزومی ابو محمد
الازرق الواسطی احد الاعلام عن شریك فاكثر[2] والاعمش والثوری وابن عون
وخلق وعنه احمد وابن معين وتميم بن المنتصر وعبيد الله بن سعيد وابن المثنى
والحسن بن الصباح وخلق قيل لاحمد اثقة هو قال اى والله وروى انه لم يرفع
بصره الى السماء نحوا من عشرين سنة مات سنة خمس وتسعين ومائة عن ثمان

---

[1] اس بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ اس حدیث جابر میں امام ابو حنیفہ رح کے تفرد کا اعتراض تھا اور جبکہ ثابت کیا گیا کہ امام کے ساتھ سفیان اور شریک بھی شامل ہیں تو مولوی عبد الجبار صاحب نے یہ جرح کی کہ اس میں اسحاق مذکور نے ان سے روایت کی ہے اور وہ ان دونوں کا معاصر نہیں اور یہ بھی ان کی ہٹ دھرمی ہے یا کہ جہالت ہے ۱۲ منہ

[2] اس لفظ کو غور کرو عن شریك فاكثر ۱۲ منہ عفی عنہ

وابسخیین سنۃ انتہیٰ کلامہ بعینہٖ اور شیخ الاسلام ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ میں مولوی
عبد الجبار صاحب کی نہایت درجہ کی تکذیب کردی ہے مگر حیا اور دانائی درکار ہے ورنہ جاہل
اور بے حیا کو کیا حرج ہے اور عبارت ذہبی کی یہ ہے اسحاق بن یوسف بن مرداس ابو محمد
القرشی الواسطی الازرق الثقۃ حدث عن الاعمش و ابن عون و فضیل بن غزوان
وعدۃ وعنہ احمد بن حنبل و ابن معین و احمد بن منیع و محمد بن المثنی و سعدان
ابن نصر و خلق سواھم وکان من الائمۃ العباد ولد سنۃ سبع عشرۃ و مائۃ ویقال
مکث عشرین سنۃ لم یرفع بصرہ الی السماء وکان اعلم الناس بشریک فانہ اکثر
عنہ[1] وقرأ القرآن علی حمزۃ مات سنۃ خمس و تسعین و مائۃ احتجوا کلھم بہ انتہیٰ کلام
الذہبی بعینہٖ اب دیکھو یہ کلام ذہبی اور صاحب خلاصہ[2] کا نص ہے کہ اسحاق ازرق شریک اور
سفیان بلکہ اعمش کا شاگرد ہے اور ان کی روایت میں معتبر ہے اور سعدین کدام جو کہ
معاصر سفیان کا ہے اس سے بھی اسحاق کو روایت ہے اور سن تولد اور وفات کا صاحب خلاصہ
اور ذہبی نے ایک ہی بیان کیا ہے اور نیز تمام صحاح ستہ والوں کا راوی ہے اور ثقہ ہے اجماعی
اس سے زیادہ وضاحت اور کیا درکار ہے اور سب سے زیادہ جہالت اور بے علمی مولوی عبد الجبار
صاحب کی یہ ہے کہ اس کی اشیاخ اور تلامذہ کو غور سے نہ دیکھا کہ کس طبقہ کے ہیں کیونکہ اگر ۲۹۵ھ
دوسو پچانویں میں فوت ہوتا تو اعمش جو طبقہ پانچویں کا ہے اور صغیر تابعی اور وفات اس کی
۱۴۸ھ میں ہے اس سے کس طرح سماعت رکھتا اور نیز اس میں کچھ شک نہیں کہ امام احمد بن حنبل رح
طبقہ عاشرہ سے ہے جیسا کہ تقریب وغیرہ میں ہے اور وفات ان کی ۲۴۱ھ ہجری میں ہے وہ
بھی اسحاق ازرق کا شاگرد ہے اب اگر دوسو پچانویں میں اسحاق کی وفات ہے تو امام

---

[1] اس عبارت نے تو مولوی عبد الجبار صاحب کے دانت توڑ دیے ۱۲ منہ
[2] صاحب خلاصہ نے اسحاق کی شاگردی سفیان اور شریک سے ثابت کردی اور ذہبی نے احمد بن منیع
کا شیخ مقرر کیا ہے اب تو مولوی عبد الجبار صاحب کا ذہب یا کہ جاہل فن علم رجال سے ثابت ہوئے
یا کہ نہ ۱۲ منہ عفی عنہ

احمد بن حنبل کی بہ نسبت اسحاق ازرق بہت متاخر ہونا چاہیے۔ طبقہ گیارہویں سے یا کہ
اس سے بھی بعد میں سے لہٰذا طبقہ تاسعہ میں اس کو شمار کرنا محض غلط ہوا اور یحیی بن معین
جو طبقہ گیارہویں میں ہے وہ بھی اُس کا شاگرد ہے اُس کی وفات ۲۳۳ھ میں ہے علیٰ ہٰذا
القیاس بہت سے مفاسد واقع ہوں گے بہرحال ثابت ہوا کہ مولوی عبد الجبار صاحب کی تمیز غلط
اور صحیح کی ہرگز نہیں اسی طرح شریک بن عبد اللہ کی نسبت بحث ہے کہ اُس سے ہی سماعت صحیح
ہے بلکہ ذہبی نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ اسحاق مذکور شریک کی حدیث میں اعلم الناس ہے بلکہ شریک
کی وفات سفیان کے بعد ہے قَالَ صَاحِبُ الخُلَاصَۃ مات سنۃ سبع وسبعین ومائۃ
انتہیٰ بہرحال اسحاق ازرق کا سماع سفیان اور شریک سے صحیح اور ثابت ہے وھو المطلوب
اور صفحہ ۳۴ میں فرماتے ہیں ونیز شریک کی نسبت تقریب میں لکھا ہے الخ میں کہتا ہوں جواب اس کا
یہ ہے کہ اس جگہ پر دوسرے طرق سے اس کی تائید ہے کیونکہ امام ابوحنیفہ اور سفیان ثوری اور
حسن بن عمارہ یہ تینوں اُس کے ساتھ ہیں اور میں کہتا ہوں کہ اس جگہ پر بھی مولوی عبد الجبار
صاحب نے اپنی جہالت علم رجال سے ظاہر کی ہے کیونکہ شیخ الاسلام ذہبی نے نص کی ہے کہ
شریک کی حدیث میں اسحاق ازرق اعلم الناس ہے یعنے اس کو تمیز ہے حدیث مخلوط اور غیر مخلوط
کی اب اگر شریک کی حدیث بسبب خلط حفظ کے مجروح ہو تو وہ ہے جس کو اسحاق ازرق کا غیر
کرے اب یہ حدیث تو اُس کی خواہ مخواہ صحیح ہوئی لہٰذا شیخ ابن ہمام وغیرہ نے اس کی صحت پر نص
کی ہے قولہ اگر یہ خیال کیا جاوے کہ اسماء رجال میں الخ سبحان اللہ حدیث عبادہ رضہ کو اس حدیث
کا مخصص قرار دینا عجیب بات ہے جواب اس کا چند وجہ سے ہے اول یہ کہ حدیث عبادہ کی خود ضعیف
ہے چنانچہ آگے آوے گی بحث اُس کی انشاء اللہ تعالیٰ۔ وجہ دوسری یہ کہ حدیث عبادہ کا واقعہ
صلوٰۃ جہریہ یعنی صلوٰۃ فجر ہے اور اس حدیث کا واقع صلوٰۃ الظہر یا کہ عصر ہے فاین ھذا من ذاک

سلہ اس سے غرض جرح کرنی شریک کا ہے از روے حفظ اور ضبط کے ۱۲ منہ عفی عنہ سلہ تذکرۃ الحفاظ کو مطالعہ کرد ۱۲ منہ
سلہ اس بحث سے غرض مولوی عبد الجبار صاحب کی یہ ہے اگر بالفرض مان لیں اسحاق کو سفیان و شریک سے
روایۃ ہے اور حدیث صحیح ہو تو اس کی تخصیص حدیث عبادہ رضہ کے ساتھ کی جاوے گی ۱۲ منہ عفی عنہ

وجہ تیسری یہ کہ جب تک کسی قرینہ سے تقدم تاخر ثابت نہو تو کسطرح تخصیص کا دعویٰ ہو سکتا ہے۔
قول۔ دوسرا طریق جو آپنے جریر سے نقل کیا ہے وہ مرسل ہے الخ جواب اُس کا یہ ہے کہ کچھ مضر
ہنیں کیونکہ اتصال بھی اُس میں موجود ہے کما دواہ ھو وغیرہ قول۔ اور تیسرا طریق جو آپنے
بیان کیا ہے اُس میں حسن راوی کو حسن بن صالح قرار دیا ہے الخ سبحان اللہ واہ جی مولوی صاحب۔
آپکی علمیت اور واہ آپکی ذہانت اگر آپکو علم نہ تھا تو بندۂ خدا کسی دوسرے سے سبق لے لینا تھا۔
واضح ہو کہ اس حدیث کی دو طریق ہیں ایک وہ جو کہ حسن بن صالح نے خود ابو الزبیر سے روایت کیا
اور دوسرا وہ جو کہ حسن بن صالح نے لیث بن ابی سلیم اور جابر جعفی کے وسطہ سے بیان کیا ہے ابو الزبیر
سے اور دونوں سندوں میں صاف طور پر حسن بن صالح کے نام پر نص کی ہے اما الاول فقد اخرج ابن ابی
شیبۃ حدثنا مالک بن اسمٰعیل عن الحسن بن صالح عن ابی الزبیر عن جابر مرفوعاً من کان
لہ امام الخ واخرج عبد بن حمید حدثنا ابو نعیم عن الحسن بن صالح عن ابی الزبیر[م] مرفوعاً
عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم مثلہ واخرج ابن ماجۃ وغیرہ مثل ذلک واما الثانی فقد اخرج
الطحاوی حدثنا ابو امیۃ قال حدثنا اسحاق بن منصور السلولی قال حدثنا الحسن صالح عن
جابر ولیث عن ابی الزبیر عن جابر مرفوعاً مثلہ واخرج الدار قطنی فی سننہ من طریق
اسحٰق بن منصور ویحیٰی بن بکیر عن الحسن بن صالح عن لیث بن ابی سلیم وجابر عن ابی الزبیر
عن جابر مرفوعاً مثلہ واخرج ابن ماجۃ وغیرہ مثل ذلک اب ان دونوں طریق کو خیال
کرو کہ حسن بن صالح کے نام کی نص ہے یا کہ حسن بن عمارہ اور حسن بن ابی جعفر جفری ہیں مولوی صاحب
آپ کو علم رجال سے کچھ علاقہ نہیں آپ کو لازم ہے کہ علم حدیث کو ایسے باتوں کے ساتھ مکدر
نہ کریں اس فن کے اور لوگ ہیں نہ آپ جیسے قول۔ اور چوتھا طریق جو امام ابو حنیفہ
رحمہ سے بیان کیا ہے اس کی بہ نسبت یہ گذارش ہے الخ سبحان اللہ وبحمدہ مولوی عبد الجبار کا
اصلی مطلب جو تھا اور بغرض فاسد اور بددیانتی امام اعظم رح کے ساتھ کینہ اور عناد تھا اب اس
وقت ظاہر ہوا اور مولوی صاحب مذکور کی جہالت کا بازار رونق افروز ہوا مسلمانو تم لوگ انصاف کرو

[م] عن جابر مرفوعاً مثلہ واخرج الامام احمد فی مسندہ حدثنا اسود بن عامر اخبرنا الحسن بن صالح عن ابی الزبیر عن جابر

اور حق کی داد دو کہ مولوی عبد الجبار صاحب فی الواقع علم دین سے جاہل ہیں یا کہ نہ ادر جرح تعدیل کے علم سے بے بہرہ اور ناواقف ہیں یا کہ نہ تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ راوی کا ثقہ ہونا دو طور پر ہے یعنے دو قسم کے اسباب اُس میں ضرور چاہیے ایک باعتبار عدالت کے دوسرا باعتبار حفظ و ضبط کے[۴] اور امام موصوف کا دونو طور پر اہل حدیث نے ثقہ ہونا بیان کیا ہے عدالت کے رو سے تو خود مولوی عبد الجبار صاحب مان چکے ہیں کہ زہد اور تقوی اور دیانت اور یاد خدا اور ورع اور عبادت سب میں سب پر سبقت لے گئے تھے مگر چونکہ مولوی عبد الجبار صاحب کی بات کا کچھ چنداں اعتبار نہیں شاید سخن کر کے انکار کر جائیں کیونکہ دانا لوگ کہہ چکے ہیں ؎

چشم بد اندیش کہ بر کندہ باد ؛ عیب نماید ہنرش در نظر ؛

لہذا عبارت ایک دو کتابوں کی اس باب میں نقل کرنا ضرور ہے کہا صاحب خلاصہ نے تذہیب تہذیب الکمال میں نعمان بن ثابت الفارسی ابو حنیفۃ امام العراق و فقیہ الامۃ عن عطاء ونافع والاعرج وطائفۃ وعنہ ابنہ حماد وزفر وابو یوسف ومحمد وجماعۃ وثقہ ابن معین وقال ابن المبارک مارأیت فی الفقہ مثل ابی حنیفۃ وقال مکی ابو حنیفۃ اعلم اہل زمانہ وقال القطان لا نکذب علی اللہ ما سمعنا احسن من رای ابی حنیفۃ وقال ابن المبارک ما رأیت اورع منہ مات سنۃ خمسین ومائۃ انتہی اور کہا شیخ الاسلام ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ میں کان اماما ورعا عالما عاملا متعبدا کبیر الشان لا یقبل جوائز السلطان بل یتجر ویتکسب قال ابن المبارک ابو حنیفۃ افقہ الناس وقال الشافعی الناس فی الفقہ عیال علی ابی حنیفۃ وروی احمد بن محمد بن القاسم عن یحیی بن معین قال لا باس بہ[۵] وقال ابو داؤد ان ابا حنیفۃ کان اماما انتہی مختصرا ملخصا وقال فی اٰخر کلامہ قلت ومناقب ہذا الامام قد افردتہا فی جزء انتہی اور صاحب خلاصہ اور ذہبی نے جرح امام کی ایک بھی نقل نہیں کی ہے اور ابن حجر مکی نے خیرات الحسان فی مناقب النعمان میں امام اُن کی فضیلت چند بابوں میں رقم فرمائی

۴ اور موصوف میں دونوں قسم کی یعنی ایک باعتبار عدالت کے اور دوسری باعتبار حفظ اور ضبط کے

---

[۴] یہ عبارت نص ہے اس پر کہ امام صاحب اہل فارس سے ہیں نہ کہ جس طرح کسی مخالف نے زعم کیا ہے ۱۲ منہ [۵] یحیی بن معین کی اصطلاح ہے کہ لفظ لا باس بہ کو بمعنے ثقہ کے لیا کرتے ہیں کما حققہ الفاضل اللکھنوی فی رسالۃ الرفع والتکمیل ۱۲ منہ

ہے اور کچھ بہی جرح کی طرف میلان نہیں کیا بلکہ اُس نے بات ختم کر دی ہو کہ امام موصوف میں جرح کا
نام تک نہیں ہے اور عبارت اُن کی یہہ قال ابن عبد البر الذین رووا عن ابی حنیفة ووثقوه
واثنوا علیه اکثر من الذین تکلموا فیه والذین تکلموا فیه من اهل الحدیث اکثر ما عابوا علیه
الاغراق فی الرای والقیاس ای وقد مر انه لیس بعیب قال الامام علی بن المدینی انه ثقة
لا باس به وکان شعبة حسن الرای فیه انتہیٰ مختصرًا ملخصًا اور بہر اُس کے اخیر میں یوں
فیصلہ کیا ہے فلا یلتفت الی کلام الثوری فی ابی حنیفة وابن ابی ذئب وغیرہ فی مالک
وابن معین فی الشافعی والنسائی فی احمد بن صالح ونحوہ ولو اطلقنا تقدیم الجرح لما سلم
لنا احد من الائمة اذ ما من امام الا وقد طعن فیه طاعنون وهلك فیه هالكون[۱] انتہیٰ
کلامہ مختصرًا ملخصًا۔ اور امام نووی نے تہذیب الاسماء میں امام کی صفت بدرجۂ اتم کی ہو
اور جرح کا ایک حرف نہیں نکالا اور علامہ شیخ ابن طاہر نے مغنی اور مجمع البحار میں امام کی خارج
از حد توصیف فرمائی ہے بلکہ اُس نے تو بات ختم کر دی ہے کہ جو کچھ کسی مُحدّث نے اُن کے حق
میں جرح کی ہے وہ بسبب حسد اور عداوت مذہبی کے ہو اور یوں دعویٰ کیا ہو کہ ہم کو اُن لوگوں
کے حسد عداوت کی وجہ بھی معلوم ہے مگر اُس کا ذکر مناسب نہیں اور یہ کلام علامہ طاہر کا صحیح ہے
دیکھو جلال الدین سیوطی تبییض الصحیفہ میں فرماتے ہیں روی الخطیب عن بشر بن الحارث
قال ابن ابی داؤد لا یتکلم فی ابی حنیفة الا رجلان اما حاسد لعلمه واما جاهل بالعلم
لا یعرف قدر حملته الخ آہ رہی یہ بات کہ توثیق امام کی روایت حدیث میں جس کا مولوی
عبد الجبار صاحب کو انکار ہے تو اُس کا حال سنو کہ علی بن مدینی جو کہ اعلیٰ درجہ کا محدّث اور
شیخ بخاری رح کا ہے اور یحیی بن معین جو کہ جرح میں تشدد رکھتا ہے ان دونوں نے ثقہ لفظ کا
بیان کیا ہے کما مر بلکہ یحیی بن معین نے تو بات ختم کر دی ہے حیث قال کان
ابو حنیفة یحدث بما یحفظ ولا یحدث بما لا یحفظ انتہیٰ کذا نقله بعض فاضل عصرنا

[۱] دیکھیے مولوی عبد الجبار صاحب ان ائمہ کی طرف سے کیا جواب رکھتے ہیں فما هو جوابه فهو جوابنا ۱۲ منه
[۲] قلت ومثل المولوی عبد الجبار منهم اعاذنا الله منه بمنه وکرمه امین ۱۲ منه عفی عنه

علی حاشیۃ الفیۃ العراقی اور ابن حجر مکی نے ابن عبد البر سے اور صاحب مشکوٰۃ نے[۱] دعوٰی کیا ہے کہ امام میں جرح کا نام تک نہیں۔ اور اخیر میں صاحب مشکوٰۃ نے یوں فیصلہ فرمایا ہے ولو ذھبنا الی شرح مناقبہ وفضائلہ لاطلنا الخطب ولم نصل الی الغرض فانہ کان عالماً عاملاً ورعاً زاھداً عابداً اماما فی علوم الشریعۃ مرضیاً والغرض بایراد ذکرہ فی ھذا الکتاب وان لم نرو عنہ حدیثاً للتبرک بہ لعلو مرتبتہ ووفور علمہ انتھی اور علامہ تاج الدین سبکی نے بھی دعوٰی کیا ہے کہ امام اور سفیان[۲] کے باہم جرح مؤثر نہیں کذا نقلہ الفاضل اللکھنوی فی مقدمتہ لشرح المؤطا اور واضح ہو کہ اس عاجز نے[۳] امام موصوف اور دونو صاحبین آپ کے یعنی امام ابو یوسف رح اور امام محمد رح تینوں کے مناقب میں ایک رسالہ لکھا ہے۔ اور نام اُس کا تنویر الحاسنہ فی مناقب الائمۃ الثلاثۃ رکھا ہے۔ ان صاحبوں کے مناقب اوس میں بالبسط مذکور ہیں حاصل یہ کہ امام موصوف میں جرح کسی قسم کی مسلم نہیں ہے۔ بلکہ من کل الوجوہ ثقہ ضابط ہیں اور عادل متقی زاہد سخی ہیں۔ اِس مقام پر مولوی عبد الجبار صاحب کی ایک اور جہالت اور بے علمی کو خیال کرنا چاہیے۔ اور وہ یہ ہے کہ امام موصوف کی جرح میزان الاعتدال ذہبی سے نقل کی ہے۔ اور صاحب میزان کی اصطلاح اور غرض سے جاہل ہیں۔ اب سنو کہ ذہبی نے خود خطبہ کتاب میں یہ دعوے کیا ہے کہ میں اس کتاب میں امام متبوع فی الفروع اور اجماعی ثقہ کو ذکر نہ کرونگا۔ اور اُس کی تمثیل میں امام موصوف اور امام بخاری اور امام شافعی تینوں کا نام رقم فرمایا ہے۔ اس کے بعد یوں فرمایا کہ اگر کسی امام متبوع فی الفروع کو ذکر کرونگا تو اُس کو وہ جرح کچھ مضر نہ ہوگی انتہی مختصراً لہٰذا اگر امام مجروح ہے سفیان کی جرح سے تو امام شافعی اور بخاری بھی مجروح ہونگے بلکہ امام مالک کیونکہ اُن میں بھی کسی نہ کسی نے کلام کیا ہے جیسا کہ ابن حجر مکی کا کلام گذر چکا۔ اب سنو اوّل تو ذہبی نے امام موصوف کو خود اپنی کتاب میں ذکر نہیں کیا بحسب اصطلاح اپنی کے البتہ کسی نے اُن کے بعد حاشیہ میزان الاعتدال پر امام کا ترجمہ لگا دیا ہے۔ جس سے صاف ثابت ہے کہ یہ ذہبی

---

[۱] یعنی اپنی کتاب اسماء رجال مشکوٰۃ میں ۱۲ منہ عفی عنہ [۲] مولوی عبد الجبار نے بھی سفیان سے جرح امام رح کی نقل کی ہے جسکا تاج الدین سبکی نے تدارک کیا ہے اور نیز سفیان ثوری نے امام کی صفت کی ہے۔ تفصیل اُس کی میرے رسالہ میں ہے اور وہ چھپ چکا ہے۔ بعونہ تعالےٰ ۱۲ منہ عفی عنہ
[۳] اور شیخ جلال الدین سیوطی رح نے تبییض الصحیفہ میں خارج از حد وصف فرمائی ہے ۱۲ منہ عفی عنہ

پر تہمت ہے۔ لہٰذا ذہبی کی رائے پر امام صاحب اجماعی ثقہ ہوئے دوسرا یہ کہ ذہبی کی رائے پر امام
موصوف پر جرح مقبول نہ ہوگی اور عبارت اُس کی یہ ہے وکذا لا اذکر فی کتابی من الائمۃ
المتبوعین فی الفروع احداً لجلالتہم فی الاسلام وعظمتہم فی النفوس مثل ابی حنیفۃ
والشافعی والبخاری فان ذکرت احداً منہم فاذکرہ علی الانصاف وما یضرہ ذلک عند اللہ
ولا عند الناس انتہٰی میں کہتا ہوں اگر ذہبی کی رائے موجب سفیان ثوری کو کسی قدر مجروح[۱] مانا جاوے
تو بجا ہے۔ کیونکہ ذہبی نے اُس کا ذکر تو اس کتاب میں کیا ہے گو ہم جانتے ہیں کہ یہ کچھ اُن کی جلالت
شان میں فرق نہیں کرتا مگر بحسب قاعدہ ذہبی کے نسبت امام کی سفیان مجروح ہوا اور حق یہ ہے کہ نہ سفیان
مجروح اور نہ امام اعظم واللہ اعلم بالصواب اور صفحہ ۴۴ میں فرماتے ہیں قولہ اسی واسطے
امام محمدؒ نے امام شافعیؒ کے روبرو اقرار کیا کہ امام مالکؒ علم کتاب اور سُنّت میں امام اعظمؒ سے افضل ہیں الخ
جناب من امام مالکؒ میں بھی ابن ابی ذئب وغیرہ نے کلام کیا ہے۔ اور اسی طرح امام شافعی میں
ابن معین وغیرہ نے جرح کی ہے چنانچہ ابن حجر مکی وغیرہ کی عبارت گذر چکی ہے فما ہو جوابکم فہو جوابنا
اور صفحہ ۴۹ میں فرماتے ہیں۔ اس حدیث[۲] میں ابو خالد احمر ہے الخ میں کہتا ہوں کہ مولوی عبد الجبار
صاحب سرقہ بازی میں بڑے چالاک ہیں۔ کیونکہ ابو خالد احمر کی جرح کے الفاظ کا ذکر میزان الاعتدال
ذہبی سے پکڑ لیا اور اُس کے فیصلہ کو نہ دیکھا نہ اوّل سے اور نہ آخر سے کیونکہ ابتداء عبارت ذہبی کا
یہ ہے۔ سلیمان بن حیان ابو خالد الاحمر کوفی صاحب حدیث وحفظ الخ اور اخیر میں قول
فیصل یوں فرمایا ہے قلت الرجل من رجال الکتب الستۃ وھو مکثر فیھم کغیرہ انتہٰی اب دیکھو
کہ صاحب حفظ وحدیث کی زیادتی مقبول ہے یا کہ نہ اور جو شخص راوی تمام صحاح ستہ کا اور ان
سب کا شیخ ہوا اور ہو بھی کثیر الحدیث اب بتاؤ وہ کیسا معتبر ہوگا ورنہ صحاح ستہ کا اعتبار مع بخاری
مسلم کے نہ رہا۔ اور نیز مولوی عبد الجبار صاحب کی آنکھ پر پٹی پڑ گئی اور اُس کی عدالت اور توثیق

[۱] کیونکہ ذہبی کی اصطلاح میزان میں یہ ہے کہ متکلم فیہ راوی کو اُس میں ذکر کریگا نہ اجماعی ثقہ کو ۱۲ منہ عفی عنہ [۲] اس بحث کا یہ خلاصہ ہے کہ مولوی نظام الدین صاحب۔ واسطے تایید حدیث من کان لہ امام الخ حدیث ابو ہریرہ رضہ کی شاہد لائے اور وہ یہ ہے اذا کبر الامام فکبروا واذا قرأ فانصتوا الخ اسپر مولوی عبد الجبار صاحب نے اعتراض ضعف کا کیا کہ ابو خالد راوی ضعیف ہو اسکا جواب مذکور ہوتا ہے ۱۲ منہ عفی عنہ

سے بند ہوگئی۔ دیکھو ابن حجر تہذیب التہذیب میں فرماتے ہیں قال اسحاق بن راہویہ سالت وکیعا
من ابی خالد فقال وابو خالد یسال عنہ وقال ابن ابی مریم عن ابن معین انہ ثقة وکذا
قال علی بن المدینی وقال النسائی والدارمی عن ابن معین لیس بہ باس وقال ابن سعد ثقة کثیر
الحدیث وذکرہ ابن حبان فے الثقات وقال العجلی ثقة ثبت انتھے ملخصا اب مولوی عبدالجبار صاحب
کی قلعی خوب کھل گئی۔ علاوہ یہ کہ ابو خالد منفرد نہیں۔ بلکہ اُس کے ساتھ محمد بن سعد انصاری ہے
چنانچہ نسائی اور دارقطنی کی روایت میں ہے اور ابو سعد اور محمد بن میسر بھی اُس کے ساتھ ہیں
مگر یہ دونو مجروح ہیں۔ کما ہو عند الدارقطنی وغیرہ اور نیز خود امام مسلم رحمہ نے اُس کی صحت پر نص
کی ہے اپنی صحیح مسلم میں قولہ دوسرا راوی اُس کا محمد بن عجلان ہے الخ میں کہتا ہوں کہ اب
اور جہالت[1] مولوی عبدالجبار صاحب کی معلوم ہوئی۔ کیونکہ روائیت ابو ہریرہ رضہ میں جو اُس کو
غلط ہیں تو وہ مطلق نہیں بلکہ جو حدیث سعید مقبری کے طریق سے ہے اُس میں غلط ہے۔
جیسا کہ ترمذی نے کتاب العلل میں اُس کی تفصیل کی ہے۔ ورنہ اُس کا حفظ اور ضبط تو نہایت
درجہ کا ہے چنانچہ علما نے اُس کا امتحان کیا۔ اور وہ برابر اترا۔ اور تفصیل اُس کی میزان الاعتدال
میں ہے۔ اور نیز اِس حدیث ابو ہریرہ رضہ کی مؤید اور شاہد حدیث ابو موسیٰ اشعری رضہ کی ہے جسکو
مسلم اور ابو داؤد اور ابن ماجہ دارقطنی وغیرہم نے روایت کیا ہے یعنی انما جعل الامام لیوتم
بہ فاذا کبر فکبروا واذا قرأ فانصتوا واذا قال غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ فقولوا امین
الحدیث بطولہ اور خود مسلم نے اُس کی صحت پر نص کی ہے بلکہ میں کہتا ہوں کہ حدیث ابو موسے
اشعری اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی دونوں کو اہل حدیث نے صحیح مانا ہے۔ اُن کی عبارات کو کان لگا
کر سنو صحیح مسلم میں ہے بعد بیان کرنے حدیث ابو موسیٰ کے جس میں راوی سلیمان تیمی ہے۔ قال ابو اسحاق
قال ابوبکر بن اخت ابی النضر فے ہذا الحدیث فقال مسلم ترید احفظ من سلیمان فقال لہ

[1] اس بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ مولوی عبدالجبار صاحب نے یہ اعتراض کیا تھا کہ ابو ہریرہ رضہ کی روایت میں ابو خالد کا شیخ محمد بن عجلان ہے اور ابن حجر نے کہا ہے کہ اسکو ابو ہریرہ کی حدیث خلط ہو اور یہ بھی ابو ہریرہ کی حدیث ہے تو یہ بھی خلط سے خالی نہ ہوئی اب اِسکا جواب آگے آتا ہے ۱۲ عفی عنہ منہ

ابوبکر فحدیث ابی ہریرۃ قال ہو صحیح یعنی واذا قرأ فانصتوا انتہے مختصرا وقال ابن عبد اللہ
فی الاستذکار فی اجماع اہل العلم علی ان قولہ تعالٰی وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَہٗ
وَاَنْصِتُوْا لم یرد کل موضع وانما اراد الصلوۃ اوضح دلیل علی ان لا یقرأ مع الامام فیما یجہر
ویشہد لہذا قول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واذا قرأ فانصتوا وقد ذکرنا ہ بالاسانید
والطرق فی التمہید من حدیث ابی موسیٰ وابی ہریرۃ وقد صحح ہذہ اللفظۃ احمد
ابن حنبل قال ابوبکر الاثرم قلت لاحمد من یقول من وجہ صحیح عن النبی صلی اللہ علیہ
وسلم واذا قرأ فانصتوا قال حدیث ابن عجلان الذی یرویہ ابو خالد الاحمر والحدیث
الذی رواہ جریر عن التیمی وزعموا ان المعتمر ایضا رواہ قلت نعم قال احمد فای شیٔ
ترید فقد صحح احمد ہذین الحدیثین انتہے اور حافظ عبد العظیم منذری نے شرح ابوداؤد
میں عمدہ طور پر اس کی صحت فرمائی ہے۔ علاوہ ازاں اور ائمہ حدیث نے ان دونوں حدیثوں کو
صحیح مانا ہے چنانچہ امام ابن خزیمہ اور ابن حجر اور عینی شارح ہدایہ اور شیخ ابن الہمام وغیرہم اور فی
الواقع بھی ان دونوں حدیثوں میں کوئی جرح نہیں نہ از روئے ضعف رواۃ کے نہ از روئے شذوذ
ونکارت کے اور عمدہ طور پر مفصل طرح سے بحث اس کی میرے رسالہ الدلیل المبین میں ہے۔
جس پر زیادتی متصور نہیں واللہ اعلم بالصواب قولہ انصات کے معنی آہستہ پڑھنے کے ہیں الخ
سبحان اللہ مولوی عبد الجبار صاحب کا علم لغات میں دیکھو کہ سراسر غلط ہے۔ کیونکہ لفظ سکوت
کے معنی بیان کر کے لفظ انصات کو اُسی پر قیاس کیا ہے۔ اور حال یہ کہ دونوں میں بون بعید ہے
کیونکہ سکوت عام ہے اِس سے کہ آہستہ پڑھے یا کہ ہرگز نہ پڑھے یعنی عدم التکلم اور عدم الجہر
دونوں میں مستعمل ہوتا ہے اور انصات کے معنی فقط عدم تکلم کے ہیں۔ دیکھو صراح جلد اول
میں ہے نصت انصات خاموش بودن وگوش داشتن یقال الصتوہ والصتوالہ انتہے لہٰذا آیت
وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَہٗ وَاَنْصِتُوْا اور حدیث واذا قرأ فانصتوا سب کا مطلب ایک ہوا یعنی عدم
التکلم لہٰذا حدیث من کان لہ امام فقراءۃ الامام لہ قراءۃ کی تائید عمدہ طور پر ہوئی واللہ اعلم

بالصواب۔ اور صفحہ ۵۰ میں مولوی عبدالجبار نے حدیث عبادۃ بن صامت کی صحت کا دعویٰ
یوں کیا کہ اُس کا راوی محمد بن اسحاق ثقہ ہے اور اُس کی حدیث میں کوجرح نہیں لہذا صحیح ہوئی
تا صفحہ ۵۱ تک اس پر زور مارا۔ اب ناظرین خیال کریں اور مولوی عبدالجبار صاحب کی ملمع سازی اور
جعل سازی کو سوچیں کہ کس قدر ہے۔ واضح ہو کہ یہ حدیث عبادۃ رض کی جو مثبت فاتحہ کی اعلیٰ سے
اعلیٰ دلیل ہے۔ کسی طرح صحیح نہیں ہو سکتی۔ اور تقریر اُس کی چند طور پر ہے۔ اوّل یہ کہ اُس کا
راوی محمد بن اسحاق صاحب مغازی اُس کے ثقہ اور ضعیف ہونے میں اہل علم کو بحث طویل ہے
لہذا بحسب قاعدہ الجرح مقدم علے التعدیل کے ضعیف ہونا غالب ہوا وجہ دوسری یہ کہ
قول فیصل محمد بن اسحاق میں یہ ہے جو کہ ذہبی وغیرہ نے کیا ہے اور وہ یہ ہے فالذی یظھرلے
ان محمد بن اسحاق حسن الحدیث صالح الحال صدوق وما انفرد بہ ففیہ نکارۃ لان فے
حفظہ شیئا انتھے اور کہا حافظ ابن حجر عسقلانی نے تخریج احادیث الھدایہ میں کتاب الحج میں۔
وابن اسحاق لا یحتج بما ینفرد بہ من الاحکام فضلاً عما اذا خالفہ من ھو اثبت منہ انتھے
اور کہا امام طحاوی رح نے معانی الاثار کے باب مس الذکر میں بیچ جواب مخالف کے وانت
لا تجعل محمد بن اسحاق حجۃ فے شیئ اذا خالفہ فیہ مثل من خالف فے ھذا الحدیث
ولا اذا انفرد انتھے اور کہا ذہبی نے کتاب العلو میں وابن اسحاق حجۃ فے المغازی اذا
اسند ولہ مناکیر وعجائب انتھے اور کہا شیخ ابن جوزی نے اپنے موضوعات میں اما ابن
اسحاق فمجروح شھد بکذبہ مالک وسلیمان التیمے ووھیب وھشام بن عروۃ ویحیے
ابن سعید وقال ابن المدینی روی عن المجھولین احادیث باطلۃ انتھے کذا نقلہ الزیلعی
فے تخریج احادیث الھدایۃ بہر حال جبکہ منفرد ہو یا کسی ثقہ کو مخالف ہو تب حجت نہیں
ہے۔ یہ[۱] خلاصہ ہے تمام بحث اہل حدیث کا جو کہ اُس کے جارح نہیں یا کہ موثق ہیں اسکے

---

[۱] اب اگر کوئی شخص محمد بن اسحاق کی توثیق اور اُس کی عدالت کے اقوال ہمارے روبرو پیش کرے تو وہ کچھ
اُس کو مفید نہیں اور ہم کو مضر نہیں ۱۲ منہ عفے عنہ

علاوہ سب بحث لاحاصل ہے۔ اور تفصیل میرے رسالہ الدلیل المبین علیٰ ترک القراۃ للمقتدین میں ہے۔ اب بعد تمہید اس کلام کے یہ بندہ عرض گزار ہے کہ حدیث عبادہ بن صامتؓ کا مدار مکحول پر ہے اور وہ مدلس ہے نص کی اس پر شیخ الاسلام ذہبی نے میزان الاعتدال و تذکرۃ الحفاظ میں۔ اور کسی طریق میں اپنا سماع محمود بن ربیع سے ذکر نہیں کیا۔ لہذا تدلیس اُس کی رفع نہ ہوئی۔ اور محمدؒ بن اسحاق بھی چونکہ مدلس ہے۔ اُس نے اگرچہ اپنی سماعت مکحول سے بیان کر کے اپنے[1] آپ کو تدلیس کے عیب سے بری کیا۔ مگر شیخ الشیخ سے تدلیس دفع نہ کی۔ اور نیز اس حدیث میں سخت تدلیس وارد ہے۔ اور تفصیل اس کی یوں ہے کہ مکحول کے شاگرد اس حدیث کو روایت کرنے والے چھ۶ شخص ہیں۔ عبدالرحمٰن بن یزید بن جابر اور سعید بن عبدالعزیز اور عبداللہ بن العلاء یہ تینوں ابوداؤد نے ذکر کیے ہیں۔ اور محمد ابن ولید زبیدی اس کو دارقطنی نے ذکر کیا ہے۔ یہ چار شاگرد مکحول کے یوں روایت کرتے ہیں مکحول عن عبادہؓ اور بیچ میں کوئی واسطہ ذکر نہیں کرتے۔ اور ظاہر ہے کہ مکحول کو عبادہ بن صامتؓ سے روایت اور سماعت نہیں۔ بلکہ علیٰ سبیل ارسال کرتا ہے۔ نص علیٰ ذلک الذہبی وغیرہ اور پانچواں شاگرد اُس کا زید بن واقد امام ملک شام کا ہے اُس نے یوں روایت کی ہے مکحول عن نافع بن محمود عن عبادۃ کما ھو عند ابی داؤد والنسائی والدارقطنی وغیرھم اور ظاہر ہے کہ نافع مستور الحال ہے۔ کما فے التقریب اور یا کہ مجہول ہے کما صرح بذالک ابن عبدالبر فے التمہید لہذا ان دو طریق سے یہ حدیث مجروح ہوئی۔ اسی واسطے ابن عبدالبرؒ نے اس حدیث کو ضعیف کہا ہے۔ اور چھٹا شاگرد اُس کا یعنی مکحول کا محمد بن اسحاق ہے۔ کما ھو عند الترمذی وابی داؤد والدارقطنی وغیرھم البتہ اُس نے مکحول کا شیخ محمود بن ربیع صحابی ذکر کیا ہے جس پر ہمارے مخالف کو غرور اور زور ہے۔ اور اسی روایت پر نازاں ہو کر فخر کرتا ہے۔ اب واضح ہو کہ یہ طریق بھی مجروح اور ضعیف ہے۔ کیونکہ اس میں محمد بن اسحاق کے

[1] چنانچہ دارقطنی وغیرہ میں ہے منہ عفی عنہ

پانچ شاگرد مکحول کی مخالفت کی ہے چنانچہ مذکور ہوا پس شاذ یا کہ منکر ہوئی اور ہم سابق میں ذکر کر چکے ہیں کہ محمد بن اسحاق کا درجہ یہ ہے کہ جب کسی ثقہ پر زیادتی کرے یا کہ مخالفت تو وہ حدیث اُس کی حجت نہیں ہوتی۔ اور اس جگہ پر اُس نے پانچ راویوں کی مخالفت کی ہے کہ عن مکحول عن محمود بن الربیع عن عبادۃ سند مقرر کی ہے۔ باقی سب نے یا تو مکحول عن عبادۃ کہا ہے۔ اور یا کہ مکحول عن نافع بن محمود عن عبادۃ ذکر کیا ہے۔ لہٰذا یہ دونوں طریق بسبب ارسال یا کہ بسبب ستارت وجہالت نافع کے ضعیف ہوئے۔ اور یہ طریق ثالث بھی مجروح ہوا بسبب تفرد محمد بن اسحاق کے ساتھ ذکر کرنے محمود بن ربیع کے پس شاذ اور منکر ہوا۔ اور نیز محمد ابن اسحاق نے بھی خود مکحول سے اس حدیث کو نافع بن محمود سے روایت کیا ہے۔ چنانچہ وہ مذکور ہے دارقطنی اور حاکم وغیرہما کے نزدیک بنا علیہ محمد بن اسحاق بھی زید بن واقد کے موافق ہوا نافع کے ذکر کرنے میں پس معلوم ہوا کہ صحیح طور پر سند اس حدیث کی یا تو یوں ہے مکحول عن نافع عن عبادۃ اور یا کہ یوں ہے مکحول عبادۃ نہ اس طور پر یعنی مکحول عن محمود بن ربیع عن عبادۃ کیونکہ وہ نہایت شاذ یا کہ منکر ہے۔ یہ خلاصہ حدیث عبادۃ کا ہے اور تفصیل اس کی میرے رسالہ الدلیل المبین میں ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔ آپ مولوی عبد الجبار صاحب نے جو اُس کی توثیق اور اُس کی حدیث کی صحت بعض ائمہ سے نقل کی ہے۔ وہ سب بے حاصل ہے۔ کیونکہ صحت حدیث کے واسطے جس طرح ثقہ ہونا روات کا شرط ہے اسی طرح سلامتی شذوذ اور نکارت سے شرط ہے کما ہو مقرر فی اصول الحدیث وتفصیلہ فی موضعہ اور صفحہ ۵۴ میں فرماتے ہیں۔ یہاں پر آپ نے نحو دانی بہت کچھ ظاہر کی ہے تا نصف صفحہ ۵۵۔ اس میں مولوی عبد الجبار صاحب نے مفتی[1] نظام الدین پر یہ طعن جمایا ہے۔ کہ مبتدا کی طرف جملہ میں جو اُس کی خبر ہے ضمیر کا عائد ہونا ضرور ہے۔ مگر عام ہے کہ

[1] اس کے متعلق بحث گذر چکی ہے۔ مگر تا بھی کچھ وضاحت کرنی ضروری ہے۔ مولوی نظام الدین صاحب نے جو بات کہی ہے وہ درست ہے ۱۲ منہ عفی عنہ

مذکور ہو یا کہ مقدر الخ میں کہتا ہوں سبحان اللہ وبحمدہ مولوی عبدالجبار صاحب کی مثال تو سچ ہے ہل ہو الا کر علی با فر کیونکہ مفتی صاحب کی غرض تو یہ تھی کہ مبتداء کی طرف جملہ مذکور میں ضرور چاہیے کہ کوئی عائد ہو جو مبتداء اور خبر کو ربط دے خواہ مقدر ہو یا محذوف[۹۱]

اب وہ جو مولوی عبدالجبار صاحب نے معنی حدیث کے کیے ہیں اُن میں یہ خدشہ ہے کہ حدیث من کان لہ امام فقراءۃ الامام لہ قراءۃ میں اگر ضمیر لہٗ کی راجع طرف امام کی ہو جاوے تو اب لفظ مَن کا جو مبتداء ہے اُس کی طرف کون سی ضمیر راجع ہوگی۔ آپ نے جواب دیا کہ ضمیر کا صراحۃً مذکور ہونا ضرور نہیں۔ محذوف بھی ہو سکتی ہے پھر اُس پر آیت من کان یرجو لقاء اللہ فان اجل اللہ لآت شاہد لائے کہ اس میں لفظ لآت کا اصل میں لآتہ تھا۔ جو راجع طرف من کی ہے الخ اب ہم نے یہ بات تو مانی کہ عام ہے مذکور ہو یا کہ محذوف مگر اِس حدیث میں فقط ضمیر مقدر نکال کر معنی حدیث کے درست کر دیں۔ کیونکہ ضمیر لہٗ کا جب امام کی طرف راجع کر دیا۔ تو اب مبتداء کی طرف جو کہ لفظ مَن ہے صراحۃً نہ ہو سکے تو مقدر مان کر پھر کوئی ضمیر ظاہر کر کے کلام کو فصیح کر دکھائیں اور یہ جو آپ نے لفظ حدیث کا توڑ کر اور محو اثبات کر کے ایک جملہ انشائیہ بیچ میں محذوف مان کر معنے حدیث کے درست کیے ہیں۔ اور کلام کو گڑبڑ کر دیا ہے یہ صرف آپ کی چالاکی ہے فقط ضمیر مقدر کر کے آپ سے معنے حدیث مذکور کے ہرگز نہیں بن سکے۔ اِس طرح طویل کلام محذوف نکالنے سے تو حدیث عبادہ رض کی جو آپ کی بُرہان قاطع ہے۔ اُس میں تصرف کر کے منع قراءۃ خلف الامام کے دلیل بنا سکتے ہیں۔ من اراد تفصیلہ فعلیہ ان یطالع رسالتنا الدلیل المبین علے ترک القراءۃ للمقتدین۔ اور سابق میں گذر چکا ہے کہ اس حدیث کے قصہ میں نہی صریحی اور ضمنی دو لوں[؟] وارد ہیں۔ تو آپ کو یہ تغیر و تبدل کرنا اور تحریف حدیث کی کرنی کچھ مفید نہ ہوا

---

[۹۱] بحسب رائے مولوی عبدالجبار صاحب ۱۲ منہ عفی عنہ [۹۲] یعنی قول لہ الا اور مضمون اُس کا یہ ہوگا کہ جس کے لیے نماز میں کوئی امام ہو تو جاننا چاہیے کہ امام کی قراءۃ اُسی امام کے لیے ہے ۱۲ منہ عفی عنہ

اور صفحہ ۵۵ میں بہ نسبت حدیث ابی موسےٰ رضی اللہ کی مولوی عبد الجبار صاحب نے بحث
کی ہے اور اُس میں لفظ واذا قرأ فانصتوا جو وارد ہے اُس پر یہ جرح کی کہ یہ وہم
ہے۔سلیمان تیمی کا قتادہ کے شاگردوں میں سے یعنی وہ منفرد ہے ساتھ اُس کے۔لہذا
یہ لفظ شاذ ہُوا۔اور پھر اُس پر عبارت امام نووی اور بخاری اور دارقطنی اور بیہقی کی نقل
فرمائی۔کہ فلان فلان نے اس کو ضعیف کیا ہے تا نصف صفحہ ۵۷۔مَیں کہتا ہوں کہ
ناظرین با انصاف نظر فرماویں کہ مولوی عبد الجبّار صاحب جاہل محض اور ناواقف فن حدیث
کے ہیں۔یا کہ عالم حدیث کے ہیں۔اب مفصّل بیان اِس کا ہم سے سنو۔کہ مولوی عبد الجبّار
صاحب اور جو اُن کے ہمراہی ہیں۔اُن سے یہ اِستفسار کیا جاتا ہے۔کہ یہ لفظ کس سبب سے
ضعیف ہے۔اگر بہ سبب ضعف سلیمان تیمی کے ہے تو یہ باطل ہے۔کہ سلیمان تیمی جمیع اصحاب صحاح
ستہ کا شیخ ہے۔اور اجماعی امام ہے۔بلکہ امام جرح وتعدیل سے ہے۔دیکھو محمد بن اسحاق جو
راوی حدیث عبادہ رض کا ہے۔اُس کے حق جرح فرمائی ہے کہ انہ کذاب کما مر من عبارۃ ابن
الجوزی۔اور اگر بہ سبب تدلیس اور مظنہ انقطاع کے ہے۔تو وہ بھی باطل ہے۔کیونکہ ابوداؤد
کی روایت میں تصریح سماعت کی کردی ہے۔اور عبارت ابوداؤد کی یہ ہے۔حدثنا عاصم
ابن النضر ثنا المعتمر بن سلیمان قال سمعت ابی سلیمان التیمی ثنا قتادۃ عن ابی غلاب یحدثہ
عن حطان الرقاشی بھذا الحدیث زاد واذا قرأ فانصتوا انتھے کلامہ اب دیکھو حدثنا
قتادۃ صریح کہدیا ہے۔اور اگر بہ سبب تفرد سلیمان تیمی کے ہے۔یعنی بہ سبب شذوذ کے
تو وہ نہایت درجہ کا باطل ہے۔بلکہ نہایت درجہ کی آپ کی جہالت ہے۔بلکہ عدم تمیزی اور
عمی فی البصیرۃ ہے۔کیونکہ سلیمان تیمی اس زیادتی کے ذکر کرنے میں منفرد نہیں ہے۔بلکہ اس
کے ساتھ عمر بن عامر اور سعید بن ابی عروبہ بھی ہیں۔جیسا کہ ابن عدی اور ابوبکر بزار کی روایت
میں ہے۔فقد قال الزیلعی فی تخریج احادیث الهدایۃ۔ان البزار ایضا اخرج ھذا الحدیث نحو
روایۃ ابن ماجۃ عن ابی موسیٰ وقال لا نعلم احدا قال فیہ واذا قرأ فانصتوا الا سلیمان التیمی

الا ما حدثنا القطعی عن سالم بن نوح عن عمر بن عامر عن قتادۃ عن یونس بن جبیر عن حطان الرقاشی عن ابی موسے بنحو حدیث سلیمان التیمی انتہی کلام البزار ورواہ ابن عدی فی الکامل عن سالم ابن نوح العطار عن عمر بن عامر وسعید بن ابی عروبۃ عن قتادۃ بنحوہ سندا ومتنا وقال ابن عدی ھذا الحدیث لسلیمان التیمی اشھر من عمر بن عامر وسعید بن ابی عروبۃ انتہی کلام الزیلعی بعینہ اور اسی طرح ابن حجر وغیرہ نے لکھا ہے ۔ اور ابو عوانہ نے اپنی صحیح میں مستقل سند سے یوں روایت کیا ہے حدثنا عبداللہ بن رشید قال ثنا ابو عبیدۃ عن قتادۃ عن یونس ابن جبیر عن حطان بن عبداللہ الرقاشی عن ابی موسی الاشعری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا قرأ الامام فانصتوا واذا قال غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ فقولوا آمین انتہی اگر شک ہو تو صحیح ابو عوانہ نکال کر دیکھ لیں ۔ اب اس زیادتی کے ذکر کرنے میں اصحاب قتادہ سے فقط سلیمان تیمی منفرد نہ رہا ۔ بلکہ سعید بن ابی عروبہ اور عمر بن عامر اور ابو عبیدہ[1] بھی اُس کے ساتھ ہیں ۔ اور اگر اِس کا ضُعف اس سبب سے ہے کہ بعض ائمہ حدیث نے اس کو ضعیف کہا ہے چنانچہ مولوی عبدالجبار صاحب نے عبارت دارقطنی اور بخاری اور بیہقی اور نووی کی اس پر گذرانی ہے تو اس کے دو جواب ہیں ۔ اول یہ کہ وجہ ضُعف کی جبکہ معقول طور پر نہ بن سکے نہ ضُعف راوی اور نہ انفراد وغیرہما تو یوں ہی بلا وجہ جرح مبہم کب مقبول ہو سکتی ہے ۔ جواب دوسرا یہ ہے کہ ہم سابق میں لکھ چکے ہیں کہ امام مسلم اور امام احمد بن حنبل اور امام ابن عبدالبرّ اور ابن خزیمہ و حافظ عبدالعظیم منذری اور ابن حجر اور شیخ ابن الھمام اور امام عینی وغیرہم اس زیادتی کو ابو موسیٰ اور ابو ہریرہ رضؓ دونو کی حدیث میں صحیح مان چکے ہیں ۔ لہٰذا بہر حال یہ حدیث صحیح دونو طریق سے آیت انصات کے لیے شاہد قوی ہے ۔ تعجب کی بات ہے کہ مولوی عبدالجبار مع اپنے انصار کے اس بات کے خود قائل ہیں کہ صحیح بخاری اور صحیح مسلم اور مؤطا امام مالک یہ تینوں کتب مرتبہ اوّل کی ہیں ۔ اور سب صحیح ہیں ۔ تو اب یہ حدیث ابو موسیٰ رضؓ کی خود صحیح مسلم میں موجود ہے ۔ اور نیز خود مسلم اس

[1] یا کہ عبیدہ سے ۱۲ منہ عفی عنہ

کی صحت پر اوسی صحیح مُسلم میں نص کر چکا ہے مع حدیث ابو ہریرہ پھر بھی حسد اور عناد اور جہالت سے اُس کو ضعیف کہہ رہے ہیں۔ بندہ خدا اگر آپ ان تینوں کتابوں پر دروازہ جرح کا کشادہ کرینگے۔ تو آپ کے مخالف لوگ تو بہت اُن کے اوّل سے ہی عیب جو ہیں۔ اور حاکم اور دارقطنی اُن پر استدراک کر چکے ہیں۔ مگر واضح رہے کہ اگر آپ بخاری و مسلم و موطا پر جرح کو روا رکھتے ہیں۔ تو پھر اگر اور کوئی شخص اُن پر جرح کریگا تو آپ خفا نہ ہونا واللہ اعلم کون سی اُن کی حدیث صحیح ہوگی اور کون سی نہ ہوگی۔ بلکہ حق یہ ہے کہ یہ حدیث تو ایسی صحیح ہے کہ اس کے برابر دنیا میں شاید کوئی حدیث ہوگی۔ مگر میں کہتا ہوں کہ نہ ہوگی وجہ اس کی یہ ہے۔ کہ جب صحیح بخاری اور صحیح مسلم دونوں کی حدیثیں بحسب التزام اُن کی کے صحیح ہو چکی ہیں۔ اور حال یہ ہے کہ ہر حدیث پر اُن دونو نے صحت کا حکم نہیں کیا۔ بایں طور کہ نص کے طور پر تصریح صحت کی بیان فرماویں خود صحیحین میں مگر یہ حدیث کہ مسلم نے اُس کو ابو موسی کی سند سے روایت کیا ہے۔ اور خود اُسی صحیح مسلم میں اُس کی صحت پر نص کی ہے۔ اور حدیث ابو ہریرہ رضؓ اگرچہ مُسلم نے اُس کو روایت نہیں کیا مگر صحت کا حکم اُس پر ضرور کر دیا ہے۔ اب ان دونوں کے برابر بایں صفات مشترکہ کون حدیث ہوگی۔ اور واضح ہو کہ مفصل بحث طویل طور پر دونوں حدیثوں کی میرے رسالہ الدلیل المبین علی ترک القراۃ للمقتدین میں ہے۔ صفحہ ۵۸ میں[۱] مولوی عبد الجبار صاحب نے مفتی نظام الدین صاحب پر طعن کیا ہے۔ کہ آپ کیسی ہی ملمع سازی کریں لیکن اہل حدیث کی گرفت سے نکل کر کہیں نہیں جا سکتے الخ۔ سبحان اللہ وبحمدہ اب تو مولوی عبد الجبار صاحب کے نزدیک امام احمد بن حنبل اور امام مسلم اور ابن خزیمہ اور ابن عبد البر اور حافظ عبد العظیم منذری اور حافظ ابن حجر وغیرہم یہ سب لوگ اہل حدیث نہ رہے۔ مولوی عبد الجبار صاحب جیسے اردو خواں جاہل اور بے علم اہل حدیث مقرر ہوئے[۲]۔ واللہ اعلم اصحاب سول اقمد

[۱] اس قول سے غرض مولوی عبد الجبار صاحب کی یہ ہے کہ حدیث واذا قرأ فانصتوا کو اہل حدیث نے ضعیف کہا ہے وہ کسی طرح صحیح نہیں بن سکتی اب آگے اس کا جواب آتا ہے ۱۲ منہ عفی عنہ

پر مولوی عبدالجبار کا حکم کیا لگتا ہے۔ اور اگر مولوی عبدالجبار کو عبارات اُن کی درکار ہیں۔ تو اُن کی کتابوں کو نکال کر دیکھ لے۔ اور میں نے اُن کی عبارات کو اپنے رسالہ الدّلیل المبین علیٰ ترک القراءۃ للمقتدین میں نقل کیا ہے۔ صفحہ ۶۸ میں مولوی عبدالجبار صاحب نے حدیث جابر پر جس کو ابن عدی وغیرہ نے روایت کیا ہے۔ یوں طعن کیا ہے کہ ابن عدی کے قول سے یحییٰ بن سلام راوی کا ضعف دور نہیں ہو سکتا الخ سبحان اللہ مولوی عبدالجبار صاحب ہر جگہ اپنا جاہل ہونا ظاہر کرتے ہیں۔ واضح ہو کہ مفتی نظام الدین صاحب کا منشا اصلی تو یہ تھا۔ کہ حدیث جابر رض کی یعنی من صلّی رکعۃ ولم یقرأ بام القرآن فلم یصل الا وراء الامام انتھے اگرچہ اکثر اصحاب امام مالک رح کے اُس کو موقوف قرار دیتے ہیں۔ بجز یحییٰ بن سلام کے مگر یہ بات چنداں حارج نہیں۔ کیونکہ یحییٰ بن سلام من کل الوجوہ اجماعی متروک نہیں ہے بلکہ بعض نے اُس کے حق میں کہا ہے یکتب حدیثہ ولا یحتج بہ اُس پر مولوی عبدالجبار نے یہ اعتراض جمایا۔ جو مذکور ہوا یعنی یحییٰ بن سلام راوی ضعیف ہے۔ اب میری عرض ہے کہ اوّل تو یحییٰ بن سلام کو بجز ابن عدی کے اور محدثین نے بھی اچھا کہا ہے۔ دیکھو حافظ ابن حجر فتح الباری کے صفۃ الجنۃ کے باب میں تحت حدیث انس بن مالک رض کے لکھتے ہیں یحییٰ بن سلام البصری فی طبقۃ یزید بن ھارون وقد ضعفہ الدارقطنی وقال ابو حاتم الرازی صدوق وقال ابو زرعۃ ربما وھم وقال ابن عدی یکتب حدیثہ مع ضعفہ انتھے لہٰذا اُس کی حدیث حسن سے کم نہ ہوگی۔ علاوہ ازاں اگر اس کی تائید اور اُس کا متابع ہم ثابت کر دیں۔ تو پھر مولوی عبدالجبار صاحب کا کیا علاج۔ اب لو اُس کا متابع ہم بیان کرتے ہیں۔ ایک معتبر راوی جو کہ محمد بن اسحاق کے درجہ کا ہے۔ بلکہ کسی قدر اُس[۵۱] سے بہتر۔

---

[۵۱] فی الواقع اسماعیل سدی محمد بن اسحاق سے بہتر ہے۔ کیونکہ وصف تشیع میں دونوں برابر ہیں۔ اور ابن اسحاق میں وصف قدریت اور تدلیس اور خلط حفظ اخیر میں یہ سب عیوب اس میں بہ نسبت اسماعیل کے زائد ہیں ۱۲ منہ عفی عنہ

قال الامام ابن المارديني في الجوهر النقي في الرد على البيهقي ذكر البيهقي في الخلافيات
ان الحديث قد روى عن اسماعيل السدى ايضاً عن مالك مرفوعا واسماعيل صدوق و
قال النسائي ليس به بأس وقال ابن عدى احتمله الناس ورووا عنه وانما انكروا عليه الغلو
في التشيع انتهى - قلت قال الحافظ ابن حجر في تهذيب التهذيب ذكره ابن حبان في الثقات
وقال مطين صدوق انتهى مختصراً ابناءً عليه اب تو مولوی عبد الجبار صاحب کو اس کا حسن
ہونا ماننا پڑا - کیونکہ یحییٰ بن سلام کا متابع مرفوع کرنے میں صحیح ثابت ہوا وہو الحق والصواب
اور اسی طرح جو صفحہ ۷۰ میں اُس کی بحث کی ہے اُس کا جواب بھی اسی جگہ ہو چکا حاجت
اعادہ کی نہیں - اور صفحہ ۷۳ میں مولوی عبد الجبار صاحب نے حدیث ابوہریرہ رضی پر
جو کہ مؤطا ابو داؤد ابن ماجہ نسائی مسند امام احمد معانی الآثار وغیرہم نے روایت کیا ہے
بایں سند عن الزہری عن ابن اکیمۃ عن ابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
انصرف عن صلوۃ جہر فیہا بالقراءۃ فقال ھل قرأ معی احد منکم فقال رجل انا یا رسول اللہ
فقال انی اقول مالی انازع القرآن فانتہی الناس خلف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
فیما جہر بہ من الصلوۃ حین سمعوا ذلک انتہی اور ورود اُس کا بھی صلوۃ فجر میں ہے - کما
ہو منصوص نے بعض طرقہ یہ اعتراض جمایا ہے - کہ اوس کا راوی ابن اکیمہ ضعیف یا کہ
مجہول ہے - اور اوس پر کلام امام نووی اور ابو بکر البزار اور حافظ ابو بکر حازمی کا شاہد
گذرا ہے - جس کا نتیجہ یہ ہوا - کہ اس کا راوی ابن اکیمہ مجہول ہے - پس حدیث ضعیف
ہے - انتہی خلاصۃ کلامہ صفحہ ۷۵ کے شروع تک - اب اس موقع پر
مولوی عبد الجبار صاحب کی جہالت اور بے علمی اور بے انصافی کو غور سے سنو
اور اُن کی دروغ گوئی جو کہ اس حدیث میں ہوئی ہے - یاد رکھو - واضح ہو کہ جواب اِس کا
چند وجوہ پر ہے - مگر اوّل اس سے ایک تمہید یاد رکھنی ضروری ہے - اور وہ یہ ہے - کہ راوی
مجہول کی جہالت رفع کرنے میں اہل حدیث نے یہ قاعدہ مقرر کیا ہے - کہ اگر اُس کی ایک

امام ثقہ نے توثیق کردی تو وہ مقبول ہے اور عام ہے کہ وہ تعدیل کنندہ وہی اوسکا شاگرد ہو[علہ]
یا کہ غیر اوس کا قال الحافظ ابن حجر فی شرح النخبۃ فان سمی الراوی وانفرد راو واحد بالروایۃ عنہ فہو مجہول
العین کالمبہم الا ان یوثقہ غیر من انفرد عنہ علی الاصح وکذا من انفرد عنہ اذا کان متاہلا لذلک
انتہی کلامہ بعینہ حاصل اس کا یہ ہوا کہ جس راوی سے ایک ہی شخص روایت کرے اور اوس کو کسی
نے ثقہ نہ کہا نہ اوس کے شاگرد نے اور نہ اوس کے غیر نے تو وہ مجہول ہے اور اگر امام جرح وتعدیل نے ثقہ
کہدیا اگرچہ وہ اوس کا شاگرد ہی ہو تو وہ ثقہ ہوا اور جہالت اوس کی دور ہوئی اور علاوہ ابن حجر کے اور اہل علم
نے بھی یہ مسئلہ لکھا ہے[لہ] جب یہ تمہید ممہد ہو چکی تو اب سنو کہ اس جرح کے چند جواب ہیں جواب اول یہ کہ اگر ہم
ابن اکیمہ کی توثیق ائمہ جرح وتعدیل سے ثابت صحیح کردیں تب تو مولوی عبد الجبار صاحب کی جہالت ظاہر ہوئی
یا کہ نہ اور خجالت کے سبب سے ذلت حاصل ہوئی یا کہ نہ اب سنو ابن اکیمہ کی توثیق کا حال کہ ثقہ بھی ہے اور بجز زہری
کے اوس سے اور کسی نے بھی روایت کی ہے قال الحافظ ابن حجر فی تقریبہ عمارۃ بضم اولہ والتخفیف ابن اکیمۃ
بالتصغیر ابو الولید المدنی وقیل اسمہ عمار او عمرو او عامر یاتی غیر مسمی ثقۃ من الثالثۃ مات
سنۃ احدی ومائۃ ولہ تسع وتسعون انتہی اور کہا زرقانی مالکی نے شرح موطا میں ثقۃ مات
سنۃ احدی ومائۃ انتہی اور کہا ابن عبد البر نے استذکار میں قال ابن شہاب کان ابن اکیمۃ یحدث
فی مجلس سعید بن المسیب ویصغی الی حدیثہ وحسبک بہذا فخرا وثناء انتہی اور کہا حافظ ابن
حجر نے تہذیب التہذیب میں قال ابن ابی حاتم صالح الحدیث مقبول وقال ابن عبد البر فی باب من
لم یشتہر عنہ الروایۃ ولم تحملت روایتہ لروایتہ الثقات عنہ[لہ] ابن اکیمۃ اللیثی المدنی قال
یحیی بن معین کفاک قول الزہری سمعت ابن اکیمۃ یحدث سعید ابن المسیب وقد روی
عنہ غیر الزہری محمد بن عمرو وروی الزہری عنہ حدیثین احدہما فی القراءۃ وہو مشہور
بہ والآخر فی المغازی انتہی کلام ابن عبد البر وقال الدوری عن یحیی ثقۃ وقال یعقوب بن سفیان

[لہ] مگر واضح ہو کہ یہ رفع جہالت اوس امام کے قول سے ہے کہ جس کے نزدیک راوی مجہول ومستور ثقات میں معدود نہیں اور اگر اسکے نزدیک مجہول مستور ثقہ ہے جیسا کہ دارقطنی اور ابن حبان کا مذہب ہے تو اسکے لکھنے سے اوسکی جہالت دور نہیں ہوتی شاید اس نے اپنے مذہب کے رو سے کہا ہو ۲ امنہ عفی عنہ [لہ] اس لفظ کو غور سے سوچو کہ بہت ثقات نے ابن اکیمہ سے روایت کیا اب عدم علم مولوی عبد الجبار وغیرہ کا اوسکی عدالت کو مضر نہیں اور یعقوب بن سفیان نے اسکو مشاہیر سے شمار کیا ہے اب مجہول کب رہا ۱۲ منہ عفی عنہ

[علہ] مگر یہ شرط ہے کہ اس امر کا اہل ہو ۱۲ منہ

ہو من مشاهیر التابعین بالمدینة وذکره ابن حبان فی الثقات انتہے کلام ابن حجر اور کہا صاحب
خلاصہ نے عمارة بن اکیمة اللیثی ابو الولید المدنی عن ابی ھریرة وعنہ الزھری قال ابو حاتم صالح
الحدیث مات سنة احدی ومائة انتہے لہٰذا جبکہ ان ائمہ نے اُس کو ثقہ کہا اور بجز زہری کے محمد بن
عمرو اوس سے راوی ہے بلکہ سعید بن مسیب اُسکی حدیث خوش ہو کر سُنا کرتے تھے اور اُن کی مجلس میں اُس
کی حدیث مشتہر اور مقبول تھی ۔ تو اب اس کے برابر تو کوئی دوسرا ہو نہیں سکتا اب مولوی عبد الجبار صاحب
کا کیا علاج کہ گھر میں بیٹھ کر جو چاہیں سو کہدیں اور وہ جو مولوی عبد الجبار صاحب نے شیخ ابن صلاح وغیرہ
سے نقل کیا ہے کہ مجہول وہ ہے جس سے ایک راوی روایت کرے انتہی مختصراً تو یہ اوسوقت ہے کہ توثیق کسی معتبر
سے ثابت نہ ہو ورنہ علم فن و حدان کا سب برباد ہو جاویگا اور حال یہ کہ اس قسم کے لوگ ہزارہا ہیں جن سے ایک
ہی راوی ہے اور ثقہ ہیں ۔ اسکی نظیر ایسی ہے جیسے قبیصہ بن ہلب کی حدیث جو اوس نے اپنے باپ سے روایت
کی ہے وضع علی الصدر کی جسکو امام احمد رحمہ نے اخراج کیا ہے اور قبیصہ بن ہلب کا شاگرد فقط سماک بن حرب ہے

نہ اور کوئی اور بعض نے قبیصہ مذکور کو مجہول کہا ہے کما نقلہ الذہبی فی میزان الاعتدال عن علی بن المدینی ۔
اور کہا شیخ ابن حجر نے تہذیب التہذیب میں وقال ابن المدینی والنسائی مجہول لم یرو عنہ غیر سماک انتہے کلام
مگر چونکہ ابو حاتم وغیرہ نے اُسکو معتبر مانا ہے لہٰذا یہ جرح اوسکی حدیث کو جارح نہیں ہے اب ابن اکیمہ اور
قبیصہ دونوں کا حال ایک سا ہے[۱] اگر ابن اکیمہ کی حدیث آپ مجروح مانتے ہیں تو قبیصہ بن ہلب کی حدیث
وضع الیدین علی الصدر کو بھی مجروح قرار دیں اور اس مسئلہ کے واسطے کوئی اور حدیث تلاش کریں ۔
البتہ قبیصہ بن ہلب کی حدیث اور وجہ سے ضعیف ہے[۲] جسکی تفصیل میرے رسالہ عیون القرة فی وضع الیدین
تحت السرة میں ہے وجہ تیسری یہ کہ یہ حدیث بجز طریق ابن اکیمہ کے بھی موجود ہے اوس میں اوسکا متابع

[۱] مگر حق یہی کہ ابن اکیمہ کی حدیث اور قبیصہ بن ہلب کی میں بڑا فرق ہے اول یہ کہ ابن اکیمہ موطا کا راوی ہے جو تیسرا اول کی کتاب ہے دوسرا یہ کہ ابن اکیمہ سے دو راوی ہیں زہری اور محمد بن عمرو اور قبیصہ سے فقط سماک بن حرب وجہ تیسری یہ کہ ابن اکیمہ کے واسطے شاہد اور متابع دونوں موجود ہیں ونحو ذلک من الوجوہ ۱۲ منہ عفی عنہ [۲] اور وہ جو حدیث وائل بن حجر کی وضع الیدین علی الصدر کیواسطے دلیل لاتے ہیں جسکو امام الائمة ابن خزیمہ نے روایت کیا ہے اپنی صحیح میں تو اوسکا جواب یہ ہی ہے کہ جب تک صحیح ابن خزیمہ کی کل روات اور اسکی سند کو تمام نہ دیکھ لیں تب تک اُسکی صحت کا دعوی مسموع نہیں ہو سکتا اور وہ کتاب ان ملکوں میں نایاب ہے اور نیز وہی حدیث وائل رضہ کی مسلم وغیرہ میں موجود ہے اور اُس میں لفظ علی صدرہ موجود نہیں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ شاید شاذ یا کہ وہم راوی کا ہے جو صحت کا دم مارتا ہے ابن خزیمہ کی سند ہماری پیش کرے اور نیز اُسی وائل بن حجر کی حدیث تحت السرة کی سند صحیح ابن ابی شیبہ نے روایت کی ہے کذا فی نور الہدایة وعمدة الرعایة قلت وتفصیلہ فی رسالتنا عیون القرة نفع الله بہا المسلمین آمین آمین ثم آمین ۱۲ منہ عفی عنہ

سعید بن مسیب ہے فقد اخرج الامام الطحاوی فی شرح معانی الاثار حدثنا حسین بن نصر قال ثنا الفریابی
عن الاوزاعی قال ثنا الزہری عن سعید عن ابی ھریرۃ نحو ما رواہ ابن اکیمۃ وفیہ قال فاتعظ المسلمون
بذلک فلم یکونوا یقرأون معہ انتہی اب سعید بن مسیب جیسا اجماعی امام ابن اکیمہ کا متابع ہوا لہذا اب تو
مولوی عبد الجبار صاحب مع اتباعہ واشیاعہ خواہ مخواہ اس حدیث کو صحیح مانینگے ورنہ اوس کا کیا تدارک رکھتے
ہیں وجہ چوتھی یہ کہ یہ حدیث بجز ابو ہریرہ کے اور صحابی سے بھی مروی ہے جو اوس کا شاہد قوی ہو فقد اخرج
الامام احمد فی مسندہ حدثنا یعقوب ثنا ابن اخی ابن شہاب عن عمہ قال اخبرنی عبد الرحمن بن ھرمز
عن عبد اللہ بن بحینۃ وکان من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم قال ھل قرا احد منکم معی انفا قالوا نعم قال انی اقول مالی انازع القراٰن فانتھی الناس عن القراءۃ
معہ حین قال ذلک انتھی مولوی عبد الجبار صاحب جیسے ناواقف اگر دریا کو ایک کوزہ میں بند کیا چاہیں تو
نہیں ہو سکتا کیونکہ وفوق کل ذی علم علیم وعدہ الٰہی ہے پھر تعجب ہے کہ دعوی اہل حدیث ہونے کا
کیونکر کرتے ہیں جس حدیث کو ہاتھ ڈالتے ہیں اوسی میں مولوی عبد الجبار صاحب اغبیا کی مانند مالہ وما علیہ
نہیں جانتے نہ اپنے دلائل ہیں اور نہ خصم کے دلائل ہیں اور صفحہ ۸۰ میں مولوی عبد الجبار صاحب فرماتے
ہیں کہ ترمذی اور تلخیص الحبیر میں مذکور ہے کہ لفظ فانتھی الناس عن القراءۃ الخ زہری کا کلام ہے ایسا ہی
خطیب اور امام بخاری اور یعقوب بن سفیان اور ذہلی اور خطابی وغیرہم نے بیان کیا ہی الخ اس مقام پر
مولوی عبد الجبار صاحب نے دعوی کیا ہے کہ حدیث منازعت والی میں جملہ فانتھی الناس الخ مدرج ہی کیونکہ
یہ زہری کا کلام ہے قال ابو السائب قلت لابی ھریرۃ انی احیانا اکون وراء الامام قال یا فارسی اقرأ
بھا فی نفسک انتھی الخ یہ خلاصہ مولوی عبد الجبار صاحب کی کلام کا ہی۔ اب مولوی صاحب مذکور کی عدم بصیرت
کا خیال کرو کہ کس قدر ہی اور اون کی بے علمی کو سوچو کہ کس قدر عدم لیاقتی کو کار فرمایا ہی اب یہ عاجز عرض گذار ہی
کہ دعوی ادراج لفظ فانتھی الناس کا سراسر غلط ہی چند وجوہ سے وجہ اول یہ کہ اصل عدم ادراج ہی کیونکہ
قاعدہ اصول حدیث کا ہی کہ جو قطعہ کلام کا حدیث سے متصل ہو وہ اوس میں شمار کیا جاتا ہی مگر بقرینہ قویہ
کے جو ادراج کا حکم لگاتے ہے۔ دیکھو حافظ ابن حجر عسقلانی فتح الباری میں اسکو جا بجا نقل کرتے ہیں۔

اُن میں سے معاذ بن جبل رضؓ کی حدیث میں جس سے امام شافعی رحمہ وغیرہ نے استدلال کیا ہی جواز صلوۃ مفترض کا خلف متنفل کے اور عبارت ابن حجر کی یہ ہی ان الطحاوی[1] ادعی ان قول جابر ہی لہ تطوع ولہ فریضۃ مدرجۃ فجوابہ ان الاصل عدم الادراج حتی یثبت التفصیل فمہما کان مضموما الی الحدیث فہو منہ لاسیما اذا روی من وجہین والامر ہہنا کذلک فان الشافعی رحہ اخرجہا من وجہ اٰخر عن جابر متابعا لعمرو بن دینار عنہ انتہی کلامہ اور اُن میں ہی باب اکل الثوم میں جس جگہ امام بخاری نے دعوی کیا ہی کہ قصہ قدر کا مدرج ہی اوس کے جواب[2] میں ابن حجر فرماتے ہیں قال البخاری لا ان قصۃ القدر لا ادری ہو من کلام الزہری او فی الحدیث انتہی کلام البخاری وجوابہ ان البیہقی قال ان الاصل ان ما کان من الحدیث متصلا بہ فہو منہ حتی یجیٔ البیان الواضح بانہ مدرج فیہ انتہی کلامہ حاصل یہ کہ اصل عدم ادراج ہی اور ممکن ہی کہ راوی نے بھی کہا ہو اور اصل قصہ حدیث میں بھی واقع ہو وجہ دوسری یہ کہ زہری نے خود اس کا دفعیہ کر دیا ہی کہ یہ لفظ اصل قصہ میں ہی یعنی خود ابو ہریرہ رضؓ جو کہ راوی حدیث کا اور مخبر ہے اوس نے نفس قصہ میں بیان کیا ہی فقد قال ابو داؤد فی سننہ وقال ابن السرح فی حدیثہ قال معمر قال الزہری قال ابو ہریرۃ فانتہی الناس الخ اور نیز اس سے ثابت ہوا کہ جس نے یہ دعوی کیا ہی کہ یہ قول معمر کا ہی وہ بدرجہ اولی مدفوع ہوا کیونکہ معمر نے خود زہری سے نقل کر کے ابو ہریرہ کا قول قرار دیا ہے اور نیز امام مالک وغیرہ کی سند سے یہ قول مروی ہے پس فقط معمر کا قول قرار دینا نہایت غلط ہوا البتہ یہ ہم مانتے ہیں کہ یہ قول معمر اور زہری اور ابو ہریرہ سب کا قول ہی کیونکہ یہ سب لوگ اوسکے راوی ہیں لہذا بایں حیثیت سب نے کہا ہے تو سب صحیح ہو اور ہو المطلوب اور میں کہتا ہوں کہ شاہد عدل اس کا وہ ہی کہ یہ لفظ بالمعنی تو عبد اللہ بن بحینہ کی حدیث میں بھی موجود ہی پس ضرور صحیح ہوا واللہ اعلم بالصواب اور تفصیل اوس کی مع مالہ وما علیہ میرے رسالہ الدلیل المبین علی ترک القرأۃ للمقتدین میں ہی اور وہ جو مولوی عبد الجبار صاحب نے جواب حدیث قسمت و خداج والی سے جسکو موطا اور مسلم وغیرہما نے ابو ہریرہ رضؓ

جواب حدیث قسمت و خداج

---

[1] امام طحاوی نے دعوی کیا تھا کہ جابر کی حدیث میں لفظ ہی لہ تطوع ولہم فریضۃ مدرج ہی ۱۲ منہ عفی عنہ [2] اور وہ حدیث یوں ہی اخرج البخاری عن جابر ان النبی صلے اللہ علیہ وسلم اتی ببدر فیہ خضرات من بقول فوجد لہا ریحا فسال فاخبر بما فیہا من البقول فقال قربوہا الی بعض اصحابہ کان معہ فلما راٰہ کرہ اکلہا فقال کل فانی اناجی من لا تناجی وقال احمد بن صالح عن ابن وھب اتی ببدر قال ابن وھب یعنی طبقا فیہ خضرات ولم یذکر اللیث وابو صفوان عن یونس قصۃ القدر فلا ادری ہو من قول الزہری او فی الحدیث انتہی کلام البخاری ۱۲ منہ عفی عنہ

سے روایت کیا ہی اس حدیث منازعت والی کا معارض قرار دیا ہی وہ سراسر باطل ہی کیونکہ اوس میں مطلق
قراءۃ کا بیان ہی نہ کہ قراءۃ مقتدی کا لہذا مستدل کا استدلال حدیث قسمت وخداج سے درست نہیں۔
اور وہ جو مولوی عبد الجبار صاحب نے حدیث منازعت کا جواب یوں دیا ہی کہ ابو ہریرہ رض جو کہ اوس کا
راوی ہے وہ خود فاتحہ خلف الامام کا قائل ہی تو وہ ان کو مفید نہیں کیونکہ جابر بن عبد اللہ رض اور ابو الدرداء
اور عمران بن حصین رض وغیرہم حدیث لا صلوۃ وغیرہ کو مرفوع روایت کرتے ہیں اور مقتدی کو اوس سے خارج
مانتے ہیں فما ہو جوابکم فہو جوابنا قلت وشید ارکانہ امام الائمۃ الامام ابو جعفر الطحاوی فی شرح معانی الآثار حیث
قال ان حدیثی ابی ھریرۃ وعائشۃ اللذین رووھا عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم کل صلوۃ لم یقرأ فیھا
بام القرآن فھی خداج لیس فی ذلک دلیل علی انہ اراد بذلک الصلوۃ التی تکون وراء الامام فیجوز
ان یکون عنی بذلک الصلوۃ التی لا امام فیھا للمصلی واخرج بذلک الماموم بقولہ من کان لہ امام
فقراءۃ الامام لہ قراءۃ فجعل الماموم فی حکم من یقرأ بقراءۃ امامہ فکان الماموم بذلک خارجا
من قولہ کل صلوۃ لم یقرأ فیھا بام القرآن فصلوتہ خداج وقد راینا ابا الدرداء قد سمع من
النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی ذلک مثل ھذا فلم یکن عندہ علی الماموم انتھی کلامہ وقد خالف
ابو الدرداء ابی ھریرۃ ان ذلک علی الماموم مع الامام انتھی مختصرا اور تفصیل اسکی مع
مالہ وما علیہ کے میرے رسالہ الدلیل المبین میں ہے مولوی عبد الجبار بیچارہ کو تو خبر نہیں ہے کہ اگر زہری جیسے
امام کو متکلم فیہ قرار دیا جاوے تو اپنی حدیث رفع الیدین کی جو عبد اللہ بن عمر رض کی ہے اور آمین بالجہر کی جو ابو ہریرہ رض
کی ہے وہ دونو بیکار ہو جاوینگے اگرچہ ہمارے پاس تو ان کا جواب قوی ہے مگر نہ اسوجہ سے کہ زہری
جیسا امام اجماعی مجروح لائق خدشہ کے ہے اور تفصیل ان دونو مسئلوں کی میرے رسالوں میں ہے
ایک کا نام ترویح العینین بمسئلہ رفع الیدین ہے اور دوسرے کا نام الفوز المبین بالاخفاء بالتامین ہی
جو چاہے ان میں دیکھے یہ دونو رسالے بھی دیکھنے کے قابل ہیں۔ اشتہار واجب الاظہار ہر خاص اور عام
کو واضح ہو کہ جو بحث کہ مابین مفتی نظام الدین صاحب اور مولوی عبد الجبار کے تھی ان دونو صاحبوں نے چونکہ
فقط ان چند احادیث مرفوعہ میں ہی گفتگو کی تھی۔ اس بندہ نے بھی اوسی پر اکتفا کیا ہی ورنہ ابحاث اس مسئلہ

کے لیے ایک مدت دراز چاہیے۔ کیونکہ یہ ایک بحر مواج اور ناپیدا کنار ہے اور نیز اس عاجز نے اُن کو بدرجہ اتم اپنے رسالہ الدلیل المبین علی ترک القراۃ للمقتدین میں بالبسط بیان کیا ہے۔ اب باقی بحث جو کہ ان دونو صاحبوں کے رسالوں میں ہے وہ سب کی سب انہی چند ادلہ پر مدار رکھتی ہے مثبت فاتحہ خلف امام کا مدار عبادہ رضہ کی حدیث پر ہے جو کہ قصہ صلوۃ فجر میں وارد ہے وہی مولوی عبد الجبار صاحب نے اپنی بڑی دلیل گذرانی ہے۔ اور مفتی نظام الدین صاحب اپنے مدعا عدم کے لئے ایک تو آیت و اذا قرئ القران فاستمعوا لہ وانصتوا ابوموسی اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہما کی پیش کی ہے اور حدیث دوسری ابوہریرہ رضہ کی جو وہ بھی قصہ صلوۃ فجر میں وارد ہے اور چوتھی حدیث جابر رضہ کی جو ظہر یا کہ عصر کے قصہ میں وارد ہے پیش کی ہے۔ لہذا میں بھی دونو جانبوں کی انہی حدیثوں پر اکتفا کرتا ہوں اس کے علاوہ جو کچھ دونو صاحبوں میں بحث ہے۔ یا تو وہی بات ہے جو مکرر سہ کرر مرقوم ہوئی ہے اور یا کہ آثار صحابہ و تابعین وغیرہم کا ذکر ہے اب اُن کی اس بحث میں چونکہ چنداں فائدہ نہیں ہے لہذا اس سے بندہ درگذر کرتا ہے مگر ایک بات کا جاننا ضروریات سے ہے اوسکا اظہار کرنا ضرور مناسب سمجھتا ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ اس مسئلہ کی بحث اسطرح پر طے ہو سکتی ہے کہ ایک مسئلہ یہ حل ہو جاوے کہ قراءۃ کے رکن میں مقتدی کو امام کے ساتھ شراکت ہی یا کہ نہ ہم کہتے ہیں کہ کتاب اللہ اور سنت صحیح رسول اللہ صلعم سے تو اسی قدر معلوم ہوتا ہی کہ قراءۃ قرآن حق امام کا ہی۔ اور اسی قدر اس سے چپ رہنا حق مقتدی کا ہی ایک کو دوسرے سے شراکت نہیں ہے تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ آیت انصات سے نص کے طور پر ثابت ہے۔ کہ قاری اور ہی اور منصت اور ہی اور ظاہر ہی کہ امام کو تو شارع نے قاری کے نام سے پکارا ہی۔ جابجا اسکا ذکر ہی اذا قال القارئ غیر المغضوب علیھم ولا الضالین فلیقل من خلفہ آمین اور اجماع سے بھی امام کا قاری ہونا مسلم ہے تو اب مقتدی بھی اگر قاری ہو تو منصت کون ہوا۔ جس کو شارع نے وانصتوا کا حکم کیا ہے اگر آثار شان نزول کی طرف توجہ کی جاوے تو مسئلہ ختم ہو جاتا ہے اور اگر نہ کیا جاوے تب بھی آیت نے تقسیم کر دی ہی کہ جب قرآن شریف پڑھا جاوے تو تم لوگ چپ کرو۔ اب اس خاص صورت میں بھی جب امام قاری ہے تو اب چپ کون کرے

م متعلق اس مسئلہ کے شان نزول کے پیش کی ہے اور اسکی تائید ہے ۱۹ سطر حدیث و اذا قرأ ... امام فانصتوا

لہذا وہ شخص بجز مقتدی کے تیسرا کون ہی میں کہتا ہوں کہ کوئی موجود نہیں اور سُنّت صحیح رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم سے تو یہ تقسیم ظاہر اور عمدہ طور پر ثابت ہی حدیث ابو موسیٰ اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما میں نص کر دی ہی
اذا کبر الامام فکبروا واذا قرا فانصتوا واذا قال غیر المغضوب علیهم ولا الضالین فقولوا امین
الحدیث اب ان دونوں حدیثوں میں شارع علیہ السلام نے نص کی ہی کہ قاری اور ہی یعنی امام اور منصت اور
ہی یعنی مقتدی اور خاصکر کے حدیث آمین کی جو اس حدیث خاص کا ایک قطعہ ہی جسکو نسائی وغیرہ نے روایت
کیا ہی مستقل طور پر اوس میں یوں وارد ہی اذا قال القاری غیر المغضوب علیهم ولا الضالین فلیقل
من خلفہ امین الحدیث اب دیکھو امام کا نام شارع نے قاری رکھا ہی نہ من خلف کا لہذا ان سب احادیث سے
ثابت ہوتا ہی کہ منصب قراءۃ کا فقط امام کیواسطے ہی نہ واسطے مقتدی کے اور حدیث منازعت والی سے یہ تقسیم
یوں ثابت ہی کہ جب شارع نے یوں فرمایا مالی انازع القران الحدیث تو اب منازعت کے معنی کو خیال کرو کہ
کیا ہیں ہم کہتے ہیں کہ اوس میں بھی شراکت کو دخل ہی قال ابو سلیمان الخطابی ای اداخل فیہ واشارک فیہ
واغالب انتہے- وقال ابن عبد الملک ای اذا جہرت بالقراءۃ فان قراتم ورائی فکانما تنازعونی ولکن
انصتوا انتہے- وقال الباجی منازعتھم لہ ان لا یفردوہ بالقراءۃ ویقرا وامعہ انتہے ذکرہ الزرقانی
لہذا بحسب لغت کے معنی حدیث کے یوں ہوئے ای مالی اشارک القران انتہے اب باقی رہی حدیث
جابر بن عبد اللہ اور عمران بن حصین رض کی تو اوس میں لفظ مخالجت کا وارد ہی چنانچہ آپ نے یوں
فرمایا قد عرفت ان بعضکم خالجنیہا اور چنانچہ یوں فرمایا رایتک تخالجنی القران اور ظاہر ہی کہ مخالجت
کے معنی مشارکت کے ہیں کما نص علیہ النووی فی شرح صحیح مسلم تحت حدیث عمران بن حصین لہذا اس حدیث
نے بھی شراکت فی القراءۃ سے مقتدی کو منع کیا ہی بہر حال یہ امر بخوبی واضح ہو چکا کہ مقتدی کو امام کے ساتھ
قراءۃ کے رکن میں شراکت نہیں بلکہ قراءۃ حق امام کا ہی اور اوسی قدر انصات حق مقتدی کا ہی وہو المطلوب
اور نیز شارع نے قاری کا اطلاق بجز امام کے مقتدی پر کسی جگہ نہیں کیا فثبت المدعی البتہ مخالف شخص بہت
سا زور لگاوے تو حدیث عبادہ رض وغیرہ سے تخصیص سورۂ فاتحہ کی نکالکر مطلب برآری کریگا اور اسکی
صحت اگر چاہے تو ہرگز نہ کرسکیگا ولو کان بعضہم لبعض ظہیرا اور یہ سب کے سب ابحاث میرے رسالہ

میں ہیں۔ اور نیز واضح ہو کہ اکثر ابناء زمان غیر مقلد یہ دعوی کرتے ہیں
کہ بعض محدثین نے عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی حدیث کو حسن کہا ہے اور ضعف کا حکم کسی نے نہیں لگایا
لہذا اوس میں جرح کرنی اگرچہ بادی الرای میں درست ہے مگر تب بھی کوئی امام تو اوس میں جرح کرتا اور ظاہر ہے کہ
صحت ضعف کا مدار محدثین کے علم پر ہے نہ اور کی رای پر تو جواب اُس کا دو طور پر ہے اوّل یہ کہ جب حدیث عبادہ
کی فی الواقع تدلیس[1] مدلسین اور ستارت[2] مستورین اور انقطاع[3] منقطعین اور نکارت[4] منکرین سے پر
ہے اور کسی طرح سے کوئی طریق اوسکا جرح سے خالی نہیں تو پھر دعوی صحت اور حسن کا اوسمیں بجز لاف زنی
اور طرف داری کے اور کچھ نہیں جواب دوسرا اوسکا یہ ہے کہ بعض ائمہ نے اُسکو ضعیف بھی کہا ہے قال ابن عبد البر
فی التمهید اما محمد بن اسحاق و زيادته على الزهرى فانها غير مقبولة لانه ممن لا يحتج بجملة
عند جماعة اهل العلم بالحديث منهم احمد بن حنبل ويحيى بن معين ويحيى بن سعيد القطان
وكان على بن المدينى وشعبة وابن عيينة يحتجون بحديثه جملة واما هذا الحديث فقد خولف فيه
محمد بن اسحاق فرواه الاوزاعى عن مكحول عن رجاء بن حيوة عن عبد الله بن عمرو قال صلينا مع
رسول الله صلى الله عليه وسلم الحديث ورواه زيد بن واقد عن مكحول عن نافع بن محمود
عن عبادة ونافع هذا مجهول ومثل هذا الاضطراب لا يثبت به عند اهل العلم بالحديث شيئ
وليس فى هذا الباب ما لا مطعن فيه من جهة الاسناد غير حديث الزهرى عن محمود بن الربيع
عن عبادة وهو محتمل للتاويل انتهى كلام ابن عبد البر خلاصہ کلام کا جو کہ ابن عبد البر نے کہا ہے یہ ہوا
کہ عبادہ رض کی حدیث جسکو زہری نے عن محمود بن الربیع عن عبادة مرفوعا روایت کیا ہے یعنی لا صلوة لمن
لم يقرأ بفاتحة الكتاب چنانچہ صحیح بخاری و مسلم وغیرہما میں موجود ہے وہ صحیح ہے اور جسمیں قصہ صلوة

[1] چنانچہ مکحول اور محمد بن اسحاق کا طریق ۱۲ منہ عفی عنہ

[2] چنانچہ نافع بن محمود کا طریق ۱۲ منہ عفی عنہ ۱۲ ۱۲ ۱۲

[3] چنانچہ سند مکحول عن عبادة ۱۲ منہ عفی عنہ

[4] چنانچہ مکحول عن محمود بن الربیع عن عبادة ۱۲ منہ عفی عنہ

فجر کا مع سوال جواب کے وارد ہی اور جملہ استثنائیہ اسکے اخیر میں ہی - وہ صحیح نہیں ہی بلکہ مضطرب اور ضعیف ہی
اور کہا امام زیلعی شارح کنز نے کہ امام احمد رح نے بھی اس حدیث کو ضعیف کہا ہی میں کہتا ہوں کہ تفصیل ان
ابحاث کی میرے رسالہ الدلیل المبین میں ہی - اور واضح ہو کہ مولوی عبد الجبار صاحب کی تائید میں ایک
حضرت نے تبصرہ کے اخیر میں ایک چالاکی دکھائی ہی - اور اُن کا نام نامی مولوی محمد سعید بنارسی ہی
اور وہ چالاکی اُن کی یہ ہی - کہ جسطرح عبادہ رض کی حدیث میں مکحول مدلس ہی اوسی طرح جابر کی حدیث
جو کہ مسند امام احمد بن منیع میں باین سند ہی - اخبرنا اسحاق الازرق حدثنا سفیان وشریک عن
موسی بن ابی عائشۃ عن عبد اللہ بن شداد عن جابر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
من کان لہ امام فقراءۃ الامام لہ قراءۃ انتھے تو اوسکی سند میں بھی سفیان ثوری مدلس ہی لہذا دونوں
کی حدیث برابر ہوی انتہی ما تفوہ بہ البنارسی مختصرا ملخصا ....

....

سو اسکے جواب میں گزارش ہی کہ جناب من سفیان ثوری اور مکحول دونوں کی تدلیس میں بون بعید ہی کیونکہ سفیان
کی تدلیس تو مرتفع ہی باین طور کہ متابع اوسکا امام الائمۃ ابو حنیفہ اور شریک اور حسن بن عمارہ تینوں
قوی سند سے ہیں آپ بھی مکحول کا متابع قوی عن محمود بن الربیع عن عبادہ کہنے میں ہمکو بتادیں اور نیز
سفیان ثوری صاحب[۱] نقد و ذوق ہی اور اُس کے حق میں ثقہ حافظ امیر المؤمنین ونحوھا من الاوصاف محدثین
نے کہا ہی اور صاحب نقد و ذوق کی تدلیس مضر نہیں بلکہ فرض کرو کہ سفیان اگر کسی ضعیف یا کہ کذاب سے بھی
روایت کرے تب بھی ہمارے مخالف کے نزدیک چنداں حارج نہیں کیونکہ سفیان کا قول ہی اتقوا الکلبی فقیل
لہ انک تروی عنہ قال انا اعرف صدقہ من کذبہ انتھے کذا نقلہ الفاضل اللکھنوی فی امام الکلام
عن ابن سید الناس اور جو مولوی محمد سعید صاحب بنارسی نے شریک میں جرح کی ہی کہ وہ
کثیر الغلط ہی اوسکا بیان سابق میں گزر چکا کہ اسحاق ازرق جو اُس سے روایت کرے وہ سالم ہوتی ہی
غلط سے جیسا کہ تذکرۃ الحفاظ ذہبی سے گذر چکا اگر شریک کی حدیث غلط ہوتو اور ہوگی نہ کہ جو اسحاق ازرق

---

[۱] نص علیہ الذہبی فی میزان الاعتدال ۱۲ منہ عفی عنہ

کرے اور ابو الزبیر مکی کے طریق میں جو جرح کی ہی وہ بھی خام ہی کیونکہ ابو الزبیر مکی سب صحاح کا راوی ہی اوسکی
حق میں ثقہ حافظ کا اطلاق کیا ہی۔ اور جابر جعفی اوسمیں منفرد نہیں بلکہ اوسکے ساتھ لیث بن ابی سلیم بھی ہی
قلت وتفصیلہ فی رسالتنا الدلیل المبین بحث دوسری اس مسئلہ کی یوں ہی کہ اس میں کچھ شک نہیں
کہ قصہ صلوٰۃ فجر کا مع سوال و جواب کے فقط ایک بار ہوا ہی مگر ابو ہریرہ رض اور عبد اللہ بن بحینہ رض نے یوں روایت
کیا ہی کہ جب آپ نے بعد سوال و جواب کے یوں فرمایا مالی انازع القراٰن تو اوسکے بعد دونوں صحابیوں نے
بیان کیا کہ صحابہ رض نے تب ہی سے آپ کے پیچھے قراءۃ کو ترک کیا اور عبادہ رض وغیرہ نے یوں روایت کیا ہی
کہ آپ نے بعد سوال و جواب کے فرمایا لا تفعلوا الا بام القراٰن لہذا اب دیکھنا چاہیے کہ ابو ہریرہ رض وغیرہ
نے جو روایت کیا ہی وہ صحیح ہی یا کہ عبادہ رض وغیرہ نے جو روایت کیا ہی وہ صحیح ہی اب ہم کہتے ہیں کہ ابو ہریرہ
وغیرہ کی روایت اور حدیث کے راوی سب اجماعی ثقہ ہیں اور سند اوسکی متصل ہی اور کچھ شذوذ و نکارت
اور تدلیس اوس میں ہرگز نہیں ہی تفصیل اس اجمال کی یہ ہی کہ ابو ہریرہ رض سے دو شخص راوی ہیں۔
ایک ابن اکیمہ اور دوسرا سعید بن مسیب اور ان دونوں سے زہری نے روایت کی ہی اور زہری سے
چند ائمہ ثقات نے روایت کی ہی جیسا کہ امام مالک اور ابن عیینہ اور معمر بن راشد اور امام اوزاعی
وغیرہم اور اُن کی جلالت اور توثیق سبکو معلوم ہی کہ کوئی ان میں سے مجروح نہیں اور وہ جو ابن اکیمہ
پر جہالت کا اعتراض تھا۔ وہ ہم نے دفع کر دیا علاوہ یہ کہ یہ حدیث اور یہ راوی ابن اکیمہ دونوں موطا امام
مالک کے ہیں۔ اور اہل حدیث کا قاعدہ ہی کہ جس راوی سے امام مالک اپنے موطا میں روایت کرے اوسمیں
بحث جرح کی نہیں ہو سکتی دیکھو بیع الرطب بالتمر کے باب میں جب امام اعظم رح نے اوس حدیث پر یوں
اعتراض کیا کہ اوس کا راوی زید بن عیاش مجہول ہی[1]۔ تو اوسکا جواب مخالفوں نے یہی دیا ہی جو ہم
نے کہا ہی اور عبارت اُن کی یہ ہی قد اعل ابو حنیفۃ ھذا الحدیث من اجل زید بن عیاش وقال مدارہ
علی زید بن عیاش وھو مجہول وکذا قال ابن حزم وتعقبوھما بان الحدیث صحیح وزید لیس

---

[1] اس سے ثابت ہوا کہ وہ جو کتب اصول حنفیہ میں مسئلہ مروج ہی کہ امام ابو حنیفہ رح کے نزدیک راوی مجہول کی حدیث مقبول ہی
وہ منظور فیہ ہی کیونکہ صاحب عقود الجواہر المنیفہ فی ادلۃ الاحکام لمذہب ابی حنیفہ نے اسکو رد کیا ہی کہ یہ قول امام کا نہیں ہے ۱۲ منہ عفی عنہ

بمجهول قال الزرقانی تابعی صدوق کنیتہ ابو عیاش واسم ابیہ عیاش المدنی نقل عن مالک انہ مولی
سعد بن ابی وقاص رض وقیل انہ مولی بنی مخزوم وقال ابن حجر بعد کلام طویل ذکرہ ابن حبان
فی الثقات وصحح الترمذی حدیثہ المذکور وابن خزیمۃ وابن حبان وقال الدارقطنی ثقۃ وقال
الحاکم فی المستدرک هذا حدیث صحیح لاجماع ائمۃ النقل علی امامۃ مالک وانہ محکم
فی کل ما یرویہ اذ لم یوجد فی روایتہ الا الصحیح[۱] خصوصاً فی روایۃ اهل المدینۃ و
الشیخان لم یخرجاہ لما خشیا من جہالۃ زید انتہی وقال صاحب التنقیح لیس بہ باس و
مشائخنا ذکروا عن ابی حنیفۃ انہ مجهول ورد طعنہ بانہ ثقۃ وروی عنہ مالک فی
المؤطا وهو لا یروی عن مجهول وقال المنذری کیف یکون مجهولاً وقد روی عنہ ثقتان[۲]
عبد اللہ بن محمد ومروان بن ابی انیس وهما مما احتج بهما مسلم فی صحیحہ و
قد عرفہ ائمۃ هذا الشان واخرج حدیثہ مالک مع شدۃ تحریہ فی الرجال وقال ابن
الجوزی فی التحقیق قال ابو حنیفۃ انہ مجهول فان کان هو لم یعرفہ[۳] فقد عرفہ ائمۃ
النقل انتہی وفی تلخیص الحبیر قد اعل هذا الحدیث جماعۃ منهم الطحاوی والطبری وابن
حزم وعبد الحق بجہالۃ زید بن عیاش والجواب عنہ ان الدارقطنی قال انہ ثقۃ ثبت وقال
المنذری روی عنہ اثنان ثقتان وقد اعتمدہ مالک مع شدۃ تحریہ وصحح الترمذی والحاکم[۴]
وقال لا اعلم احداً طعن فیہ انتہی وبالجملۃ فالجہالۃ عن زید مرتفعۃ جہالۃ العین وجہالۃ
الوصف بتصریح ائمۃ النقل انتہی هذا کلہ نقلہ الفاضل اللکھنوی فی حاشیۃ الموطا اگرچہ
اس عاجز کے پاس اور اسباب بھی بہت ہیں مگر اس جگہ پر اسی پر اکتفا کیا گیا ہے اب دیکھو اہل حدیث
کی بحث ابن اکیمہ میں ویسی ہے جیسے زید بن عیاش میں بلکہ ابن اکیمہ بہ نسبت زید بن عیاش کی
چند وجوہات کی رو سے اچھا ہے کما لا یخفی علی ماہر الفن اب مولوی عبد الجبار صاحب بھی ابن اکیمہ

ف۱ بناء علیہ حدیث منازعت کی بھی صحیح ہوئی ۱۲ منہ عفی عنہ ف۲ اسی طرح ابن اکیمہ سے بھی دو راوی ہیں ۱۲ منہ عفی عنہ ف۳ اسی طرح اگر حافظ ابو بکر حازمی وغیرہ نے ابن اکیمہ کو نہیں جانا ہے تو اور ائمہ نقل نے اسکو جانا ہے اور ثقہ بھی کہا ہے کما مر ۱۲ منہ عفی عنہ ف۴ اسی طرح ابن اکیمہ سے [illegible] جہالت مرتفع ہے ۱۲ منہ عفی عنہ

پر حسن ظن رکھکر شاید اس حدیث کو صحیح مانینگے۔ اور عبداللہ بن بحینہ کی حدیث کا مدار زہری پر ہی اوس نے عبدالرحمن
بن ہرمز اعرج سی اوس نے عبداللہ بن بحینہ سے روایت کی ہی اور سب راوی اوس کے صحاح ستہ کے
ہیں کوئی اون میں سے مجروح نہیں ہی۔ اور نیز اتصال سند بھی ہی۔ لہذا قصہ صلوٰۃ فجر کا ابوہریرہ رضؓ اور
عبداللہ بن بحینہ رضی اللہ عنہما کی حدیث سی تو بدرجہ اتم صحت کو پہنچا و للہ الحمد اولا و آخرا و ظاہرا و باطنا اور
یہی قصہ صلوٰۃ فجر کا عبادہ رضؓ وغیرہ کی سند سی بھی مروی ہی مگر کسی طور سی صحیح نہیں کیونکہ محمد بن اسحاق نے
مکحول سے روایت کی ہی اور مکحول کی تدلیس محمود بن ربیع سی مدفوع نہیں ہوئی اور ابن اسحاق منفرد ہی
ساتھ ذکر محمود بن الربیع عن عبادہ کے اور زید بن واقد شاگرد مکحول کا مع محمد بن اسحاق کے مکحول کا شیخ نافع
بن محمود قرار دیتی ہیں اور وہ مجہول یا کہ مستور ہی اور محمد بن ولید زبیدی نے مکحول کا شیخ کوئی بیان نہیں کیا
ہی چنانچہ دارقطنی وغیرہ کے نزدیک ہی اور اسی طرح عبدالرحمن بن یزید بن جابر اور سعید بن عبدالعزیز اور
عبداللہ بن العلا نے بھی مکحول کا شیخ کوئی بیان نہیں کیا۔ بلکہ ان چاروں نے مکحول عن عبادہ بیان کیا
ہی لہذا ان چار کی سند سی منقطع ہوئی کیونکہ مکحول کو عبادہ رضؓ سی روایت اور سماعت نہیں اور حرام بن حکیم
جو کہ مکحول کا معاصر ہی اوس نے بھی یہ حدیث نافع بن محمود عن عبادہ روایت کی ہی جو مستور اور مجہول ہی
غرض کہ کوئی طریق حدیث عبادہ رضؓ کا خالی جہالت اور انقطاع اور شذوذ سی نہیں ہی اور تفصیل اس کی
میرے رسالہ الدلیل المبین میں ہی لہذا ثابت ہوا کہ قصہ صلوٰۃ فجر کا ابوہریرہ اور عبداللہ بن بحینہ کی روائت سی
صحیح ہی اور عبادہ رضؓ وغیرہ کی روائت سی ضعیف ہی وہو المطلوب اور صفحہ ۱۰۱ میں جو مولوی عبدالجبار
صاحب نے حاکم کی حدیث بالاسناد نقل کی ہی اولا اوسکی اسناد کو دیکھو اوسکے بعد مولوی عبدالجبار
صاحب کی جہالت یا کہ جعل سازی کو خیال کرو سند اوسکی یوں ہی اخبرنا ابو محمد عبدالرحمن بن احمد الخلال ثنا اسحاق
ابن احمد بن مہران الخبار ثنا اسحاق بن سلیمان الرازی ثنا معاویہ بن یحیی عن اسحاق بن عبداللہ بن ابی فروۃ
عن عبداللہ بن عمرو بن الحارث عن محمود بن الربیع قال قام الی جنبی عبادۃ بن الصامت رضؓ فقرأ مع
الامام وھو یقرأ فلما انصرف قلت ابا الولید تقرؤ وتسمع وھو یجھر بالقراءۃ قال نعم قرأنا مع

سلہ اور حاکم کی سند سے اسکو دارقطنی نے بھی روائت کیا ہی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فغلط رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم سلم فقال لنا حین انصرف هل قرأ معی احد قلنا نعم قال قد عجبت
قلت من هذا الذی ینازعنی القرآن اذا قرأ الامام فلا تقرؤا الا بام القرآن فانه لا صلوٰة لمن لم یقرأها
انتھے اس کے بعد مولوی عبد الجبار صاحب فرماتے ہیں اس حدیث کے سب راوی ثقہ وعادل اور قابل اسناد
ہیں اگر توثیق وتعدیل بیان کی جاوے تو کلام طول ہو جاوی انتہے اور جہالت اور جعل سازی مولوی عبد الجبار
صاحب کی یوں ہی کہ باوجود ضعیف ہونے حدیث کے حکم صحت کا لگا دیا۔ یعنی سب روات کو ثقہ قرار دیا۔۔۔
۔۔۔۔۔۔۔۔ حالانکہ یہ سند ظلمات بعضها فوق بعض کے قبیل سے ہی۔ اوّل اسلیے کہ اسحاق بن ابی فروۃ
اور معاویہ بن یحیی اور اسحاق بن سلیمان رازی ضعیف ہیں۔ قال الدارقطنی بعد اخراجه هذا الحدیث معاویة
بن یحیی واسحاق بن عبد اللہ بن ابی فروہ ضعیفان انتہے وقال ابن الجوزی اسحاق متروک انتہے
اور کہا ذہبی نے میزان الاعتدال میں ابراہیم بن محمد کے باب میں قال البرقانی سمعت الدارقطنی یقول غیرہ
انتہے اور تفصیل اسکی میرے رسالہ الدلیل المبین میں ہی دوسرا یہ کہ ابوداؤد وغیرہ نے مکحول کی سند سے بیان
کیا ہی۔ کہ اس قصہ کا قائل نافع بن محمود ہی نہ کہ محمود بن الربیع اور نافع مجہول ہی وقد مر حالہ او بحث تیسری
یہ ہی کہ مخالف کیواسطے کوئی آیت ثبوت فاتحہ خلف الامام کے حق میں وارد نہیں ہوئی باین طور کہ جس
طرح اوسکا دعوی ہی یعنی فاتحہ خلف الامام سریہ اور جہریہ دونوں میں مقتدی پر فرض یا واجب ہی
اور ضم سورہ کا منع ہی جیسا کہ اونکا تمسک پکڑنا ساتھ حدیث عبادہ رض کے اسپر شاہد عدل ہی۔ اب
ہو بہو یہی دعوی اپنا کسی آیت سے ثابت کریں کہ فلاں آیت اس باب میں نازل ہوئی ہی۔ وانّی
یتیسر لہم ذلک بلکہ حق یہ ہی کہ کتاب اللہ سے تو ان کا یہ مذہب بے علاقہ ہی ورنہ اُس کا نشان دیں۔ اگر
کوئی اعتراض کرے کہ خصوص فاتحہ کے منع میں حنفیوں کے پاس کون سی دلیل ہی بلکہ وہ بھی تو عموم
آیت اور احادیث سے کام لیتے ہیں۔ تو جواب اوسکا یہ ہی کہ یہ اعتراض ہم پر وارد نہیں ہوتا کیونکہ ہم
لوگ خصوص فاتحہ کے منع کے کب قائل ہیں۔ ہمارے نزدیک تو فاتحہ اور غیر فاتحہ دونوں یکساں ہیں
جو شخص خصوص فاتحہ کے منع کا قائل ہی اوس سے یہ بحث کریں واللہ اعلم بالصواب اور واضح اور
لائح ہو کہ مولوی عبد الجبار صاحب نے حدیث لا صلوٰۃ لمن لم یقرأ بفاتحۃ الکتاب ونحوها من

الا الفاظ جس کو بخاری اور مسلم وغیرہما نے زہری سے اوس نے محمود بن الربیع سے اوس نے عبادہ
ابن صامت رضہ سے روایت کیا ہے بڑے زور شور سے اوسکو اپنا ماخذ قرار دیکر دعوی ثابت کیا ہے اور
مطلق قراءۃ کے ادلہ سے کام لینا چاہا۔ مگر اہل علم خوب جانتے ہیں کہ یہ محض اون کی ہوس ہے کیونکہ
ان ادلہ سے اونکا مطلب ہرگز حاصل نہیں ہو سکتا چند وجوہ سے وجہ اول یہ کہ جانبین کی بحث نفس قراءۃ
فاتحہ میں نہیں ہے بلکہ فاتحہ خلف الامام میں ہے کہ مقتدی کے لیئے شارع نے کیا حکم لگایا ہے یعنی اوسکو
امام کے ساتھ اس وظیفہ میں شراکت ہے یا کہ نہ اور وہ ان احادیث میں مطلقاً مذکور نہیں وجہ دوسری
یہ کہ اگر اس حدیث سے وجوب فاتحہ خلف الامام ثابت ہو تو ضم سورۃ کا بھی مقتدی پر واجب ہو کیونکہ اسی خاص
حدیث میں جس سے مستدل نے استدلال کیا ہے اوسکا حکم بھی آپ نے فرما دیا ہے فقد اخرج مسلم فی صحیحہ
من طریق معمر بن راشد عن الزہری عن محمود بن الربیع عن عبادۃ مرفوعا لا صلوۃ لمن لم یقرأ بفاتحۃ
الکتاب فصاعدا انتہی واخرج النسائی فی سننہ وغیرہ فی غیرہ نحوہ اگر کوئی اعتراض کرے کہ یہ زیادتی
فقط معمر بن راشد نے کی ہے اور باقی شاگرد زہری کے اسکو نہیں ذکر کرتے پس شاذ ہوئی اور خود امام بخاری رح
نے اس کو شذوذ کا حکم لگایا ہے جزء القراءۃ کو دیکھو تو جواب اوسکا چند وجہ پر ہے۔ وجہ اول یہ کہ معمر بن
راشد ثقہ ہے اور زیادتی ثقہ کی مقبول ہے جبکہ کسی ثقہ بڑے کو مخالف نہو اور وہ یہاں پر کسی کا مخالف نہیں
وجہ دوسری یہ کہ معمر بن راشد کی یہ زیادتی چونکہ صحیح مسلم میں ہے اور وہ کتب مرتبہ اول سے ہے لہذا خواہ مخواہ
مقبول ہے وجہ تیسری یہ کہ معمر بن راشد اس زیادتی میں منفرد نہیں ہے بلکہ اوسکے ساتھ سفیان بن
عیینہ بھی ہے ابو داؤد کی حدیث میں اور نیز عبد الرحمن بن اسحاق مدنی بھی اون کے ساتھ ہے چنانچہ
جزء القراءۃ امام بخاری میں ہے لہذا یہ زیادتی ہر طرح مقبول ہے وجہ چوتھی یہ کہ اس حدیث
میں محمود بن ربیع کا شاہد بھی موجود ہے۔ اور وہ ربیعہ بن یزید ہے۔ جو کہ اجماعی ثقہ اور سب
صحاح کا راوی ہے روایت کیا حدیث اوس کی کو طبرانی نے کما نقل الزیلعی فی تخریج احادیث
الہدایۃ اور نیز یہ حدیث بجز عبادہ بن صامت رضہ کے اس زیادتی کے ساتھ اور صحابہ رضہ
سے بھی مروی ہے۔ فقد شہد لہ کما نقلہ الحافظ ابن حجر فی تخریج احادیث الہدایۃ حیث قال وعن

عبادۃ رضہ سمعت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یقول لا صلوۃ الا بفاتحۃ الکتاب وآیتین من القرآن اخرجہ الطبرانی واخرج ابن عدی من حدیث عمران بن حصین مثلہ لکنہ قال لا یجزئی وزاد وآیتین فصاعدا وعن ابن عمر رضہ لا تجزئ صلوۃ لا یقرأ فیہا بفاتحۃ الکتاب وشئ معہا اخرجہ ابو نعیم فی ترجمۃ ابراہیم بن ایوب من تاریخ اصبہان وعن ابی ہریرۃ ان لم تزد علی ام القرآن اجزئت وان زدت فہو خیر اخرجہ البخاری وہو موقوف انتہی کلام الحافظ وقال شیخ الاسلام العینی فی شرح الہدایۃ نحوہ قلت وقد اخرج ابوداود وغیرہ عن ابی ہریرۃ قال قال لی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اخرج فناد فی المدینۃ ان لا صلوۃ الا بفاتحۃ الکتاب فما زاد انتہی واخرج عن ابی سعید الخدری وغیرہ نحوہ حاصل یہ کہ یہ زیادتی حدیث عبادہ رضہ میں صحیح طور پر ساتھ متابعات اور شواہد کے مروی ہے زیادہ اس سے لکھنے کی حاجت نہیں۔ وجہ پانچویں یہ کہ جب صحابہ رضی اللہ عنہم جو کہ اس حدیث کے راوی ہیں اور اسی طرح اور ائمہ اُن کے علاوہ انہوں نے نص کردی ہے کہ یہ حدیث اور مانند اس کے منفرد کیواسطے ہے اور مقتدی اس سے خارج ہے تو اب خواہ یہ احادیث

ہماری بحث سے خارج ہیں فقد اخرج النسائی والطحاوی وغیرہما باسناد صحیح عن کثیر بن مرۃ الحضرمی عن ابی الدرداء سمعتہ یقول سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم افی کل صلوۃ قراءۃ قال نعم فقال رجل من الانصار وجبت ہذہ فالتفت الی وکنت اقرب القوم فقال ما اری الامام اذا ام القوم الا قد کفاہم انتہی ثم قال الامام ابو جعفر الطحاوی فہذا ابو الدرداء قد سمع من النبی صلے اللہ علیہ وسلم فی کل صلوۃ قراءۃ فقال رجل من الانصار وجبت فلم ینکر ذلک رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم من قول الانصاری ثم قال ابو الدرداء بعد من رأیہ ما قال وکان ذلک عندہ علی من یصلی وحدہ وعلی الامام لا علی الماموم انتہی اب دیکھو کہ ابو الدرداء رضہ نے حدیث مرفوع عام روایت

کرکے اوس سے مقتدی کو خارج کیا ہے واخرج البخاری فی جزء القراءۃ باسناد صحیح عن عمران بن حصین انہ قال لا تزکو صلوۃ مسلم الا بوضوء ورکوع وسجود وراء الامام وان کان وحدہ بفاتحۃ الکتاب وآیتین وثلاث انتہی اب دیکھو کہ عمران بن حصین رضہ حدیث لا صلوۃ کا راوی ہے اور خود اوس نے حدیث قصہ صلوۃ

ستر یہ کی روایت کی ہو جس میں فنهاهم عن القراءة خلف الامام مرفوع روایت کی ہو اور فتوی اون کا یہ ہی جو ہم نے ذکر کیا ہی جس سی مقتدی کو حدیث لاصلوة سی خارج مانا ہی واخرج الامام مالک فی المؤطا عن نافع عن ابن عمر قال اذا صلی احدکم خلف الامام فحسبہ قراءة الامام واذا صلی وحدہ فلیقرأ وکان ابن عمر لا یقرأ خلف الامام انتہی قلت وتفصیل آثارہ وحدیثہ فی رسالتنا الدلیل المبین اب دیکھو کہ خود عبد اللہ بن عمر رض حدیث لاصلوة الخ مرفوع روایت کرتے ہیں اور پھر اوس سی مقتدی کو خارج مانا ہی اور نیز حدیث من کان لہ امام الخ کو بھی روایت کیا ہی واخرج مالک فی المؤطا والترمذی فی جامعہ والطحاوی وغیرهم واللفظ للمؤطا حدثنا وهب بن کیسان عن جابر رض انہ قال من صلی رکعة ولم یقرأ بام القران فلم یصل الا ان یکون وراء الامام انتہی ۔ و تفصیل آثارہ مطولا بما لا مزید علیہ فی رسالتنا الدلیل المبین اب دیکھو کہ جابر بن عبد اللہ انصاری رض خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث لاصلوة الخ روایت کرتا ہی اور خود اوس سے مقتدی کو خارج جانتا ہی اور حال یہ کہ حدیث منع قراءة خلف الامام ستر یہ میں روایت کی ہو جو گذر چکی بلکہ اس صحابی نے تو بہ نسبت اور صحابہ کی عمدہ تفصیل کی ہی فقد شید ارکانہ الحافظ ابو عیسی الترمذی فی جامعہ حیث قال قال الامام احمد بن حنبل معنی قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم لاصلوة الا بفاتحة الکتاب اذا کان وحدہ واحتج بحدیث جابر بن عبد اللہ من صلی رکعة ولم یقرأ فیها بام القران فلم یصل الا ان یکون وراء الامام قال احمد فهذا جابر من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قد تاول قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم لاصلوة الا بفاتحة الکتاب اذا کان وحدہ انتہی اور کہا ابو داؤد رح نے بعد نقل کرنے حدیث عبادہ رض یعنی لاصلوة الخ کے قال سفیان بن عیینة حدیث لاصلوة الا بفاتحة الکتاب اذا کان وحدہ انتہی حاصل بحث ہماری کا یہ ہی کہ حدیث لاصلوة الخ میں قید فصاعدا وغیرہ کی صحیح اور اوس کا مؤول ہونا صحابہ وغیرہم سے کہ یہ حدیث امام اور منفرد کے حق میں ہی وہ بھی صحیح ہوا تو یہ حدیث مثبت فاتحہ خلف امام کی دلیل ہرگز نہ بن سکی تو مولوی عبد الجبار صاحب مع اپنے انصار کے بے دلیل اور بے بہرہ از سنت رہی وهو المطلوب اور وہ جو مولوی عبد الجبار صاحب

نے صفحہ ۸۵ میں بڑے زور سے بیان کیا ہے کہ حدیث مذکور کے معنی[۱] وہ ہیں جو کہ امام بخاری وغیرہ نے بیان فرمائے
ہیں کہ اس حدیث کی مثال یوں ہے کہ جس طرح حدیث میں وارد ہے لا تقطع الایدی الا فی ربع دینار فصاعداً
اب جسطرح ربع دینار میں قطع ید سارق کا ہے اور زیادہ میں بدرجہ اولی ہے انتہی خلاصۃ کلام البخاری اسی
طرح فساد صلوۃ درصورت عدم قراءۃ نفس فاتحہ کے تو ضرور ہے گو کہ درصورت عدم قراءۃ غیر فاتحہ بھی ہو
تو کیا حرج ہے بہرحال فاتحہ کا پڑھنا تو ضرور ثابت ہوا انتہے خلاصۃ کلام البخاری ومن اتبعہ اسمیں مولوی
عبدالجبار صاحب نے قیاس مع الفارق سے کام لیا ہے اور جہالت کی رو سے بے محاورہ معنی کرکے خود ملزم
ہوئے کیونکہ ربع دینار کم سے کم حد واسطے قطع ید کے ہے اور زیادہ میں بدرجہ اولی قطع ید سارق ضرور ہے اور ان
دونوں میں کچھ منافات نہیں بخلاف اس حدیث کے جسکی بحث میں ہم ہیں کیونکہ اسمیں منافات ضرور موجود ہے
اور وہ یہ کہ فاتحہ کا وجوب اور ضم سورہ کی حرمت دونوں میں بون بعید ہے اسواسطے کہ خود مولوی عبدالجبار اور اُن
کے ہم مشرب لوگ ضم سورہ کو کب واجب مانتے ہیں بلکہ اوسکی حرمت کے قائل ہیں چنانچہ اونکا استدلال کرنا حدیث لا
تفعلوا الا بام القرآن اور یا کہ لا یقرأن احد کم اذا جھرت الا بام القرآن جسکو عبادہ وغیرہ سے قصہ
صلوۃ فجر میں بیان کرتے ہیں اوسمیں صریح ضم سورہ سے نہی وارد ہے بلکہ نون ثقیلہ کے ساتھ اسکو موکد
کرنا حرمت قطعی کا فائدہ دیتا ہے لہذا یہ وجہ گذارش اور امام بخاری وغیرہ کی توجیہ مولوی عبدالجبار اور اُن کے
سلف خلف کو کچھ مفید نہیں اور وہ جو مولوی عبدالجبار صاحب نے اخیر صفحہ ۸۵ میں تا نصف صفحہ
۸۹ یہ دعوی کیا ہے کہ حدیث لا صلوۃ لمن لم یقرأ بام القرآن فصاعداً میں نفی صلوۃ کی جو کہ لفظ لا سے ظاہر
ہے وہ نفی مجموع من حیث المجموع فاتحہ اور مع اوسکے ما عدا کے لحاظ سے ہے نہ ہر ہر واحد کے لحاظ سے الخ اسمیں
مولوی عبدالجبار صاحب نے اپنی جان کا بچاو کیا ہے چونکہ اون کی دلیل کسی طور درست نہ ہو سکی اسواسطے
کہ جس حدیث میں خلف امام کا ذکر تھا وہ صحیح نہ ہوئی اور جو صحیح تھی وہ اون کے مدعا کے مخالف ہے۔
لہذا اب یوں حیلہ نکالا کہ حدیث مذکور میں نفی کا متوجہ ہونا فقط ترک فاتحہ کی حالت میں ہے۔
اور لفظ فصاعدا کو شارع نے بالتبع اور بالعرض ذکر کیا ہے چنانچہ آیت یخرج منہما اللؤلؤ والمرجان

---

[۱] مولوی صاحبکی یہ غرض ہے کہ لا صلوۃ لمن لم یقرأ بفاتحۃ الکتاب فصاعدا کی توجیہ بن سکتی ہے اب اس کا جواب آگے آتا ہے منہ

ہیں علاوہ چنانچہ یا معشر الجن والانس الم یاتکم رسل منکم ہیں اور جیسا کہ آیت فلما بلغا مجمع بینہما نسیا حوتہما سو نحو ذلک من الشواھد ہیں ان مواضع وغیرہا ہیں حکم مذکو ہر ہر واحد کے ساتھ علاقہ نہیں رکھتا اسی طرح حدیث مذکور ہیں چونکہ مجموع من حیث المجموع کی بہ نسبت حکم ہو پس ایک فرد میں ثابت ہونے سے مفاد حدیث کا پورا ہو چکا لہذا النفی مذکور کو جو لا صلوۃ میں ہی فصاعدا کے ساتھ علاقہ نرہا انتہی خلاصہ کلام المولوی عبد الجبار اب دیکھو کہ مولوی عبد الجبار صاحب کو تو مرض ذہول اور جہالت نے لاچار کر دیا ہی اونکو یہ بھی معلوم نہیں کہ جو اپنے منہ سے .... سخن نکال رہی ہیں مفید پڑیگا یا نہ ہم نے مانا کہ کبھی ایسا ہوتا ہی مگر اس جگہ پر تو ہر ہر واحد کی بہ نسبت لا النفی کا یہ حکم ماننا پڑیگا کیونکہ اسی خاص حدیث ہیں اسی خاص لفظ سے اسی حیثیت سے مولوی عبد الجبار اور اون کے سلف خلف منفرد[۵] اور امام کے حق میں صحیح مانتی ہیں۔ کہ اُن دونوں پر مثل فاتحہ کی ضم سورہ بھی واجب ہی لہذا مقتدی پر بھی وجوب ضم سورہ ماننا پڑیگا اور وہ اون کے مشرب کو مضر ہی لہذا یہ حدیث امام اور منفرد پر محمول ہی کما قال ابن عیینۃ والامام احمد وجابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ اب مولوی عبد الجبار صاحب کو اس حدیث اور اسکی ہم مثل سے دست بردار ہونا ضرور ہی۔ اگر اون کو قصہ صلوۃ فجر کی حدیث جو اون کے مشرب کو مفید ہی اوس کی صحت میسر ہو سکے تو بہتر ورنہ چونکہ وہ بھی فی نفسہ ضعیف اور بیکار ہی اوس سے بھی دست بردار ہو کر فارغ خطی لیکر ادلہ منع قراۃ کو صحیح اور معتبر علی الراس والعین مانکر مذہب حنفی کو صحیح مانیں واللہ اعلم بالصواب وھو یہدی من یشاء الی صراط مستقیم اللہم اہدہم الی صراطک القدیم آمین آمین اور علی سبیل التنزل یوں تو خود مولوی عبد الجبار صاحب نے تسلیم کیا ہی کہ یہ نفی صلوۃ کی ترک فاتحہ پر بسبب اوسکے وجوب کے ہی اور ترک ضم سورۃ پر بسبب اوس کے استحباب کے ہی لہذا بناءً علیہ عرض ہی کہ مولوی عبد الجبار کا مذہب اور اون کی دلیل حدیث عبادہ رض کی جو کہ قصہ صلوۃ فجر کی ہی دونو منطبق نہ ہوسکے کیونکہ وہ حدیث تو استحباب اور سنیت اور وجوب بلکہ اباحت

[۵] حاصل یہ کہ امام اور منفرد کے حق میں نفی مذکور بحالت ترک فاتحہ اور ضم سورہ باقی ہے اور ہر ہر واحد کی طرف متوجہ ہو اب اگر مقتدی کیواسطے یہ حدیث شامل ہی تو اوسکے حق بھی یہ نفی دونوں کی ترک میں یکساں متوجہ ہونی ضرور ہی اور وہ مستدل کو مضر ہی۔ لہذا یہ حدیث اور امثال اس کی اون کے مطلب کو مفید نہیں۔ ۱۲ منہ عفی عنہ

ما عدا الفاتحہ سب کے مخالف ہو کیونکہ وہ تو ضم سورہ کی حرمت پر دال ہو اس لحاظ سے بھی حدیث لا صلوۃ
لمن لم یقرأ امام القران فصاعدا سے مولوی عبدالجبار صاحب کو دست بردار ہونا پڑا یا کہ قصہ صلوۃ فجر
کا حدیث عبادہ رض وغیرہ کو ضعیف مانکر ترک کریں واخرج الطحاوی فی معانی الآثار باسناد صحیح عن عبداللہ بن
مسعود لیت الذی یقرأ خلف الامام ملئی فوہ ترابا انتھی - ونحو ذلک من آثار الکثیرۃ آب
دیکھو کہ عبداللہ بن مسعود رض خود حدیث لاصلوۃ کا راوی ہو اور پھر اوس سے مقتدی کو خارج مان کر
مستقل وارد ہو جو کہ اس کی نفی کرے تو بجا ہے اور یہاں پر جبکہ اصل نماز تہجد کا وجود ہے تو اُن تین
راتوں میں نہ ذکر کرنا اس کی نفی نہیں کرتا واللہ اعلم ۱۲ منہ عفی عنہ

فلم یخرج علیہم فطفق رجال یقولون الصّلوٰۃ فلم یخرج الیہم حتی خرج لصلوٰۃ الفجر فلمّا قضی الفجر اقبل علی الناس ثم تشہد فقال اما بعد فانہ لم یخف علیّ مکانکم اللیلۃ لکنی خشیت ان تفرض علیکم صلوٰۃ اللیل فتعجزوا عنہا انتہٰی۔ آب اس میں صراحۃً لفظ صلوٰۃ اللیل کا وارد ہے پس معلوم ہوا کہ وہ نماز تہجد تھی کیونکہ قیام اللیل اور صلوٰۃ اللیل اُسی کو بولتے ہیں۔ جواب اس کا یہ ہے کہ ہم مقدمہ میں ثابت کر چکے ہیں کہ صلوٰۃ اللیل اور قیام اللیل لفظ مشترک ہے درمیان تہجد اور تراویح کے کما ہو فلا اشکال فیہ اصلاً۔ بحث دوسری یہ کہ احادیث مرفوعہ سے ثابت ہو کہ دونو نمازیں ایک ہیں اور رکعت بھی گیارہ سے زیادہ نہیں فقد اخرج البخاری ومسلم ومالک فی الموطا عن عائشۃ رضی اللہ عنہا قالت ما کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یزید فی رمضان ولا فی غیرہ علی احدی عشرہ رکعۃ یصلی اربعا فلا تسأل عن حسنہن وطولہن ثم یصلی اربعا فلا تسأل عن حسنہن وطولہن ثم یصلی ثلاثا الحدیث جواب اس کا دو وجہ پر ہے وجہ اوّل یہ ہے کہ یہ حدیث محمول ہے تہجد پر کیونکہ رمضان اور غیر رمضان میں وہی ہے نہ تراویح اور مغایر ہونا ان کا ہم اول بیان کر چکے ہیں پس یہ حدیث بحث ہماری سے خارج ہے۔ وجہ دوسری یہ کہ اگر اس نماز کو تراویح پر محمول کریں تو منقوض ہے کیونکہ خارج رمضان میں آپکی نماز منضبط نہیں ایک سے لیکر انیس رکعت تک ثابت ہو اور رمضان میں مخالف ہمارا اس نماز کو منضبط گیارہ میں کرتا ہے نہ زیادہ نہ کم لہٰذا یہ حدیث اس کو مضر ہے۔ بحث تیسری یہ کہ بعض ابنا زمان نے یہ اختراع کیا ہے کہ نماز تراویح کا جماعت سے پڑھنا منع اور گناہ ہے اور دلیل اسپر یہ گذاری ہے اخرج البخاری عن زید بن ثابت وعائشۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اتخذ حجرۃ قال حسبت انہ قال من حصیر فی رمضان فصلی فیہا لیالی فصلی بصلوتہ ناس من اصحابہ فلما علم بہم جعل یقعد فخرج الیہم فقال قد

بحث دوم

بحث سوم

عرفت الذی رأیت من صنیعکم فصلوا ایّھا الناس فی بیوتکم فان افضل الصلوٰۃ صلوٰۃ المرأ فی بیتہ الا المکتوبۃ قلت اخرج ھٰذا الحدیث غیر البخاری فی غیرہ۔ پس امر کرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کہ یہ نماز گھروں میں ادا کرو اگر وجوب کو نہیں چاہتا تو لا اقل استحباب کو ضرور چاہتا ہے جبکہ یہ امر ثابت ہوا تو اگر بالفرض گاہ گاہ ہو تو جائز ہے ورنہ مداومت اس کی علی سبیل التداعی کراہت سے خالی نہیں اور اسی پر دلالت کرتی ہے حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی اخرج البخاری ومسلم ومالک فی المؤطا وغیرھم عن عمرۃ عن عائشۃ قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی من اللیل فی حجرتہ وجدار الحجرۃ قصیر فرای الناس شخص النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقام اناس یصلون بصلوتہ فاصبحوا فتحدثوا بذٰلک فقام اللیلۃ الثانیۃ فقام معہ اناس یصلون بصلوتہ صنعوا ذٰلک لیلتین او ثلاثا حتی اذا کان بعد ذٰلک جلس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلم یخرج فلما اصبح ذکر ذٰلک الناس فقال انی خشیت ان تکتب علیکم صلوۃ اللیل انتہی قال ابن حجر فی فتح الباری تحت ھٰذا الحدیث وافاد عبد الرزاق ان الذی خاطبہ بذٰلک عمر رض اخرجہ عن معمر عن الزہری عن عروۃ عن عائشۃ انتہی۔ بلکہ بہت سے لوگوں نے سلف صالح سے اس کو بغیر جماعت کے ادا کیا ہے اور امام طحاوی نے معانی الآثار میں اسی کو ترجیح دی ہے اور عبد اللہ بن عمر رض اور عبد اللہ بن الزبیر رض اور سعید بن جبیر اور ابراہیم نخعی اور قاسم بن محمد اور عروۃ بن الزبیر اور سالم بن عبد اللہ اور نافع مولی ابن عمر رض سے تنہا پڑھنا نقل کیا ہے۔ من شاء فلیرجع الیہ وتفصیلہ فی موضعہ واللہ اعلم۔ بلکہ حضرت عمر رض نے جب لوگوں کو جمع کیا ابی بن کعب پر تو خود جماعت سے نہیں پڑھی بلکہ اس جماعت کو بدعت قرار دیا فقد اخرج مالک فی المؤطا والبخاری فی صحیحہ عن عبد الرحمن القاری انہ قال خرجت مع عمر بن الخطاب الی المسجد فاذا الناس اوزاع متفرقون یصلی الرجل لنفسہ ویصلی الرجل فیصلی بصلوتہ

رهط فقال عمر واللہ لا رانی لو جمعت هولاء علی قاری واحد لکان امثل فجمعهم علی ابی بن کعب ثم خرجت معه لیلة اخری والناس یصلون بصلوٰة قارئهم فقال عمر نعمت البدعة هذه والتی تنامون عنها افضل من التی تقومون وکان الناس یقومون اوله انتهی۔ جواب اس کا یہ ہے کہ یہ حکم علی الاطلاق صحیح نہیں بلکہ اس میں تفصیل ہے وہ یہ کہ جماعت تراویح کی سنت علی الکفایہ ہے اگر چند اشخاص ترک اور چند نہ کریں تو وہ مواخذہ دار نہیں اور اگر سب کے سب ترک کریں تو ترک سنت کفایہ پر ان کو مواخذہ ہوگا بہر حال جماعت کو علی الاطلاق فضیلت ہے اور وہ جو مخالف نے وجوہات اپنے مدعا کے واسطے بیان کیے ہیں اس کی لاعلمی .... پر دلالت کرتی ہیں اور سلف خلف کی کلام کے مخالف ہے کیونکہ غرض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شروع فرمانا جماعت کا تھا۔ مگر بسبب خوف فرضیت کو آپ نے تین رات جماعت کرکے یہی عذر پیش کیا چنانچہ حدیث حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے یہ بات واضح ہے ورنہ اگر یہ عذر نہ ہوتا تو آپ مداومت فرماتے تو مداومت حقیقی اگرچہ نہ فرمائی مگر مداومت حکمی ضرور ثابت ہے اور چونکہ بعد وفات آپکی وہ خوف موقوف ہوا لہذا جماعت کے ساتھ ادا کرنا سنت قرار پایا وهو الصواب قال صاحب الهدایة السنة فیها الجماعة لکن علی وجه الکفایة حتی لو امتنع اهل المسجد عن اقامتها کانوا مسیئین ولو اقامها البعض فالمتخلف عن الجماعة تارك للفضیلة لان افراد الصحابة یروی عنهم التخلف انتهی وقال الامام العینی فی شرح الهدایة قال ابوبکر الرازی المشهور عن اصحابنا ان اقامتها فی المساجد افضل منها فی البیت وعلیه الاعتماد لان عمر رض جمع الناس علی اقامتها فی جماعة وذکر الطحاوی فی کتاب اختلاف العلماء عن المعلی عن ابی یوسف ان امکن ان یصلیها فی بیته مع مراعاة سنة القراءة واشباهها فلیصلها وهکذا حکاه فی المبسوط وقال وهو قول

مالک والشافعی وغیرہما فی جوامع الفقہ عن ابی یوسف وقال عیسٰی بن ابان والقاضی بکار بن
قتیبۃ قاضی مصر والمزنی وابن عبد الحکم واحمد بن حنبل واحمد بن ابی عمران شیخ الطحاوی
ان الجماعۃ احب افضل وہو المشہور عند عامۃ العلماء وقال صاحب المبسوط ہو الاصح
والاوفق انتہی کلام العینی ملخصًا وقال الامام ابن الہمام فی فتح القدیر ذکر الطحاوی
عن ابن عمر وعروۃ والقاسم وابراہیم ونافع وسالم التخلف عن الجماعۃ وعن ابی یوسف
ان امکنہ اداءہا فی بیتہ مع مراعات السنۃ فلیصلہا فی بیتہ الا ان یکون فقیہا
یقتدی بہ لقولہ علیہ السلام علیکم بالصلوٰۃ فی بیوتکم فان خیر صلوٰۃ المرء فی بیتہ
الا المکتوبۃ وجوابہ ان قیام رمضان مستثنی من ذلک لما تقدم من فعلہ علیہ الصلوٰۃ
والسلام وبیان العذر فی ترکہ وفعل الخلفاء الراشدین انتہی کلام الامام ابن الہمام
وقال صاحب المنیۃ اقامۃ التراویح بالجماعۃ ایضًا سنۃ علی الکفایۃ حتی لو ترک اہل
المحلۃ کلہم وصلوا فی بیوتہم فقد ترکوا السنۃ وقد اساءوا فی ذلک ولو تخلف رجل
من افراد الناس وصلی فی بیتہ فقد ترک الفضیلۃ لا السنۃ انتہی وقال الامام النووی
فی شرح صحیح مسلم قال الامام الشافعی وجمہور اصحابہ وابو حنیفۃ وبعض المالکیۃ وغیرہم
الافضل صلوتہا جماعۃ کما فعل عمر بن الخطاب والصحابۃ واستمر علیہ عمل المسلمین لانہ
من الشعائر الظاہرۃ فاشبہ صلوٰۃ العید انتہی مختصرًا اور کہا شیخ الاسلام ابن تیمیہ نے
منہاج السنۃ میں قد ثبت ان الناس کانوا یصلون باللیل جماعۃ فی رمضان علی العہد
النبوی وثبت انہ صلی اللہ علیہ وسلم صلی لیلتین او ثلاثا کما فی الصحیحین وغیرہما انتہی
مختصرًا وقال بعید ہذا وروی عن علی انہ قال نور اللہ قبر عمر کما نور علینا مساجدنا
وعن عبد الرحمن السلمی ان علیا دعی القراء فی رمضان فامر رجلا ان یصلی بالناس عشرین
رکعۃ وعن عرفجۃ کان علی یامر الناس بقیام رمضان ویجعل للناس امامًا وللنساء امامًا
قال عرفجۃ فکنت انا امام النساء انتہی کلامہ اور اسی طرح علامہ حلبی اور بہت سے علماء نے

اس مسئلہ کو لکھا ہے اور تفصیل اس کی مولوی عبدالحیؒ لکھنوی نے اپنی کتاب تحفۃ الاخیار فی احیاء سنۃ سید الابرار میں فرمائی ہے من شاء فلیرجع الیہ آور میں کہتا ہوں کہ یہی حق اور صواب ہے سنت ہونے کی وجہ تو ظاہر ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جماعت سے ادا کی اور بہ سبب خوف فرضیت کے مواظبت حقیقی ترک کی اور حکمی روا رکھی اور حدیث قولی سے رغبت فرمائی حتی کہ تمام رات کے قیام کا اجر فرمایا کما مر حدیثہ۔ اور خلفاء کے وقت بھی اجماعًا اور علی سبیل التداعی یہ امر جاری رہا اور کفایہ اس واسطے کہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلا جماعت بیس رکعت ادا فرمائی کما مر من حدیث ابن عباس آور نیز ابی بن کعب نے جب جماعت کی آپ نے اس کی صفت فرمائی اور خود شامل نہ ہوئے کما مر من حدیث ابی ھریرۃ عند ابی داؤد اور خود حضرت عمرؓ نے ابی بن کعب پر لوگوں کو جمع کیا اور تعریف فرمائی اور خود شامل نہ تھے و نحو ذٰلک من الوجوھات۔ واللہ اعلم بالصواب۔ **بحث چوتھی** یہ کہ جو لوگ آٹھ رکعت تراویح کے قائل ہیں وہ دو مسلک رکھتے ہیں مسلک اوّل اُن کا دو حدیثیں ہیں آول حدیث حضرت عائشہؓ کی جو کہ گذر چکی اعنی قولھا ما کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یزید فی رمضان ولا فی غیرہ علی احدی عشرۃ رکعۃ یصلی اربعًا فلا تسأل عن حسنھن وطولھن ثم یصلی اربعًا فلا تسأل عن حسنھن وطولھن ثم یصلی ثلاثا الحدیث بطولہ جواب اس کا گذر چکا کہ یہ حدیث نماز تہجد پر محمول ہے اور کہا شمس الہند اعنی شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ نے اپنے رسالہ تراویح میں کہ حدیث حضرت عائشہؓ محمول بر نماز تہجد ست کہ در ماہ رمضان وغیر رمضان یکسان بود وغالبًا عددش بقدر یازدہ رکعت مع الوتر میرسید دلیل برین حمل آن ست کہ راوی این حدیث ابو سلمہ در تتمہ این روایت میگوید قالت عائشۃ رضؓ فقلت یا رسول اللہ اتنام قبل ان توتر قال یا عائشۃ ان عینی تنامان ولا ینام قلبی وظاہر کہ نوم قبل از وتر در نماز تہجد متصور میشود نہ در غیر آن و روایات زیادت محمول بر نماز تراویح ست کہ در عرف آن وقت بقیام رمضان مسمی بود کہ انحضرتؐ در حق آن فرمودہ است من قام رمضان

ایماناً واحتساباً غفرلہ ما تقدم من ذنبہ ولہذا در کتب حدیث باب قیام رمضان جدا گانہ

ارباب قیام اللیل کہ عبارت از تہجد ست منعقد کردہ الی اخر ما قال شاہ عبد العزیز فی رسالتہ

میں کہتا ہوں کہ استنباط شاہ صاحب موصوف کا یہ خلاصہ ہے کہ یارسول اللہ اتنام قبل ان توتر

کے معنے یہ ہیں کہ آپ قبل وتر کے خواب فرماتے ہیں تب آپنے یہ جواب فرمایا تو اس صورت میں

معنے حدیث کے یہ ہوئے جو کہ ابن عبد البر نے لکھا ہے قال ابن عبد البر فی الحدیث تقدیم وتاخیر

ومعناہ انہ کان ینام قبل صلوتہ وھٰذا یدل علیٰ انہ کان یقوم ثم ینام ثم یقوم ثم ینام

ثم یقوم فیوتر انتہیٰ کذا نقلہ الفاضل اللکنوی فی حاشیۃ الموطا اور اس قسم کی حادیث

بہت ہیں کتب حدیث میں جو چاہے دیکھے۔ اور وہ نماز بجز تہجد کے ہرگز متصور نہیں کیونکہ تراویح

کی نماز آپنے تین رات فقط ادا کی ہے اور بالاجماع قبل از نوم تھی۔ پس استنباط شاہ صاحب کا خوب

عمدہ ہے اور یہ معنے شاہ صاحب کی کلام کے اس عاجز کی طرف سے ہیں ورنہ واللہ اعلم بکلام اولیائہ

حاصل یہ کہ اس حدیث سے مستدل کا استدلال درست نہیں واللہ اعلم بالصواب۔

حدیث دوسری حضرت جابر بن عبد اللہ انصاری رض کی ہے جس سے وہ لوگ آٹھ رکعت کا

ثبوت نص کے طور پر بیان کرتے ہیں اخرج الطبرانی فی معجمہ الصغیر حدثنا عثمان بن عبد اللہ

الطلحی الکوفی ثنا جعفر بن حمید ثنا یعقوب بن عبد اللہ القمی عن عیسیٰ بن جاریۃ عن

جابر بن عبد اللہ قال صلیٰ بنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی رمضان ثمان رکعات

والوتر فلما کانت القابلۃ اجتمعنا فی المسجد ورجونا ان یخرج فلم یخرج فلم نزل حتی اصبحنا

ثم دخلنا فقلنا یارسول اللہ اجتمعنا البارحۃ ورجونا ان تصلے بنا فقال انی خشیت

ان یکتب الوتر انتہیٰ واخرج ابن حبان وابن خزیمۃ نحوہ۔ اب یہ حدیث مبین ان

احادیث کی ہے جو کہ بخاری اور موطا وغیرہما میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا وغیرہا سے مروی ہے

کہ تین رات آپنے جماعت کے ساتھ ادا کی اور ان میں عدد تراویح کا مذکور نہیں پس یہ ان کے

بیان کر لیے کافی ہے۔ واخرج ابو یعلی الموصلی علی ما نقلہ الہیثمی فی مجمع الزوائد عن

ف۱ یہ استعمال اس وقت ہے کہ جب تراویح اور تہجد کا مقابلہ پڑے ورنہ یہ لفظ مشترک ہیں جیسا کہ مامر حالہ ۱۲ منہ عفی عنہ

عن جابر قال جاء ابی بن کعب الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ انہ کان منی اللیلۃ شئی یعنی فی رمضان قال وما ذاک یا ابی قال نسوۃ فی داری قلن انا لا نقرأ القرآن فنصلی بصلوتک قال فصلیت بھن ثمان رکعات واوترت فکانت سنۃ الرضا ولم یقل شیئا انتہی ثم قال الھیثمی اسنادہ حسن انتہی - جواب اس کا چند وجہ پر ہے - وجہ اول یہ کہ یہ حدیث مجروح اور ضعیف ہے سند کی رو سے اول اسناد اس کی میں جعفر بن حمید انصاری ہے اور وہ مجہول ہے کیونکہ امام ذہبی نے میزان الاعتدال میں اس کی تعدیل اور جرح کچھ بیان نہیں کی اور عبارت اس کی یہ ہے جعفر بن حمید الانصاری عن جدہ لامہ عمر بن ابان المزنی انہ رای انسا انفرد عنہ الطبرانی بما اخبرناہ ابن سلامۃ اجازۃ عن الرازانی اخبرنا ابو علی اخبرنا ابو نعیم اخبرنا الطبرانی اخبرنا جعفر ابن حمید بن عبد الکریم بن فروخ بن دیزج بن بلال بن سعد الانصاری الدمشقی حدثنی جدی لامی عمر بن ابان بن معقل المدنی قال ارانی انس بن مالک الوضوء فمسح صماخیہ وقال یا غلام النھض من الراس ھکذا رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یتوضأ، قلت وعمر بن ابان لا یدری من ھو والحدیث ثمانی لنا علی ضعفہ انتہی کلام الذہبی بعینہ وقال صلاح الدین العلائی فی عشاریاتہ ھو وشیخہ لم یذکرھما احد بتوثیق ولا تضعیف انتہی اور یعقوب بن عبد اللہ القمی مختلف فیہ ہے - کہا حافظ ابن حجر نے تقریب التہذیب میں صدوق یہم انتہی - اور کہا امام ذہبی نے میزان الاعتدال میں قال الدارقطنی لیس بالقوی وقال النسائی وغیرہ لیس بہ باس انتہی اور عیسے بن جاریہ بہت متکلم فیہ ہے کہا ذہبی نے میزان الاعتدال میں عیسی بن جاریۃ الانصاری عن جابر مدنی وعنہ یعقوب القمی عندہ مناکیر انتہی مختصرا - لہذا یہ حدیث صحیح بلکہ حسن بھی نہوئی کیونکہ مجہول کی روایت اہل تحقیق کے نزدیک مقبول نہیں دیکھو شیخ الاسلام ذہبی میزان میں فرماتے ہیں سمرۃ بن

حدیث جابر کا جواب

روی جماعۃ قال ابن معین عندہ مناکیر قال النسائی منکر الحدیث وجاء

سہم لا یعرف فلا حجۃ فیمن لیس بمعروف العدالۃ ولا انتفت عنہ الجہالۃ انتہی وقال الامام الذہبی فی ترجمۃ ابی سہل قال ابو الحسن بن القطان کلّ مجہول ضعیف لا بالعکس انتہی غرض کہ یہ حدیث کسی طرح مقبول نہیں پس حجت نہوئی واللہ اعلم۔ وجہ دوسری یہ کہ باوجود متکلم فیہ ہونے کے متفق علیہ حدیث پر زیادتی رکھتی ہے جس کو بخاری مسلم وغیرہما حضرت عائشہ رض اور حضرت عمر رض وغیرہما سے روایت کرتے ہیں کیونکہ اُن میں تین رات جماعت کے ساتھ ادا کرنا ثابت ہے اور عدد رکعات کا ان میں ذکر نہیں پس شاذ ہوئی بلکہ منکر۔ علاوہ ازاں ابن حجر مکی نے بیہقی کی سند سے ثابت کیا ہے کہ ان تین رات کی نماز بیس رکعت تہی اور سند اس حدیث کی جابر کی حدیث سے کم نہیں کما مر عالہ فلا تعارضا تساقطا پہر بہی مدعا ہمارا ثابت ہے وجہ تیسری یہ کہ خود مخالف ہمارا اس امر کا قائل ہے کہ عدد کا بیان صحیح طور پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی نہیں چنانچہ شیخ جلال الدین سیوطی اور سبکی وغیرہما سے اس کی وجہ گذر چکی لہذا یہ حدیث بہی اُس کے نزدیک ضعیف ہونی ضرور ہے اور وہ جو دوسرے طریق سے مروی ہے وہ ایک واقع عین ہے وقد تقرر فی موضعہ ان الوقائع لا عموم لہا علاوہ ازاں اس حدیث تقریری سے ظاہر ہے کہ آٹھ رکعت کی عادت نہ تہی ورنہ ابی بن کعب رض تعجب کے ساتھ سوال اور کلام نہ کرتے لہذا فالمقصود غیرہ۔ وجہ چوتھی یہ یہ حدیث اجماع کے خلاف ہے اب اگر بالفرض صحیح السند ہو تب بھی معلول یا کہ منسوخ ہونی چاہیے چنانچہ مقدمہ ثالثہ میں ہم اس کی تفصیل کر چکے۔ اگر کوئی شبہ کرے کہ حضرت عمر رض سے آٹھ رکعت مروی ہیں چنانچہ مؤطا میں یہ اثر موجود ہے تو ہم کہتے ہیں کہ جواب اُس کا آگے آتا ہے مسلک دوسرا ان لوگوں کا جو آٹھ رکعت کے قائل ہیں اثر خلیفہ ثانی کا ہے جس کو امام مالک رحمہ اللہ نے مؤطا میں روایت کیا ہے اور وہ یہ ہے مالک عن محمد بن یوسف عن السائب بن یزید انہ قال امر عمر بن الخطاب ابی بن کعب وتمیما الداری ان یقوما

للناس باحدی عشرۃ رکعۃ قال وکان القاری یقرأ بالمئین حتی کنا نعتمد
علی العصی من طول القیام وما کنا ننصرف الا فی فروع الفجر انتہی واخرج الامام
الطحاوی فی معانی الآثار نحوہ واخرج سعید بن منصور فی سننہ من طریق الدراوردی
......عن محمد بن یوسف نحو ذلک کذا نقلہ السیوطی فی رسالتہ جواب اسکا دو
وجہ پر ہے وجہ اول یہ کہ محمد بن یوسف اگرچہ فی نفسہ ثقہ ہے مگر اُس نے یزید بن خصیفہ کی
مخالفت کی ہے اور وہ اُس سے زیادہ حافظ اور اجماعی سب صحاح والوں کا شیخ ہے بلکہ
جسقدر اس اثر کی سندیں اول گذر چکی ہیں محمد بن یوسف سب کا مخالف ہوا ہے۔ وجہ
دوسری یہ کہ محمد بن یوسف کی روایت مضطرب ہے کیونکہ اس روایت میں امام مالک رحمہ
اُس سے آٹھ روایت کی ہیں اور عبدالرزاق بن ہمام نے اُس سے اکیس روایت کی ہیں
چنانچہ محمد بن نصر مروزی سے ابن حجر نے فتح الباری میں نقل کیا ہے اور محمد بن اسحاق نے
اُس سے تیرہ رکعت روایت کی ہیں کما فی فتح الباری اور امام مالک رحمہ نے خود یزید بن خصیفہ
سے اسی سند کے ساتھ بیس رکعت روایت کیں کما مر لہذا محمد بن یوسف کی سند مضطرب
ہوئی اور وہ قسم ضعیف کا ہے واللہ اعلم۔ اگر کوئی شبہ کرے کہ شاید اول زمانہ میں آٹھ
رکعت ہوں اور بعد میں بیس چنانچہ اس امر کو بہت لوگوں نے تسلیم کیا ہے قال ابن عبد البر
بعد نقل اثر عمر صلی احدی عشرۃ رکعۃ الخ روی غیر مالک فی ھذا الحدیث
ثلاثا وعشرین وھو الصحیح ولا اعلم احدا قال فیہ احدی عشرۃ الا مالکا ویحتمل
ان یکون ذلک اولا ثم خفف عنہم طول القیام ونقلہم الی ثلاث وعشرین
رکعۃ الا ان الاغلب ان قولہ احدی عشرۃ وہم انتہی وقال الزرقانی لا وہم
مع ان الجمع بالاحتمال الذی ذکرہ قریب وبہ جمع البیہقی ایضا انتہی وقال علی
القاری فی شرح المشکوٰۃ قال البیہقی روایۃ احدی عشرۃ موافقۃ لروایۃ
عائشۃ فی عدد قیامہ صلی اللہ علیہ وسلم فی رمضان وغیرہ وکان عمر امر بہذا العدد

اعتراض علیہ

زمانا ثم کانوا یقومون علی عهده بعشرین رکعة وکانوا یقرؤن بالمئین وکانوا یتوکاون علی العصی انتہیٰ۔ اسی طرح اور بہت سے علمانے تطبیق دی ہے زیادہ لکھنے کی کچھ حاجت نہیں واللہ اعلم بالصواب۔ **جواب** اس کا دو وجہ پر ہے وجہ اول یہ کہ ہم بیان کرچکے کہ آٹھ رکعت کی روایت مضطرب ہے اور وہ قسم ضعیف کا ہے بلکہ ایک طور سے اُس میں بھی بیس ہی ثابت ہیں چنانچہ عبدالرزاق بن ہمام کی روایت میں۔ پس ترجیح اسی کو ہوگی کیونکہ اور دو سندوں میں بیس ہی صحیح ہیں اور نیز اس کے شواہد ہیں اور آٹھ رکعت کا کوئی شاہد نہیں۔ وجہ دوسری یہ ہے کہ اگر بالفرض اسی طرح ہو جس طرح معترض نے کہا ہے تب بھی ہمارا مدعا ثابت ہے کیونکہ اجماع مؤخر اختلاف متقدم کا رافع ہے جیسا کہ ہم مقدمہ رابع میں اس کو ثابت کرچکے ہیں۔ حاصل یہ کہ بیس رکعت ہی عمدہ طور مشروع ہیں اور نیز اسی میں احتیاط ہے۔

بحث پانچویں یہ ہے کہ اگرچہ روایات اور عمل درآمد علماء نامدار کا مختلف رہا ہے مگر اتباع سنت وہی آٹھ رکعت ہیں پس جو شخص آٹھ سے زیادہ بڑھکر پڑھے اس کو ثواب کم ملیگا گو کہ آٹھ سے زیادہ میں گناہ نہ ہو۔ جواز اور بات ہے اور مسنون ہونا اور بات ہے۔ کہا مولوی محمد حنیف صاحب نے اپنے اشتہار میں واضح ہو کہ سلف صالحین کا گیارہ سے زیادہ رکعات پڑھنا صرف اس خیال سے تھا کہ انہوں نے کثرت نوافل سمجھکر گیارہ سے زیادہ تعداد بڑھا دی نہ یہ کہ اس کو نماز رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم قرار دیا ہو اور گیارہ پڑھنے والوں کو طعن تشنیع سے پیش آتے ہوں جیسا کہ آجکل حنفیوں نے وتیرہ کر رکھا ہے۔ مگر اتباع نبوی میں جو ثواب ہے وہ اپنی مجوزہ رکعت میں نہیں ہو سکتا جواز اور بات ہے اور اتباع سنت اور بات ہے انتہیٰ۔ اور نیز اگر آٹھ رکعت مسنون ہے زیادہ کرنا اس وجہ سے ہے کہ احتیاط اس میں ہے یعنے اختلاف سے بچنا اور یہ وجہ گذاری جاوے کہ بیس میں آٹھ بھی داخل ہیں تو یہ بات بھی کچھ نہیں کیونکہ شارع علیہ السلام کی وضع اور تعداد کو پورا دخل ہے اور بجز اس کے کوئی عمل مقبول نہیں مثلاً اگر کوئی فرض ظہر کو چار رکعت سے زیادہ ادا کرے وہ

سعود عنہم

کب مقبول ہوگی اور اگر اس کو احتیاط قرار دیا جاوے تو پھر جن کا مذہب بیس سے زیادہ
کا ہے اس کو معمول بہ قرار دینا چاہیے۔ مثلاً چھتیس رکعت یا کہ اکتالیس وغیرہما اور حال یہ
کہ ان کے آثار بھی وارد ہیں قال القسطلانی فی ارشاد السّاری شرح صحیح البخاری
روی البیھقی فی سننہ باسناد صحیح کما قال ابن العراقی فی شرح التقریب عن
السائب بن یزید قال کانوا یقومون علی عھد عمر فی شھر رمضان بعشرین رکعۃ
وقال الحلیمی السر فی کونھا عشرین ان الرواتب فی غیر رمضان عشر رکعات
فضوعفت لانہ وقت جد وتشمیر واختار مالک ان تصلی ستّ وثلاثون رکعۃ
غیر الوتر وقال ان علیہ العمل بالمدینۃ وقد قال المالکیۃ کانت ثلاثا وعشرین
ثم جعلت تسعا وثلاثین وذکر فی النوادر عن ابن حبیب انھا کانت اولا احدی
عشرۃ رکعۃ الا انھم کانوا یطیلون القراءۃ فیہ فثقل علیھم فزادوا فی عدد
الرکعات وخففوا القراءۃ وکانوا یصلون عشرین غیر الوتر ثم خففوا القراءۃ
وجعلوا عدد رکعاتھا ستّا وثلثین ومضی الامر علی ذلک وفی مصنف ابن
ابی شیبۃ عن داؤد بن قیس قال ادرکت الناس بالمدینۃ فی زمن عمر بن
عبدالعزیز وابان بن عثمان یصلون ستّا وثلاثین رکعۃ ویوترون بثلث
وانما فعل اھل المدینۃ ھذا لانھم ارادوا مساواۃ اھل مکۃ فانھم کانوا
یطوفون سبعا بین کل ترویحتین فجعل اھل المدینۃ مکان کل سبع اربع رکعات
وقد حکی الولی بن العراقی ان والدہ الحافظ لما ولی امامۃ مسجد المدینۃ احیی فی
ذلک سنتھم القدیمۃ مع مراعات ما علیہ الاکثر فکان یصلی التراویح اوّل
اللیل بعشرین رکعۃ علی المعتاد ثم یقوم اٰخر اللیل فی المسجد بست عشرۃ
رکعۃ فیختم فی شھر رمضان بالجماعۃ ختمتین واستمر علیہ عمل اھل المدینۃ
فھم علیہ الی الاٰن وقال النووی قال الشافعی والاصحاب لا یجوز ذلک

اى صلاتها ستا وثلاثين ركعة لغير اهل المدينة لان لاهلها شرفا وهذا
يخالف قول الشافعى المروى عنه فى كتاب المعرفة للبيهقى وليس فى شئ من هذا
ضيق ولا حد ينتهى اليه لانه نافلة فان اطالوا القيام واقلوا السجود فحسن و
هذا احب الى وان اكثروا الركوع والسجود فحسن وقال الحنابلة التراويح عشرون
ولا باس بالزيادة نصا اى عن الامام احمد انتهى ملخصا وقال الباجى كان الامر
على عشرين ركعة الى يوم الحرة فثقل عليهم القيام فنقصوا من القراءة وزادوا
الركعات فجعلت ستا وثلثين ركعة غير الشفع والوتر وروى محمد بن نصر عن
داؤد بن قيس انه قال ادركت الناس فى امارة ابان بن عثمان وعمر بن عبد العزيز
يعنى بالمدينة يقومون بست وثلاثين ركعة ويوترون بثلاث قال مالك وهو
الامر القديم عندنا انتهى وقال الترمذى فى جامعه واختلف اهل العلم فى
قيام رمضان فراى بعضهم ان يصلى احدى واربعين ركعة مع الوتر وهو قول
اهل المدينة والعمل على هذا عندهم بالمدينة واكثر اهل العلم على ما روى
عن على وعمر وغيرهما من اصحاب النبى صلى الله عليه وسلم وهو قول سفيان الثورى
وابن المبارك والشافعى وقال الشافعى هكذا ادركت ببلدنا بمكة يصلون عشرين
ركعة وقال احمد روى فى هذا الوان لم يقض فيه بشئ وقال اسحق بن مختار
احدى واربعين ركعة على ما روى عن ابى بن كعب انتهى ۔ اور اگر کسی کو اس سے
زیادہ تفصیل منظور ہو وہ فتح الباری کو مطالعہ فرماوے اس میں آثار ائمہ تابعین اور تبع
تابعین کے بہت نقل فرمائے ہیں مثل اسود بن یزید اور زرارۃ بن ابی اوفی اور نافع مدنی
اور سعید بن جبیر وغیرہم وتفصیلہ فیہ اور امام عینی نے شرح صحیح بخاری میں اس سے
زیادہ بحث کی ہے اور بہت اختلاف نقل کیا ہے واللہ اعلم حاصل اس بحث کا یہ ہے کہ
اگر مسنون طور پر ہو تو آٹھ ہیں اور اگر سنت نبوی منظور نہیں تو حنفی بیس سے زیادہ

کیوں نہیں ادا کرتے واللہ اعلم - جواب اسکا یہ ہر کہ آٹھ کا مسنون ہونا ہم کو مسلّم نہیں
بلکہ مسنون وہی بیس رکعت ہیں کیونکہ ثبوت اُن کا سنّت نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ہو چکا
اور سنت خلفاء راشدین اور مجمع علیہ صحابہ کا بھی وہی مقرر ہو چکا - رہا یہ امر کہ بیس سے
زیادہ کا عمل پس وہ سنت نبوی اور خلفاء راشدین کے بعد واقع ہے پس مسنون ہونا اُس کا
بایں طور کہ اس کو صلوٰۃ تراویح جو کہ وظیفہ مختصہ ماہ رمضان کا ہے قرار دیا جاوے ہرگز نہیں
ہو سکتا اور مقصود ہمارا وہی تھا اور ائمہ حدیث کی کلام سے جو کہ قسطلانی وغیرہ نے بیان
کیا ہے اُس سے صاف ثابت ہر کہ اہل مدینہ نے وہ رکعات جو کہ بیس پر زائد ہیں وہ بمقابلہ
طواف کعبہ کے جو کہ اہل مکّہ ہر ترویحہ کے بعد ادا کرتے تھے اختیار کی ہے نہ یہ کہ وہ رکعات اصل سنت
نبوی یا کہ سنت خلفا تھی یا کہ وہ مجمع علیہ صحابہؓ کا تھا اور نیز وہ لوگ ہر ترویحہ کو باجماعت ادا
کرکے چار رکعت فرادی فرادی ادا کرتے تھے تا کہ وہ بمقابلہ طواف اہل مکہ کے جو کہ وہ بھی فرادی
فرادی عمل تھا مساوی ہو جاوے اور اس بات کو ہم کب منع کرتے ہیں اگر بعد ہر ترویحہ کے چار رکعت
فرادی فرادی ادا کی جاوے اور اس حیثیت سے اگر بیس پر زائد ہو جاویں تو ہم کو کب مضر ہے
بلکہ جس قدر عبادت کریں اُسی قدر اجر زیادہ پاویں گے مگر اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ
بیس رکعت سُنّت نہوں اور یا کہ رکعات زائد صلوٰۃ تراویح قرار دی جاویں جو کہ ایک
وظیفہ مختصہ اس ماہ کا ہے بلکہ اس تقریر سے معلوم ہوتا ہے کہ اصل صلوٰۃ تراویح جو کہ
خاص ماہِ رمضان کا وظیفہ ہے اہل مدینہ میں بھی وہی تھا لہذا اس وجہ سے اہل حرمین
کا اجماع بیس ہی پر مقرر رہا فاحفظہ لعلک لا تجدہ عند غیرنا - اگر کوئی اعتراض
کرے کہ پھر اس کے کیا معنے کہ اوّل آٹھ تھی اور پھر اُس پر زیادتی کرکے بیس مقرر ہوئی -
کہا علامہ قسطلانی نے وذکر فی النوادر عن ابن حبیب انھا کانت اولا احدی
عشرۃ رکعۃ الا انہم کانوا یطیلون القراءۃ فیہ فثقل علیہم فزادوا فی عدد
الرکعات الخ انتہیٰ امام شافعی کی کلام سے خود ثابت ہر کہ وہ فرماتے ہیں دلیس فی

الاعتراض علیہ

شیئی من ھذا ضیق انتہیٰ مختصراً۔ اور خود امام مالک رح سے مروی ہے کہ آٹھ سے زیادہ
خدا جانے لوگوں نے کہاں سے اخذ کیا ہے چنانچہ ابن جوزی فرماتے ہیں قال السیوطی
فی رسالتہ قال ابن الجوزی من اصحابنا عن مالک انہ قال الذی جمع علیہ الناس
عمر احب الی وھو احدی عشرۃ رکعۃ وھی صلوٰۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
قیل لہ احدی عشرۃ بالوتر قال نعم وثلاث عشرۃ قریب قال ولا ادری من
این احدث ھذا الرکوع الکثیر وقال ابن الجوزی ان عدد الرکعات فی شہر رمضان
لا حد لہ عند الشافعی لانہ نافلۃ انتہیٰ جواب اس کا یہ ہے کہ ہم کو اس میں بحث ہے وہ
یہ کہ ابن حبیب مالکی کا یہ قول صحیح نہیں کیونکہ اہل مدینہ کا عمل قدیم سے امام مالک نے زائد
علی العشرین روایت فرمایا ہے بلکہ یہ عمل ان کا درجہ تواتر کو پہونچ چکا ہے لہذا یہ قول قابل
قبول نہیں اور ابن جوزی جو امام مالک سے نقل کرتا ہے وہ نہایت ضعیف ہے کیونکہ قائل
اس کا مجہول ہے اور قول صریح امام مالک کے مخالف ہے اور یہ امر عند الموافق والمخالف
اشہر اور اظہر من الشمس ہے کہ اہل مدینہ کا عمل درآمد امام مالک کے نزدیک قوی حجت ہے اور
ان کا خلاف امام مالک کے نزدیک خلاف صواب ہے الا ما شاء اللہ اور امام شافعی رح سے
جو نقل کیا ہے یعنے قولہ ان عدد الرکعات فی شہر رمضان لا حد لہ عند الشافعی لانہ
نافلۃ انتہیٰ تو یہ بات زائد علے العشرین پر صحیح ہو سکتی ہے نہیں پر کیونکہ امام شافعی
کے نزدیک اہل مکہ اور اہل مدینہ میں فرق ہے اہل مکہ کے واسطے امام شافعی تیئیس رکعت
مقرر کرتے ہیں اور اہل مدینہ کے واسطے زائد علی العشرین مقرر فرمایا ہے جیسا کہ امام نووی
وغیرہ کی کلام سے یہ امر بخوبی واضح ہے کیونکہ ترمذی نے قول امام شافعی کا بیس رکعت نقل
کر کے فرمایا قال الشافعی ھکذا ادرکت ببلدنا مکۃ یصلون عشرین رکعۃ انتہیٰ
اور اہل مدینہ کے واسطے فرمایا لا یجوز ست وثلاثون لغیر اھل المدینۃ لان لاھلھا
شرفا انتہیٰ۔ وعن الزعفرانی عن الشافعی رایت الناس یقومون بالمدینۃ

ابن حبیب

بتسع وثلاثين وبمكة بثلاث وعشرين وليس فی بشئ من ذلك ضيق انتهیٰ
كذا نقله الحافظ ابن حجر فی فتح الباری وغیرہ فی غیرہ الحاصل یہ کہنا کہ لا حد له
زائد علی العشرین پر صحیح ہو سکتا ہے نہ غیر یہ واللہ اعلم بالصواب خلاصہ مطلب اس
رسالہ کا یہ ہے کہ ہم نے اوّل میں بیس رکعت کے ثبوت کے واسطے ایک تمہید اور چار مقدمات
مرتب کیے ہیں تمہید کا خلاصہ یہ کہ وتر اور تہجد اور تراویح تینوں غیر غیر ہیں جس سے ثابت
ہوا کہ حدیث حضرت عائشہ رض کی اعنی ما کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یزید
فی رمضان ولا فی غیرہ علی احدی عشرۃ رکعۃ الخ بحث ما نحن فیہ سے خارج ہے
اور اس سے مستدل کا مطلوب ثابت نہیں ہوتا کما مر تقریرہ علاوہ ازاں منقوض ہے اور اپنی
حصر پر باقی نہیں نقلاً خرج الامام عبداللہ بن احمد فی مسندہ حدثنا عبداللہ
حدثنی العباس بن الولید النرسی ثنا ابو عوانۃ عن ابی اسحٰق عن عاصم بن ضمرۃ
قال سئل علی عن صلوٰۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال کان یصلی من اللیل
ست عشر رکعۃ حدثنا عبداللہ ثنا ابو عبدالرحمن بن عمر ثنا عبدالرحیم یعنی
الرازی عن العلاء بن المسیب عن ابی اسحاق عن عاصم بن ضمرۃ عن علی
نحوہ اس حدیث سے سولہ رکعت بغیر وتر کے ثابت صحیح ہے پس حصر باطل ہوا۔ اب دیدہ ودانستہ
اس حصر کا دم مارنا محض تعصب یا جہالت ہے بلکہ گمراہی اور مقدمہ اولی کا یہ مطلب ہے کہ جس
طرح سنت نبوی واجب الاتباع ہے اسی طرح سنت خلفاء الراشدین کی واجب الاتباع ہے
جس کا ثمرہ یہ نکلا کہ بیس رکعت خلفاء الراشدین کی سنت ہوا اور وہ واجب الاتباع ہے کما مر۔
اور مقدمہ دوسرے کا یہ مطلب ہے کہ جو امر مجمع علیہ امت کا ہو خصوصاً صحابہ کرام کا وہ امر واجب
الاتباع ہے اور خارق اس کا مخطی ہے جس کا ثمرہ یہ نکلا کہ تراویح بیس رکعت مجمع علیہ صحابہ کا ہے
پس خارق اس کا ضرور غلطی پر ہے اور مقدمہ تیسرے کا یہ مطلب ہوا کہ جو حدیث بادی
الرای میں سالم عن الجرح ہو اور وہ اجماع کے مخالف ہو وہ ضعیف یا کہ مئوّل یا کہ معلول

ہو کر متروک ہوگی اور جو حدیث بادی الرای میں ضعیف معلوم ہو مگر وہ معمول بہ اجماعاً ہو وہ مقبول ہوگی جس کا ثمرہ یہ مقرر ہوا کہ حدیث جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی جس میں آٹھ رکعت کا ذکر ہے چونکہ وہ اجماع صحابہؓ کے خلاف ہے گو اسکو کسی محدّث نے اپنے زعم میں صحیح یا حسن مانا ہے ضعیف ہے اور حال یہ کہ ہم اس کا ضعف بھی بیان کر چکے کما مرحالہ آور حدیث ابن عباسؓ کی جس میں بیس کا ثبوت ہے اگرچہ بادی الرای میں وہ ضعیف معلوم ہوتی ہے اور چند اہل حدیث نے اُس کو اپنے زعم میں ضعیف قرار دیا ہے مگر جبکہ وہ معمول بہ صحابہ و من بعدہم کا ہے وہ مقبول ہے کما مر تحقیقہ آور مقدمہ چوتھا کا یہ خلاصہ ہے کہ اجماع مؤخر اختلاف مقدم کا رافع ہے جس کا ثمرہ یہ ہوا کہ اگر مرجوح طور پر حضرت عمرؓ سے آٹھ کا ثبوت مان ہی لیں اور تطبیق یوں دی جاوے کہ آٹھ تھی اور بعد میں بیس پر اجماع ہوا تو وہ اختلاف جو کہ اول میں تھا وہ مدفوع ہو کر مسئلہ بیس رکعت کا اجماعی مقرر ہوا اور باایں ہمہ وہ صحابہ جنہوں نے بیس پر اتفاق کیا وہ اُن تین راتوں میں آں جناب سرور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کے ساتھ جماعت میں شریک تھے پھر اگر آٹھ تھی تو انہوں نے کیوں سنت نبوی کو ترک کیا فما ھو جوابکم فھو جوابنا۔ اور وہ جو مولوی محمد حنیف صاحب نے ایک لغو سی بات اختراع کی ہے کہ جو سنت نبوی میں ثواب ہے وہ اپنی مجوزہ رکعت میں نہیں ہوسکتا جواز اَور بات ہے اور اتباع سنت اَور بات ہے الی آخر ما نقولہ پس وہ نہایت اُس کی بے خبری ہے .... پس پوچھتا ہوں کہ چند امور اس طرح پہ ہیں کہ مولوی محمد حنیف اور ہم مشرب اُن کے عمل میں لاتے ہیں کہ جن کا وجود زمانہ نبوت سے مدت مدید تک دور ہے جیسا کہ اذان تیسری جمعہ کے روز جس کا شروع حضرت عثمان کے زمانہ میں ہوا نہ اوّل اُس سے جیسا کہ بخاری اور مؤطا میں مروی ہے عن السّائب بن یزید قال کان النداء یوم الجمعۃ اوّلہ اذا جلس الامام علی المنبر علی عھد النبی صلی اللہ علیہ وسلم وابی بکر و عمر فلمّا کان عثمان وکثر الناس زاد النداء الثالث علی الزوراء وفی البخاری بسند اٰخر عن السائب بن یزید

ان الذی زاد التاذین الثالث یوم الجمعۃ عثمان بن عفان حین کثر اہل المدینۃ
ولم یکن للنبی صلی اللہ علیہ وسلم موذن غیر واحد وکان التاذین یوم الجمعۃ حین
یجلس الامام علی المنبر انتہی کلام البخاری اور علاوہ ازاں اس اذان کو جو کہ اول سب سے
کہی جاتی ہے بعض صحابہؓ نے بدعت بھی کہا ہے فقد اخرج ابن ابی شیبۃ من طریق ابن
عمر قال الاذان الاول یوم الجمعۃ بدعۃ انتہی کذا نقلہ الحافظ ابن حجر فی فتح الباری۔
اب نیل مخترع اوسی حضرت عثمانؓ کا ہے جس نے بیس رکعت تراویح ادا کی باوجودیکہ صحابی کا
اس پر انکار بھی ہے اور مولوی محمد حنیف اور مولوی رحیم بخش صاحبان اور ہم مشرب ان کے
سنت مستمرہ نبویہ کے طور پر ادا کر رہے ہیں فما ہو جوابہم فہو جوابنا۔ اور جیسا کہ ایک
شہر میں مواضع متعددہ میں تعدد نماز جمعہ کا ہے کہ اس کا وجود زمانہ نبوت میں کیا بلکہ قرون
ثلاثہ میں بھی نہ تھا جس کے بدعت ہونے میں کچھ شک نہیں۔ اور اسی طرح تعدد نماز عید کا زمانہ
نبوت سے لے کر اخیر زمانہ خلفائے ثلاثہ تک معدوم تھا مثل عنقا کی بلکہ عنقا کا نام لوگوں میں فرضی
تو ہے نہ واقعی اور اس تعدد کا وجود فرضی بھی نہ تھا البتہ عید کا تعدد حضرت علیؓ کی خلافت
میں جاری ہوا ہے نہ قبل اس کے قال شیخ الاسلام ابن تیمیۃ فی منہاج السنۃ احدث
علی بن ابی طالب فی خلافتہ العید الثانی بالجامع فان السنۃ المعروفۃ علی عہد رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وابی بکر وعمر وعثمان ان لا یصلی فی الحضر الا جمعۃ واحدۃ
ولا یصلی یوم النحر والفطر الا عید واحد فلما کان عہدہ قیل لہ بالبلد ضعفاء لا
یستطیعون الخروج الی المصلی فاستخلف علیہم رجلا صلی بالناس فی المسجد انتہی کلام
ابن تیمیۃ کذا نقل الفاضل اللکنوی فی اقامۃ الحجۃ علی ان الاکثار فی التعبد لیس ببدعۃ
قلت قال الحافظ ابن حجر فی رسالۃ تعدد الجمعۃ ذکر الاثرم عن احمد انہ قال لا اعلم
بلدا من بلاد المسلمین اقیمت فیہ الجمعتان انا تقرر ہذا واحمد من القرن الثالث
ظہر ان خیر القرون لم یقع فی زمانہم التعدد انتہی کلام الحافظ کذا نقلہ الفاضل

الکھنوی فی مجموعۃ الفتاوی۔ بلکہ بہت ائمہ کا قول ہے کہ متعدد مواضع میں ادا کرنے سے
کسی کا جمعہ نہ ہوگا۔ یا کہ بعض مواضع کا ہوگا اور بعض کا فاسد ہوگا اور تفصیل اس کی علم فروع میں
ہے واللہ اعلم بالصواب اور اسی طرح زوجہ مفقود الخبر کا نکاح دوسرے خاوند سے بلاسبب
شرعی کے یعنے موت اور طلاق اور ارتداد کے بعد گذرنے چار برس کے کسی آیت اور حدیث اور
اجماع سے ثابت نہیں اور انبلہ زمان ہمارے اس کو بجز ادلہ ثلاثہ کے روا بتارہے ہیں اور
دلیل اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا فتوی اور امام مالک کا قول قائم کرتے ہیں اور حال یہ کہ
حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے فتوی سے بالکل جاہل اور ناواقف ہیں کیونکہ اس میں چند شرائط
ہیں وہ یہ کہ عورت قضا قاضی میں نالش کرے اور پھر قاضی اس خاوند کے ولی سے بعد گذرنے
چار برس کے طلاق دلاوے اور اس کے بعد چار ماہ دس روز وہ عورت عدت گذارے اور نیز
چار برس اس کو اس تاریخ سے مہلت ملے گی جہاں سے اس عورت نے مرافعہ کیا ہے نہ اس سے
قبل گو کہ بیس برس یوں ہی گذرے ہوں وہ لاحاصل ہیں جس قدر حضرت عمر رض کے اثر
کی سندیں ہیں ان کے مجموعہ کو ملا کر دیکھو سب شرائط ان میں موجود ہیں۔ اب خیال کرو کہ
اس ہمارے ملک میں آجکل کس کو قضا کا اختیار ہے اور باقی شرائط کب موجود ہوتی ہیں تعجب
تو یہ ہے کہ مخالف ہمارا حضرت عمر رض کا رجوع کرنا اس فتوی سے بھی نہیں جانتا اور مطلب کے
واسطے مجنون ہو رہا ہے کیونکہ ان کا رجوع صحیح ہے کما نقلہ الامام ابن الہمام فی فتح القدیر
وصاحب الہدایۃ فی الہدایۃ وقد نقل الشیخ سلام اللہ فی حاشیۃ الموطا تخریج
ہذا الاثر عن عبد الرزاق بن ہمام اور امام مالک کے قول سے بھی غافل ہے کیونکہ امام
مالک نے چار برس کا فتوی اس مفقود الخبر کے حق میں فرمایا ہے جو کہ صف قتال میں
گم ہوا جس میں مظنہ موت کا ہو نہ تقسیم کے مفقود میں جس کو شک ہو وہ فتح الباری شرح صحیح بخاری
کو مطالعہ کرے واللہ اعلم اس مسئلہ کی تفصیل میں نے ایک رسالہ مستقل میں بیان کی ہے جو
چاہے اس میں دیکھے۔ علاوہ ان مسائل کے بہت سی صورتیں ہیں جن میں آیت اور

اور حدیث مرفوع اور اجماع کا وجود نہیں اور مدعی آٹھ رکعت کا اُن کو سنت مستمرہ کے طور
پر عمل میں لا رہا ہے۔ اسی قسم کے لوگوں پر صادق ہے آیت لم تقولون ما لا تفعلون
اور نیز ہم پوچھتے ہیں کہ اگر فقط آٹھ رکعت میں اجر زیادہ ہے اور اس سے زیادہ
عبادت کرنے میں اجر کم ہے بہ سبب اس کے کہ حصر کرنا آٹھ میں فعل نبوی ہے اور اسپر
زائد فعل نبوی نہیں تو اب تمام صحابہ اور تابعین اور تبع تابعین اور اولیا کاملین جنہوں نے
تمام شب قیام کیا اور سو سو رکعت ادا کی بلکہ اس سے زیادہ اور نہایت عبادت شاقہ اختیار
کی وہ لوگ سب کے سب خلاف سنت اور محض بے فائدہ اوقات ضائع کرنے والے ہوئے
اس واسطے کہ اگر ہم لوگوں کی طرح عشا کی نماز ادا کر کے عمدہ طور پر خواب نوشیں فرماتے
اور فقط اخیر شب میں جاگ کر آٹھ رکعت ادا کر کے سو جاتے اور وقت فجر کے جاگ کر
نماز فجر ادا کرتے تب موافق سنت نبوی کے ہوتے اور اجر زیادہ حاصل کرتے مثل مشہور
ہے مرغی کی جان بھی گئی اور کھانے والے کو بھی مزا نہ آیا۔ تمام شب محنت کر کے گیارہ
رکعت ادا کرنے والے کی برابر نہ ہوئے کہ جس نے نیند کا مزا بھی اڑایا اور اجر زیادہ پایا
اب اے لوگو میں عرض پرداز ہوں کہ میرے اس سخن کی تم داد دو کہ یہ عقیدہ شیطانی
ہے یا کہ نور نبوت ہے۔ کیونکہ ہزارہا کتب احادیث اور اسماء الرجال کی اس مسئلہ سے پر
ہیں کہ ہزارہا ائمہ دین اور اولیاء صالحین نے اس قدر عبادت شب کو ادا کیا ہے اور اہل حدیث
... لوگ اُن کے ثنا خوان ہیں اور معرض مدح میں اُن کی یہ عبادات وارد کرتے ہیں
اُن میں سے مشتے نمونہ از خروار برادران دین کی خدمت میں بطور تحفہ کے ہدیۃً گذرانتا
ہوں مگر بحث جدید کی حاجت نہیں بلکہ کتاب اقامۃ الحجۃ علی ان الاکثار فی التعبد
لیس ببدعۃ میں سے چند اشخاص کا ذکر اختصار کے طور پر بیان کرتا ہوں اور وہ کتاب
نہایت عمدہ اور معتبر تصنیف مولوی عبد الحی لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ کی ہے جو کہ ایک
اجل فاضل ہوا ہے ذکر المجاهدين من الصحابة منهم صاحب الحياء والعرفان

سیّدنا عثمان بن عفان اخرج ابونعیم فی الحلیۃ من طریق الزبیر بن عبداللہ عن جدۃ
لہ یقال لہا رهیمۃ قالت کان عثمان یصوم الدهر ویقوم اللیل الا ہجعۃ من اوّلہ
انتہی واخرج عن عثمان بن عبدالرحمٰن التیمی قال لی ابی لاغلبن اللیلۃ علی
المقام فلما صلّیت العتمۃ تخلصت الی المقام حتی قمت فیہ فبینا انا قائم اذا
رجل وضع یدہ بین کتفی فاذا ہو عثمان بن عفان فبدأ بام القرآن فقرأ حتی
ختم القرآن فرکع وسجد ثم اخذ نعلیہ فلا ادری اصلی قبل ذلک شیئا ام لا و
اخرج عن ابن سیرین قال قالت امرأۃ عثمان حین اطافوا بہ یریدون قتلہ
ان تقتلوہ او تترکوہ فانہ کان یحیی اللیل کلہ فی لیلۃ یجمع فیہا القرآن
ومنہم الناطق بالحق والصّواب سیّدنا عمر بن الخطاب قال ابن کثیر فی تاریخہ
کان عمر بن الخطاب رض یصلی بالناس العشاء ثم یدخل بیتہ فلا یزال یصلّی الی
الفجر وما مات حتی سرد الصّوم انتہی۔ ومنہم عبداللہ بن عمر بن الخطاب اخرج
ابونعیم فی الحلیۃ عن نافع ان ابن عمر کان یحیی اللیل صلوٰۃ ثم یقول یا
نافع اسحرنا فیقول لا فیعاود الصّلوٰۃ فیقول یا نافع اسحرنا فاقول نعم فیقعد
ویستغفر اللہ ویدعو الی الصبح واخرج عنہ ان ابن عمر کان اذا فاتتہ صلوٰۃ
العشاء فی جماعۃ احیی بقیۃ لیلۃ ومنہم تمیم الدّاری قال ابوسعد السمعانی
فی کتاب الانساب کان تمیم الداری یختم القرآن فی رکعۃ وربما ردد الآیۃ
الواحدۃ اللیل کلہ حتی الصّباح انتہی مختصرا وقال ابن حجر المکی فی فتح المبین
نحو ذلک ومنہم شداد بن اوس فاخرج ابونعیم فی الحلیۃ عن اسد بن وداعۃ
عن شداد الانصاری انہ کان اذا دخل الفراش ینقلب علی الفراش لا یاخذہ
النوم فیقول اللہم انّ النار اذہب عنی النوم فیقوم فیصلی حتی یصبح ذکر
المحب هذا ومن التابعین واتباعہم وغیرہم منہم عمیر بن ہانی فاخرج الترمذی

فی ابواب الدّعا عن مسلمۃ بن عمر قال کان عمیر یصلی کلّ یوم الف رکعۃ و
یسبّح مائۃ الف تسبیحۃ انتہیٰ ومنہم اویس القرنی الذی امر النبی صلی اللہ علیہ وسلم
اصحابہ بالاستغفار منہ آخرج ابونعیم فی الحلیۃ عن اصبغ بن زید قال کان
اویس القرنی اذا امسی یقول ھٰذہ لیلۃ الرکوع فیرکع حتی یصبح وکان
اذا امسی یقول ھٰذہ لیلۃ السجود فیسجد حتی یصبح ومنہم عامر بن قیس آخرج
ابونعیم عن ابن وھب ان عامر بن قیس کان من العابدین وفرض علی نفسہ
فی کلّ یوم الف رکعۃ ومنہم مسروق بن عبدالرحمٰن فقد نقل شیخ الاسلام
الذھبی فی العبر باخبار من عبر کان مسروق یصلی حتی تورم قدماہ وقال
ابن کثیر فی تاریخہ قالت امرأۃ مسروق ماکان یوجد الا وساقاہ قد
انتفخا من طول الصّلوٰۃ انتہیٰ ومنہم الاسود بن یزید النخعی الکوفی قال
شیخ الاسلام الذھبی والامام الیافعی وردانہ کان یصلی فی الیوم واللیلۃ
سبع مائۃ رکعۃ وآخرج ابونعیم فی حلیۃ الاولیاء عن ابراھیم النخعی قال
کان الاسود یختم القرآن فی رمضان فی کلّ لیلتین وکان ینام بین المغرب
والعشاء وکان یختم فی غیر رمضان فی کل ست لیال انتہی ومنہم سعید بن
المسیّب احد الفقہاء السبعۃ من اھل المدینۃ واحد الحفاظ من التابعین
اخرج ابونعیم عن عبدالمنعم بن ادریس عن ابیہ قال صلی سعید بن المسیب
الغداۃ بوضوء العشاء خمسین سنۃ ومنہم عروۃ بن الزبیر بن العوام احد
الفقہاء السبعۃ المذکورۃ قال شیخ الاسلام الذھبی کان یقرأ کل یوم ربع
الختم فی المصحف ویقوم اللیل فما ترک الا لیلۃ قطعت رجلہ انتہیٰ ومنہم
صلۃ بن اشیم فآخرج الحافظ ابونعیم فی الحلیۃ عن مالک بن مغول قال
کان بالبصرۃ ثلاثۃ متعبدون صلۃ بن اشیم وکلثوم بن الاسود ورجل آخر

وکان صلة اذا جاء اللیل خرج الی اجمة متعبدا لله ففطن رجل فقام فی
الاجمة فنظر الی عبادته فاتی سبع فاتاه صلة وقال قم فابتغ الرزق فذهب
ثم قام لعبادته فلما کان وقت السحر قال اللهم ان صلة لیس باهل ان یسئلک
الجنة ویکون سترا من النار انتہی - ومنہم ثابت بن اسلم البنانی صاحب انس
ابن مالک رضی الله عنه قال ابوسعد السمعانی کان من اعبد اهل البصرة انتہی
واخرج ابونعیم فی الحلیة من طریق محمد بن سنان عن ابیه قال انا والله
ادخلت ثابتا فی لحده ومعی حمید الطویل او رجل غیره شک محمد فلما سوینا
علیه التراب سقطت لبنة فاذا هو قائم یصلی فی قبره فقلت للذی معی
الا تری فقال اسکت فلما سوینا علیه التراب اتینا ابنته فقلنا ماکان
عمل ابیک فقالت مارایتم فاخبرناها فقالت کان یقوم اللیل خمسین
سنة فاذا کان السحر قال اللهم ان کنت اعطیت احدا من خلقک الصلوٰة
فی قبره فاعطنیها فما کان الله لیرد ذلک الدعاء انتہی واخرج عن شعبة
بن الحجاج قال کان ثابت یقرأ القران فی یوم ولیلة ویصوم الدهر ومنهم
الامام زین العابدین من سادات اهل البیت قال شیخ الاسلام الذهبی
نقلا عن مالک کان یصلی فی الیوم واللیلة الف رکعة الی ان مات قال
وکان یسمی زین العابدین لعبادته انتہی - ومنہم امام المحدثین والمفسرین
قتادة بن دعامة البصری اخرج ابونعیم فی الحلیة عن سلام بن ابی مطیع
ان قتادة کان یختم القران فی کل سبع لیال مرة فاذا جاء رمضان ختم
فی کل ثلث لیال مرة فاذا جاء العشر ختم فی کل لیلة مرة انتہی ومنہم سعید
ابن جبیر احد ائمة المحدثین والمفسرین نقل الامام الیافعی انه قرأ القران
فی رکعة فی البیت الحرام وقال وفاء بن ایاس قال لی سعید بن جبیر فی

رمضان امسک علی المصحف فما قام من مجلسہ حتی ختم القرآن انتہی۔
وقال محمود بن سلیمان الکفوی فی اعلام الاخیار فی طبقات الفقہاء المذہب
النعمان المختار قال اسمعیل بن عبد الملک کان سعید بن جبیر یومنا فی رمضان
فیقرأ لیلۃ بقراءۃ ابن مسعود ولیلۃ بقراءۃ زید بن ثابت وعن ہلال بن
یساف قال دخل سعید بن جبیر الکعبۃ فقرأ القرآن فی رکعۃ انتہی ومنہم
سلیمان بن طرخان ابو المعتمر اخرج ابونعیم فی الحلیۃ عن عبد اللہ بن المبارک
قال اقام سلیمان التیمی اربعین سنۃ امام الجامع بالبصرۃ یصلی العشاء و
الصبح بوضوء واحد انتہی ومنہم منصور بن زاذان فاخرج ابونعیم فی الحلیۃ
عن ہشام بن حسان قال کنت اصلی انا ومنصور جمیعا وکان اذا جاء رمضان ختم القرآن
فی ما بین المغرب والعشاء ختمتین ثم یقرأ الی الطواسین قبل ان تقام الصلوۃ و
کانوا یؤخرون العشاء فی رمضان الی ان یذہب ربع اللیل ومنہم علی بن عبد اللہ
ابن عباس بن عبد المطلب المدنی قال الحافظ ابن حجر فی تہذیب التہذیب کان یدعی
السجاد لکثرۃ صلوتہ وقال ضمرۃ حدثنی علی قال کان علی بن عبد اللہ یسجد کل یوم
الف سجدۃ وقال میمون بن زیاد العدوی کان یصلی فی کل یوم الف رکعۃ انتہی وقال
شیخ الاسلام الذہبی فی العبر باخبار من غبر قال الاوزاعی وغیرہ کان یسجد کل یوم
الف سجدۃ انتہی واخرج ابونعیم فی الحلیۃ عن علی بن ابی جبلۃ والاوزاعی قال کان
علی بن عبد اللہ یسجد کل یوم الف سجدۃ واخرج عن الحسن بن محمد بن کویب قال کان
علی یصلی فی یوم الف سجدۃ یزید خمسمائۃ رکعۃ انتہی۔ ومنہم الامام الہمام سید الفقہا
من التابعین وغیرہم ابوحنیفۃ الامام الاعظم وہذا الامام لاحاجۃ الی ذکر عبادتہ و
ریاضتہ فانہ مشہور عند المخالف والموافق بل لم یحسد علیہ اعدائہ فلم یطعنوا علیہ الا
بکثرۃ العبادۃ حیث تتبعوا عیوبہ ولکنہم بحمد اللہ لم یصلوا الی مرامہم بل خابوا وخسروا

وانی جمعت بحمد اللہ مناقب ھٰذا الامام ومناقب صاحبیہ ابی یوسف ومحمد رحمہم اللہ
علیہم وعلی اشیاخہم واتباعہم فی رسالتی المسمّی بتنویر الحلک بمناقب الائمۃ الثلاثۃ
وقد طبع بحمد اللہ واحسانہ ومنہم سعد بن ابراھیم الزھری قال الذھبی والیافعی
قال شعبۃ کان سعد یصوم الدھر ویختم کل یوم انتہی۔ ومنہم ابراھیم بن ادھم اخرج
ابو نعیم فی الحلیۃ عن ابی اسحٰق الفزاری کان ابراھیم فی شھر رمضان یحصد الزرع
بالنہار ویصلی باللیل فمکث ثلثین یوما لا ینام باللیل ولا بالنہار۔ ومنہم امیر المؤمنین
فی الحدیث شعبۃ بن الحجاج اخرج ابو نعیم فی الحلیۃ عن عمر بن ھارون کان شعبۃ یصوم
الدھر وقال الذھبی فی العبر کان شعبۃ یصلی حتی تورم قدماہ انتہی۔ ومنہم فتح بن سعید
الموصلی اخرج ابو نعیم عن ابراھیم بن عبد اللہ قال صرع فتح الموصلی فرح فقال
ابتلیتنی ببلاء الانبیاء علی بشکر ھٰذا ان اصلی اللیلۃ اربعمائۃ رکعۃ انتہی۔ ومنہم امام
الائمۃ امام المذھب الامام الشافعی اخرج ابو نعیم عن الربیع بن سلیمان صاحب الشافعی
یقول کان الشافعی یختم فی کل شھر رمضان ستین ختمۃ ما منہا شئ الا فی صلوٰۃ
واخرج بسند اٰخر عنہ نحوہ وقال الامام النووی فی تہذیب الاسماء قال الربیع نمت
فی منزل الشافعی فلم یکن ینام الا یسیرا وقال الامام الحمیدی شیخ البخاری کان الشافعی
یختم القرآن کل یوم ختمۃ انتہی کلام النووی بعینہ ومنہم امام المذھب سید الفقہاء
والمحدثین امام الجرح والتعدیل احمد بن حنبل اخرج ابو نعیم فی الحلیۃ عن عبد اللہ
ابن احمد قال کان لابی فی کل یوم ولیلۃ ثلاث مائۃ رکعۃ فلما مرض من الاسواط ضعفتہ
فکان یصلی کل یوم ولیلۃ مائۃ وخمسین رکعۃ وکان قرب من الثمانین انتہی ومنہم احمد
ابن محمد بن سہل بن عطاء ابو العباس قال ابو نعیم سمعت ابا الحسن محمد بن علی صاحب
الجنید بن محمد یقول صحبت ابا العباس بن عطاء عدۃ سنین متادبا بادابہ وکان لہ
فی کل یوم ختمۃ وفی کل شھر فی کل یوم ولیلۃ ثلاث ختمات انتہی۔ ومنہم ابو عثمان

السلمی الکوفی الحافظ قال الذہبی فی العبر باخبار من غبر قال زائدۃ صام اربعین
سنۃ وکان یحیی اللیل کلہ انتہی ومنہم واصل بن عبد الرحمن البصری قال شیخ الاسلام
الذہبی فی العبر باخبار من غبر قال ابو داؤد الطیالسی کان یختم القرآن فی کل لیلۃ
ومنہم محمد بن عبد الرحمن المدنی قال الذہبی والیافعی کان یصلی اللیل اجمع ویجتہد فی
العبادۃ انتہی ومنہم وکیع بن الجراح امام الائمۃ فی الفقہ والحدیث من تلامذۃ الامام
الاعظم واشیاخ احمد بن حنبل قد نقل محمود بن سلیمان الکفوی فی اعلام الاخیار
قال یحیی بن اکثم صحبتہ فی الحضر والسفر وکان یصوم الدہر ویختم القرآن کل لیلۃ وعن
محمد بن جریر قال مکث وکیع بعبادان اربعین لیلۃ وختم اربعین مرۃ وتصدق
باربعین درہم انتہی۔ اب خیال کرنا چاہیے کہ یہ اولیاء اللہ صحابہ اور تابعین وغیرہم اس قدر
عبادت کرتے تھے اور اگر سب کا شمار ہو تو طاقت بشری سے باہر ہے اگر زیادہ رکعت
اور قیام میں اجر کم تھا بہ نسبت اس شخص کے جس نے اخیر شب میں یا کہ اول شب میں گیارہ
رکعت ادا کر کے خواب نوشیں کا مزا اڑایا تو اب اولیاء اللہ نے کیا نفع پایا۔ اگر کوئی کہے کہ
ان صاحبوں کے واسطے کوئی دلیل آیت یا حدیث موجود ہے کہ جائے تمسک اور عروہ وثقی
ان کے واسطے ہو یا کہ نہ تو جواب اس کا یہ ہے کہ تمام کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ اس میں
وارد ہے قال اللہ تعالیٰ وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون وقال اللہ فی وصف
عبادہ والذین یبیتون لربہم سجدا وقیاما وقال اللہ تعالیٰ کانوا قلیلا من اللیل ما یہجعون
نحو ذلک من الآیات العامۃ وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم افلا اکون عبدا شکورا
فی جواب عائشۃ قد غفر اللہ لک ما تقدم من ذنبک وما تاخر کما ہو مصرح فی بخاری
وغیرہ عن جماعۃ من الصحابۃ حین کان یقوم تمام اللیل وتورم قدماہ .... البتہ
وہ عبادت جس کا ثبوت قرون ثلثہ میں نہیں اور عمومات کتاب اللہ وسنت رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم سے اور اجماع سے اس کو کسی مجتہد نے استنباط نہیں فرمایا اور یا کہ کسی نے محض اپنے

تحسین سے اختراع کیا اور دوسرے نے اُس کو رد کر کے اُس پر انکار کیا وہ بدعت ہی اُس سے
اجتناب ضروری ہے اور اس کے نظائر اور مثالیں علم حدیث اور فقہ میں بہت وارد ہیں
منہا رفع الیدین فی خطبۃ الجمعۃ فقد اخرج مسلم وابوداؤد عن حصین بن عبد الرحمن
قال رای عمارۃ بن رویبۃ بشر بن مروان وھو یدعو فی یوم الجمعۃ فقال قبح اللہ
ھاتین الیدین لقد رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو علی المنبر ما یزید علی ھذا
یعنی السبابۃ التی تلی الابھام ومنہا ما اخرج الترمذی عن مجاھد قال کنت مع ابن
عمر فثوب رجل فی الظھر او العصر فقال اخرج بنا فان ھذہ بدعۃ واخرج ابن ابی شیبۃ
عن مجاھد ان ابا محذورۃ قال الصلوۃ الصلوۃ فقال عمر ویحک امجنون انت اما
کان فی دعائک الذی دعوتنا ما تاتینک ومنہا ما اخرج الامام احمد فی مسندہ عن
غضیف بن الحارث قال بعث عبد الملک بن مروان فقال انا قد جمعنا الناس علی
رفع الایدی علی المنبر یوم الجمعۃ وعلی القصص بعد الصبح والعصر فقال اما انہما امثل
بدعکم ولست بمجیبکم الی شئ منہما لان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ما احدث قوم
بدعۃ الا رفع من السنۃ مثلہا فتمسک بسنۃ خیر من احداث بدعۃ اور اگر تتبع
کیا جاوے تو بہت سے افعال اور اقوال لوگوں میں مروج ہیں کہ انہوں نے اُن کو محض حسبۃ للہ
اختراع کیا ہے اور صحابہ و تابعین و مجتہدین نے اُن کو بُرا جانا ہے پس وہ بدعت سیئہ ہیں
اُن سے اجتناب ضرور ہے گو کہ صورت اور شکل اُن کی بادی الرای میں لوگوں کی نظر میں نیک
معلوم ہو اور یہ امر جس میں ہم بحث کر رہے ہیں کہ اللہ تعالی کی عبادت شب کو نفل اور قیام
اللیل تمام رات بھر تک یا کہ ختم قرآن مجید مع شرائط خشوع و خضوع و آداب کے اور مع نشاط
اور لذت کے اگر کوئی کرے تو یہ عین مراد خدا و رسول کی ہے اور اولیاء اللہ کو تو اس میں عین
زندگی اور حیات القلوب ہے دیکھو اُن کی کلام کو فقد قال غوث الثقلین فی الغنیۃ و
اما قیام جمیع اللیل فھو فعل الاقویاء الذین سبقت لھم منہ العنایۃ واحاط علی

قلوبهم التوفيق ونور الجلال ثم الجمال فجعل القيام بالليل موهبة لهم وخلعة لم يسلبه منهم مولاهم عز وجل حتى اللقاء، وقد روى عن عثمان رضی الله تعالیٰ عنه انه كان يحيى الليل بركعة واحدة يختم فيها القرآن وذكر من اربعين رجلا من التابعين انهم كانوا يحيون الليل كله ويصلون صلوٰة الغداة بوضوء العشاء اربعين سنة صح النقل عنهم واشتهر انتهی وقال حجة الاسلام الامام محمد الغزالی فی احياء العلوم اعلم ان احياء الليل كان شان الاقوياء الذين تجردوا للعبادة الله تعالیٰ وتلذذوا بمناجاته وصار غذاء هم وحياة لقلوبهم فلم يتعبوا بطول القيام ورد المنام الى النهار فی وقت اشتغال الناس وحكى ذلك على سبيل التواتر عن اربعين رجلا من التابعين وكان فيهم من واظب عليه اربعين سنة منهم كهمس بن المنهال وكان يختم فی الشهر تسعين ختمة وما لم يفهم رجع وقرأ مرة اخرى انتهی كلام الغزالی بعينه قلت ومنهم الامام الهمام ابو حنيفة النعمان كما ذكرت مناقبه وفضائله فی رسالتی تنوير الحاسة فی مناقب الائمة الثلاثة بما لا مزيد عليه وقد طبع بحمد الله تعالیٰ وللفاضل اللكهنوی رسالة انيقة سماها اقامة الحجة على ان الاكثار فی التعبد ليس ببدعة وحقق فيها تحقيقا فی اكثار التعبد بحسب الطاقة ورد على من انكره...... انكارا شديدا وحقق فيها امر التراويح وايضا رسالة حسنة فی اثبات التراويح عشرين ركعة بما لا مزيد عليه جزاه الله تعالیٰ فی الدارين خيرا عنی وعن جميع المسلمين آمين۔ بہر خاص وعام کو اشتہار دیا جاتا ہے اور تنبیہ کے طور کہا جاتا ہے۔

ہر چند میں نے اس رسالہ میں فرق مخالف کی خیانت داری اور دابہ فریبی ظاہر کر دکھائی ہے مگر نہایت عمدہ سے عمدہ تقریر دلپذیر ایک اور تم کو سناتا ہوں وہ یہ ہے کہ میں نے ایک رسالہ بچشم خود دیکھا اور مطالعہ کیا جسکا مصنف مولوی عبداللہ...... چکڑالوی ہیں اور مہتمم اس کے طبع کرانے کا محمد چٹو تاجر ریشم لاہور مسجد چینیاں ہیں ان دونوں صاحبوں کی تقریر

کا ماحصل یہ ہے کہ جو لوگ تراویح کی نماز کو جماعت سے ادا کریں وہ نہایت درجہ کے بُرے اور مجرمان خدا و رسول ہیں اور مصداق مغضوب علیہم کے ہیں چنانچہ اوّل اُن کی کچھ عبارتیں بندہ آپ لوگوں کے روبرو پیش کرتا ہے اس کے بعد ان شاء اللہ العزیز اُن کا رد عمدہ طور کرے گا۔ مگر منصف لوگ انصاف فرما کر داد حق رسی انعام فرماویں وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغ

مولوی عبداللہ چکڑالوی کی عبارت صفحہ دس ۱۰ میں یہ ہے۔ سوال جبکہ متبدعین کا یہ حال ہے تو عمرؓ نے مسجد میں بوقت اوّل شب ایک امام پر لوگوں کو کیوں جمع کیا انتہی مختصراً۔ جواب اس کی دو وجہیں ہیں اوّل آپ پر زید بن ثابت اور ام المومنین عائشہؓ کی حدیثیں مخفی تھیں جن میں ممانعت کا بیان ہے ورنہ مخالفت اُن کی کیونکر ہو سکتی انتہی مختصراً۔ اور صفحہ ۵۸ میں آپ یوں دُرّ افشانی کرتے ہیں:۔ سوال پنجم پھر حدیث شریف کے اس حصّہ کے کیا معنے ہوں گے کہ میں فرضیّت سے ڈرا تھا انتہی۔ جواب کوئی عبادت ہو عموماً و خصوصاً ہرگز ثابت نہ ہو سکیگی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے خوف فرضیّت کے ترک کی ہو اور ثواب حاصل کرنے سے روک دیا ہو الخ الی ان قال اصل مراد حدیث مذکور کی یہ ہے کہ وہ لوگ بلا اجازت خدا و رسول خود بخود مسجد میں یہ عبادت کرنی چاہتے تھے۔ اور اس قسم کا امر بدعت ہوتا ہے اور کلُ بدعت مغضوب عند اللہ اور بباعث شدّت غضب و مقت کے وہ قہار اُن پر فرض کر دیتا ہے انتہی کلامہ مختصراً ملخصاً غایۃ الاختصار۔ اور صفحہ ۶۲ میں فرماتے ہیں کہ مراد اس حدیث سے یعنے مسجد میں باجماعت شب خیزی کو خدا اور رسول نے متروک اور معاف فرمایا تھا اور کہا کہ تم لوگ اپنے گھروں میں جا کر نماز پڑھو کیونکہ یہ امر موجب فرضیّت و مقت و غضب الٰہی کا ہے انتہی مختصراً ملخصاً۔ اور صفحہ ۶۳ میں اِرقام فرماتے ہیں سوال جامع ترمذی وغیرہ میں ابوذر غفاریؓ کی حدیث میں ہے فلما کانت الخامسۃ قام بنا حتی ذھب شطر اللیل فقلت یا رسول اللہ لو نفلتنا قیام ھٰذہ اللیلۃ فقال ان الرجل اذا صلی مع الامام حتی ینصرف حسب لہ

قیام لیلۃ فلمّا کانت الثالثۃ جمع اہلہ ونساءہ والناس فقام بنا حتی خشینا ان یفوتنا الفلاح قلت وما الفلاح قال السحور ثم لم یقم بنا بقیۃ الشہر انتہی بقدر الحاجۃ جواب ان سب حدیثوں سے ثابت ہوتا ہے کہ اوّل زمانہ میں تین روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جماعت قیام رمضان ثابت ہے بعدہ وہ فعل منسوخ ہوکر متروک ہوگیا اور اسی پر وفات ہوئی اور فعل مؤخر ناسخ مقدم کا ہوتا ہے اور علیکم بالصّلوٰۃ فی بیوتکم ناسخ ہے پس بلا ریب اظہر طور پر صرف اس قدر معلوم ہوتا ہے کہ پچھلی رات قیام گھروں میں فرادی فرادی سوائے جماعت کے گیارہ رکعت حسن طور پر کی جاویں کیونکہ با جماعت پڑھنے سے تو غضب رسول کا بیان ہوچکا حدیث زید بن ثابت والی میں اور اسی حدیث میں بھی یہ حکم صاف ہوچکا ہے فعلیکم بالصّلوٰۃ فی بیوتکم انتہی مختصراً ملخصاً غایۃ الاختصار اور صفحہ ۶۷ میں رقم فرماتے ہیں سوال جس نماز کا گھروں میں حکم دیا وہ تہجد نماز ہے قیام رمضان اور چیز ہے اس کی ممانعت مسجد میں کس طرح ہوسکتی ہے انتہی جواب جملہ احادیث سے اظہر طور پر پایا جاتا ہے کہ نماز تہجد ہی مراد ہے اور ماہ مبارک رمضان میں بھی وہی شب خیزی مراد ہے فقط الخ مختصراً ملخصاً غایۃ الاختصار اور حضرت عمرؓ کے جماعت فرمانے سے یوں جواب دیا کہ اُن پر احادیث منع کی مخفی رہی ورنہ انتظام جماعت کا جو بدعت ہے نہ کرتے اور سیاست کے طور پر تھا انتہی مختصراً اور میاں محمد چھٹو صاحب اپنی رسالہ کے اخیر میں مولوی محمد صاحب بکھنوی کے خط کے جواب میں یہ ارشاد بطور ہدایت نامہ کے فرماتے ہیں کہ ہم نماز تراویح اول شب میں مسجد میں باجماعت پڑھنی عمدًا ان ہی میں جانتے ہیں خواہ گیارہ رکعت ہوں خواہ بیس رکعت کیونکہ ہم لوگ اُن کے ہاتھوں کو پکڑتے ہیں جو لوگ حکم علیکم بالصّلوٰۃ فی بیوتکم کا تخالف کرتے ہیں الخ انتہی مختصراً ملخصاً غایۃ الاختصار۔ اب اس سے زیادہ عبارات لکھنی اُن دونو صاحبوں کی کچھ ضرورت نہیں کیونکہ لب لباب اور مغز اُن کی تحریرات کا مع اُن کے ہمشربوں کے اور خلاصہ اصلی اُن کا یہی ہے جو مرقوم ہوا ہے۔

اب میں اہل علم بالانصاف سے سائل ہوں کہ یہ عقائد اُن کے سراسر ضلالت اور خیانت فی دین اللہ

اور ظلمات بعضہا فوق بعض ہیں یا کہ منور بنور نبوت ہیں تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ مقصود اصلی اور ماحصل اُن کی ان تقریرات کا چند امور ہیں اول تراویح نماز بجز تہجد کے کوئی شرع میں وجود نہیں رکھتی پس اس کی بحث بوجہ اتم میں خود اول کر چکا ہوں مفصل طور پر قال الحافظ ابن حجر فی فتح الباری تحت حدیث زید بن ثابت حتی خشیت علیکم ولو کتب علیکم ما قمتم به فصلوا ایها الناس فی بیوتکم انتہی یحتمل ان یکون المخوف افتراض قیام رمضان خاصة فقد وقع فی حدیث الباب ان ذلك كان فی رمضان وفی روایة سفیان بن حسین خشیت ان یفرض علیکم قیام هذا الشهر فعلی هذا یرتفع الاشکال لان قیام رمضان لا یتکرر کل یوم فی السنة فلا یکون قدرا زائدا علی الخمس انتہی کلام ابن حجر مختصراً لہذا حدیث سفیان بن حسین کی جو زہری سے راوی ہے اُس سے صاف ثابت ہو کہ یہ نماز علاوہ تہجد کی ہے جس کو ماہ رمضان سے علاقہ خصوصیت کا ہے اسی واسطے آپ نے اضافت کے ساتھ فرمایا یعنی قیام هذا الشهر فرمایا اور قیام فی هذا الشهر نہ فرمایا اور تفصیل باقی اُس کی اول گذر چکی امر دوسرا یہ کہ حضرت عمر رضہ کو احادیث منع کی یعنے حدیث زید بن ثابت اور ام المومنین عائشہ رضہ کی مخفی تھی تو جواب اس کا چند وجہ پر ہے وجہ اول یہ کہ ہم اول ثابت بسند صحیح کر چکے ہیں کہ حضرت عمر رضہ اُن شبوں میں آپ کے ساتھ جماعت میں شریک ہیں بلکہ حضرت عمر رضہ ہی تھے جنہوں نے آں جناب کو گھر سے آواز دیکر بلایا وقد مر مفصلاً۔ وجہ دوسری یہ کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث اگر اور سب صحابہ پر مخفی تھی تو خود ام المومنین پر تو ظاہر تھی اور حال یہ کہ وہ خود بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جماعت کے ساتھ ادا کرتی تھیں۔ فقد قال الامام البخاری فی صحیحہ تعلیقاً وكانت عائشة رضہ یؤمها عبدها ذکوان من المصحف انتہی وقال الحافظ ابن حجر فی فتح الباری وصله ابن ابی شیبة قال حدثنا وکیع عن هشام بن عروة عن ابن ابی ملیکة عن عائشة رضہ انها اعتقت غلاما عن دبر فكان یؤمها فی رمضان فی المصحف انتہی واخرج امام الائمة الامام محمد فی کتاب الآثار عن ابراهیم النخعی ان عائشة كانت تؤم النساء فی شهر رمضان[۱]

[۱] انتہی عن الزہری عند احمد انتہی ۱۲ فتح الباری

فتقوم وسطا انتہی امر تیسرا یہ کہ تراویح مسجد میں با جماعت بدعت اور راشد منع موجب غضب و قہر الٰہی ہے پس جواب اس کا چند وجہ پر ہے۔ وجہ اول یہ ہے کہ خود ابو ہریرہ رضہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث مرفوع روایت فرماتے ہیں یعنی من قام رمضان ایمانا واحتسابا غفر له ما تقدم من ذنبه قال ابن شهاب فتوفی رسول الله صلی الله علیه وسلم والامر علی ذلك ثم کان الامر فی خلافة ابی بکر و صدرا من خلافة عمر علی ذلك انتہی اخرجه مسلم فی صحیحه و غیره فی غیره۔ اور وہی ابو ہریرہ رضہ روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابی بن کعب کو جماعت قیام رمضان کراتے دیکھا اور فرمایا اصابوا ونعم ما صنعوا اخرجه ابوداؤد وقد وصله مفصلا واسناده حسن اگر جماعت تراویح زنا آپکا واسطے منسوخ کرنے کے تھا تو ابی بن کعب کی جماعت کو اصابت رای کا حکم دینا اور فعل مدح کے ساتھ اس کی مدح کرنی اس کے کیا معنے وجہ دوسری یہ کہ تمام اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور ان کے تابعین اور تبع تابعین ومن بعدہم جنہوں نے انتظام کرکے مسجد وں میں بندوبست کرکے امام مقرر کیے اور اس امر کی مدح اور ثنا خوانی فرمائی وہ کون ہوئے۔ اب ان کے آثار سعادت جو اہل حدیث نے لکھے ہیں کسی قدر بیان کرتا ہوں فقد اخرج البیهقی من طریق عروة ان عمر اول من جمع الناس علی ابی بن کعب فکان یصلی بالرجال وکان تمیم الداری یصلی بالنساء وفی روایة محمد بن نصر فی ذکر امام النساء سلیمان بن ابی حثمة قال ابن حجر لعل ذلك کان فی وقتین انتہی کذا نقله الفاضل الکنوی فی حاشیة الموطا وقال امام الائمة الامام محمد لا باس بالصلوٰة فی شهر رمضان ان یصلی الناس تطوعا بامام لان المسلمین قد اجمعوا علی ذلك وراوه حسنا وقد روی عن رسول الله صلی الله علیه وسلم انه قال ما راه المؤمنون حسنا فهو عند الله حسن انتہی قلت کلام الامام محمد رح صحیح لا شبهة فیه۔ وخلافه باطل لا ریب فیه اما قوله ما راه المومنون الخ فصحیح کما بسطناه فی المقدمة الاولی و الثانیة فان الخلفاء الراشدین والائمة المجتهدین قد حکموا بتحسینه واهتموا به ذلك

الفاضل الکنوی فی حاشیۃ المؤطا لم یرو عن الصحابۃ فی زمان الخلفاء فمن بعدھم الانکار علی ذلک بل قدروا فقوا عمر رضہ فی کونہ حسنا و باشروا بہ وامروا واھتموا بہ فاخرج البیہقی عن السائب کانوا یقومون علی عہد عمر فی شہر رمضان بعشرین رکعۃ و اخرج عن عروۃ ان عمر اول من جمع الناس علی قیام رمضان الرجال علی ابی بن کعب و النساء علی سلیمان بن ابی حثمۃ زاد ابن سعد فلما کان عثمان جمع الرجال والنساء علی امام واحد سلیمان بن ابی حثمۃ واخرج البیہقی عن شبرۃ وکان من اصحاب علی انہ کان یؤمہم فی رمضان فیصلی خمس ترویحات واخرج ایضا انہم کانوا یقومون علی عہد عمر بعشرین رکعۃ وعلی عہد عثمان وعلی مثلہ واخرج عن عرفجۃ کان علی یامر الناس بقیام رمضان ویجعل للرجال اماما وللنساء اماما قال عرفجۃ فکنت انا امام النساء وعن ابی عبدالرحمن السلمی ان علیا دعی القراء فی رمضان رجلا ان یصلی بالناس عشرین رکعۃ وروی عن علی انہ قال نور اللہ قبر عمر رضہ کما نور مساجدنا انتھی کلام الفاضل وقال بعید ھذا وبالجملۃ المواظبۃ التشریعیۃ ثابتۃ من الصحابۃ فمن بعدھم علی حسن اداء التراویح عشرین رکعۃ بالجماعۃ وان لم یثبت الاجماع الفعلی عن جمیعہم انتھی کلام الفاضل اب دیکھو کہ جن صحابہ نے امر کیا جماعت کا مثل حضرت عمرؓ اور حضرت علی رضہ کی اور جو صحابہ امام مقرر ہوئے مثل تمیم داری اور عرفجہ اور سلیمان بن ابی حثمہ رضی اللہ عنہم کی جبکہ یہ حضرات سب صحابہ ہیں اور قصداً جماعت پر زور لگایا اور وہ بھی بیس رکعت پر اگر یہ دونو امر بدعت تھی تو یہ سب صاحب بلکہ جمیع اصحاب بدعتی ہوئے ولا یقول بہ الا اھل البدعۃ اما رافضی وخارجی وغیرھما۔ اور اہل مکہ کا اجماع خود امام شافعی فرماتے کما مر عن الترمذی اور عطا وغیرہ کا قول کہ اسپر اجماع ہوا وہ بھی گذر چکا کہ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ سے آجتک حرمین شریفین زادھما اللہ تشریفا میں اور باقی بلاد مشہو وبالخیر مثل شام وغیرہ کی اجتماع کرکے مسجدوں میں جماعت سے یہ صلوۃ بابرکات ادا ہوتی چلی آئی ہے اور

اول کتاب میں مقدمہ گذر چکا کہ جو بات خلاف اجماع ہو وہ سراسر گمراہی اور ضلالت ہے لہذا جو شخص جماعت تراویح کو یا کہ بیس رکعت کو گمراہی کا حکم لگاوے وہ شخص نہایت بذوات کمینہ اور گمراہ اور گمراہ کنندہ ہے بلکہ اُسپر وہ احادیث جو کہ خارق اجماع پرواز دیں بعینہٖ صادق آتی ہیں اُس کے نزدیک سب صحابہ اور قرون مشہود لہم بالخیر گمراہ ہوئے اب یہ شخص خارجی اور رافضی ہونے سے ہرگز خالی نہیں ہے واللہ یھدی من یشاء الی صراط مستقیم رہا یہ امر کہ پھر اُن احادیث کے کیا معنے کہ جن میں وہ لوگ غلط فہمی سے مغالطہ کرکے جماعت کو مسجد میں منع اور منسوخ سمجھ رہے ہیں۔ تو جواب اس کا یہ ہے کہ انکی دلیل عمدہ سے عمدہ چند امور ہیں اول یہ کہ لفظ فصلّوا ایھا الناس فی بیوتکم الخ ہے دوسری تین رات جماعۃً کرکے پھر ترک کرنا گویا منسوخ کردیا تیسری یہ کہ صحابہ رض خود بخود یہ امر اختراع کرکے بے حکم شارع کے آپ کے پیچھے نماز کرنے لگے اور یہ وضع جدید تھی اور وہ بدعت ہوتی ہے کما لا یخفی اب یہ امور دیکھ کر مخالف کو مغالطہ ہوا ہے کہ جماعت منع ہے مگر اہل علم نے ان سب امور کا جواب دیکر سنیت جماعت کا مسجد میں ثبوت عمدہ طور پر کرکے سب احادیث کو مطابق کردیا ہے قال الامام الطیبی فی شرح المشکوٰۃ قول عمر بن الخطاب نعمت البدعۃ ھٰذہ الخ یرید صلوۃ التراویح فانہ فی حیز المدح وفیہ تحریض علی الجماعۃ المندوب الیھا وان کانت لم تکن فی عھد ابی بکر فقد صلاھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وانما قطعھا اشفاقا من ان تفرض علی امتہ وکان عمر ممن نبہ علیھا وسنھا علی الدوام فلہ اجرھا واجر من عمل بھا الی یوم القیمۃ انتہی کلام الطیبی وقال الفاضل اللکنوی فی حاشیۃ الموطا فی شرح حدیث عائشۃ تحت قولہ صلی اللہ علیہ وسلم فلم یمنعنی ان اخرج الیکم الخ ظاھرہ انہ صلعم کان یحب ان یصلی بالناس فی لیالی رمضان علی الدوام ولم یمنعہ الا خشیۃ ان یفرض علیھم فاستفیدت منہ المواظبۃ الحکمیۃ وان لم توجد المواظبۃ الحقیقیۃ و

لہ اور قول حضرت عمرؓ کا لو جمعت ہولاء علیٰ قاری واحد کان امثل انھیں بھی اسکا موید ہے ۱۲ منہ

مدار السنیۃ المواظبۃ مطلقًا فیکون قیام رمضان سنۃ مؤکدۃ وبھذا بعینہ یثبت استنان التراویح فی جمیع اللیالی انتہی ملخصًا مختصرًا وقال الامام الباجی فی شرح قولہ صلی اللہ علیہ وسلم الا انی خشیت ان یفرض علیکم الخ قال القاضی ابو یحتمل ان یکون قد اوحی الیہ انہ ان واصل ھٰذہ الصلوٰۃ معہم فرضھا علیہم ویحتمل انہ ظن ان ذٰلک سیفرض علیہم لما جرت عادتہ بان ما داوم علیہ علی وجہ الاجتماع من القرب فرض علی امتہ ویحتمل ان یرید بذٰلک انہ خاف ان یظن احد من امتہ بعدہ اذا داوم علیہ وجوبہا انتہی کلام الباجی حاصل کلام کا یہ ہے کہ خوف فرضیت جماعت سے آپ نے جماعت ترک فرمائی مگر غرض آپ کی سنیت اداء بالجماعت تھی اسی واسطے ترغیب فرمائی کہ جماعت کے ساتھ ادا کرنے سے تمام شب کے قیام کا درجہ ہے اور جب آپکی وفات شریفہ ہو چکی اور فرضیت کا خوف نہ رہا لہذا اصلی غرض آپکی جو سنیت جماعت کی تھی وہ اپنے موقع پر بجائے خود باقی رہے اور یہ جواب سب محدثین اور فقہا نے دیگر احادیث کو مطابق کر دیا ہے کما فی کتب[1] القوم اور وہ جو مکرڈالوی نے فرضیت کے خوف کا یہ جواب دیا ہے کہ وہ لوگ خود بخود بلا اجازت خدا و رسول یہ عبادت مسجد میں کرنی چاہتے تھے الخ پس یہ جواب اُس کا کیسا لغو اور سرقہ بازی ہے اور بطلان اسکا دو وجہ سے ہے وجہ اول یہ کہ خود حدیث میں اس کو قیام تمام شب کا اجر فرمایا اگر یہ اُن کا اجتماع رہبانیت کے طور پر بدعت تھا تو اس قدر اجر عظیم کا وعدہ فرمانے کے کیا معنے یعنے جبکہ صحابہؓ نے درخواست کی لو نفلتنا قیام ھٰذہ اللیلۃ تو آپ نے جواب فرمایا ان الرجل اذا صلی مع الامام حتی ینصرف حسب لہ قیام لیلۃ انتہی کذا اخرجہ الترمذی عن ابی ذر وجہ دوسری یہ کہ اُن لوگوں کو جماعت کے واسطے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قصدًا و ارادۃً جمع کرکے سحور تک قیام فرمایا چنانچہ اُسی حدیث ابو ذر غفاری رضہ میں ترمذی کی روایت میں یہ لفظ وارد ہے فلما کانت الرابعۃ لم یقم بنا حتی بقی ثلث اللیل فلما کانت الثالثۃ

[1] چنانچہ امام نووی وغیرہ کی عبارتیں گذر چکی ۱۲ منہ عفی عنہ

جمع اھلہ ونساءہ والناس حتی خشینا ان یفوتنا الفلاح قلت وما الفلاح قال السحور انتہی بقدر الحاجۃ اور خود چکڑالوی نے اس حدیث کو صفحہ ۶۶ میں نقل کرکے یہ تقریر فرمائی ہے کہ اول زمانہ میں یعنی بروز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جماعت بنام رمضان ثابت ہے انتہی۔ اب اس جگہ پر صحابہ کا اختراعی فعل بتا رہے ہیں فنسی ھذا ما قدمت یداہ ثم اور وہ جو چکڑالوی صاحب نے مفہوم کیا ہے کہ فعل مؤخر فعل مقدم کا ناسخ ہوتا ہے انتہی تو یہ کلیہ اس کا غلط ہے کیونکہ بہت سے افعال مسنون ہیں اور ان کو گاہے گاہے واسطے رفع حرج کے ترک فرمایا ہے اس باب میں بھی یہی بات ہے کہ جو جماعت سے ادا کرے اس کو ترغیب فرمائی کہ تمام شب کے قیام کا اجر ہے اور واسطے رفع حرج کے کہ مبادا فرض نہو جاوے ترک فرمائی فجاء الحق وزھق الباطل ان الباطل کان زھوقا سبحان اللہ جب مولوی چکڑالوی صاحب اور مولوی ثبوتہ جیسے خام اور بے علم لوگ محدث قرار دیئے گئے اور ائمہ اربعہ اور متبعین ان کے بلکہ صحابہ و تابعین ناواقف علم حدیث کے مسلم ہونے تب ہی یہ ظلم اور اندھیر پڑ گیا کبرت کلمۃ تخرج من افواھھم ان یقولون الا کذبا۔ بھائیو اسی قسم کے خام خیال خودرائے لوگوں نے تمام دنیا کا دین برباد کر دیا ہے تم لوگوں کی بے بودی اوسی تقلید مذہب معین میں ہے ورنہ مدعی تمسک بآیت و حدیث تو تہتر فرقہ ہے اور حال یہ کہ جنتی ان میں سے ایک ہی ہے باقی سب ناری ہیں اور وہ جنتی فرقہ[1] بھی چار مذاہب معینہ ہے نہ غیر ان کا کہا قاضی ثناء اللہ محدث پانی پتی نے تفسیر مظہری میں بیچ تفسیر قول باری تعالیٰ کے قل یا اھل الکتب تعالوا الی کلمۃ الآیۃ وانما قدت فی العمل بالحدیث ان یکون ذلک الحدیث قد

[1] حدیث شریف میں فرمایا ہے کہ بہت تہتر فرقہ ہوں گے سب فرقہ دوزخی ایک جنتی ان کی علامت فرمائی ایک حدیث میں ما انا علیہ واصحابی اور دوسری میں فرمایا کہ وھی الجماعۃ اب مجموعہ ان امور کا مقلدین میں ہے نہ غیر مقلدین میں کیونکہ غیر مقلد اجماع سے خارج ہیں۔ اور مذہب صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم منکر ۱۲ منہ عفی عنہ

ذھب الیہ احد من الائمۃ الاربعۃ کیلا یلزم العمل علی خلاف الاجماع فان
اھل السنۃ قد افترق بعد القرون الثلاثۃ اوالاربعۃ علی اربعۃ مذاھب ولم
یبق فی فروع المسائل سوی ھذہ الاربعۃ فقد انعقد الاجماع المرکب علی بطلان
قول یخالف کلھم وقد قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تجتمع امتی علی الضلالۃ
وایضا لا یحتمل ان یکون مختفیا عن الاربعۃ وعن اکابر العلماء من تلامذتھم
فترکھم العمل بحدیث دلیل علی کونہ منسوخا اوماولا انتہی اس کے علاوہ بہت
کتب میں یہ مسئلہ مرقوم ہے زیادہ لکھنے کی ضرورت نہیں۔ اس مقام پر بندہ سب کو ایک فائدہ
جلیلہ بیان کرتا ہے جس سے چند مطالب حاصل ہوتے ہیں وہ یہ ہے کہ ہم سابق حدیث
صحیح مسلم کی انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے بیان کر چکے جس کا تتمہ یہ تھا فصلی صلوٰۃ لا
یصلیہا عندنا الحدیث یعنی کچھ نماز آپ نے صحابہ کے ساتھ ادا کی اور کچھ گھر میں اور نیز روایت
کیا اُس کو امام احمد نے اپنی مسند میں اور اس کے آخر میں یوں لفظ وارد ہے فدخل منزلہ
فصلی صلوٰۃ لم یصلھا عندنا قال فلما اصبحنا قال قلنا افطنت بنا اللیلۃ قال نعم
فذاک الذی حملنی علی الذی صنعت الحدیث یہ الفاظ ثابت بن اسلم نے انس رض سے روایت
کیے ہیں اور دوسری جگہ یہ ثمامہ بن عبداللہ بن انس بن مالک کی روایت میں انس رض سے یوں وارد
ہے عن انس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم خرج الیھم فی رمضان فخفف بھم ثم دخل فاطال ثم
خرج فخفف بھم ثم دخل فاطال فلما اصبحنا قلنا یا نبی اللہ جلسنا اللیلۃ فخرجت الینا
فخففت ثم دخلت فاطلت قال من اجلکم انتہی اور دوسری جگہ اسی ثمامہ بن عبداللہ کی سند
سے روایت کیا ہے اس میں لفظ یہ ہے قالوا یا رسول اللہ صلیت فجعلت تطیل اذا دخلت
وتخفف اذا خرجت قال من اجلکم ما فعلت انتہی اور دوسری جگہ یوں وارد ہے حمید
کی روایت میں انس رض سے ففعل ذلک مرارا کل ذلک یصلی وینصرف قالوا یا رسول
اللہ صلینا معک البارحۃ ونحن نحب ان تمد فی صلاتک فقال قد علمت بمکانکم وعمدا

عجیب مسئلہ اور فائدہ جلیلہ

فعلت ذٰلك انتہیٰ یعنے آپ نے چند بار یوں کیا کبھی اُن کے ساتھ جماعت کرتے اور کبھی خود اکیلے گھر میں جا کر ادا فرماتے اور دوسری جگہ پر اُسی ثمامہ بن عبداللہ کی سند سے یوں روایت کیا ہے عن انس بن مالك ان اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اتوہ لیلۃ فی رمضان فصلی لہم فخفف ثم دخل فاطال الصلٰوۃ ثم خرج .... فصلی بہم ثم دخل فاطال الصلاۃ ففعل ذٰلك مرارًا الحدیث انتہیٰ ان مواضع کے علاوہ بھی یہ حدیث امام احمد رح نے روایت فرمائی ہے جس سے چند فوائد حاصل ہوئے **فائدہ** اول یہ کہ جماعت سے گذارنا اس نماز کا ثابت ہوا اگر جماعت منع ہوتی تو آپ کیوں کرتے البتہ تخفیف امت کے لیے جماعت کو موکد طور پر تاکید نہ فرمائی تو کہ جماعت سے ادا کرنا فرض نہ ہو جاوے جیسا کہ سابق میں ہم مفصل بیان کر چکے۔ فائدہ دوسرا یہ کہ جبکہ آپ نے چند بار اس طرح کیا کہ کبھی آپ جماعت کرتے اور کبھی گھر میں جا کر ادا کرتے چنانچہ لفظ مرارًا کا راوی نے ذکر کیا ہے اور کچھ اس کی تعیین نہ کی تو اب حصر کرنا آٹھ رکعت میں اس کی کوئی وجہ معقول نہیں بن سکتی۔ فائدہ تیسرا کہ حدیث جابر رضہ کی سے جو آٹھ رکعت جماعت سے ثابت ہیں اور حدیث ابن عباس سے بیس رکعت بلا جماعت ثابت ہیں تو دونوں میں تطبیق ہو گئی کہ کچھ جماعت سے ادا کی جو کہ جابر رضہ نے ذکر کیا اور باقی بلا جماعت جو کہ ابن عباس رضہ نے ذکر کیا تو مجموعہ ملکر بیس ہو جاویں تو ممکن ہے گو کہ دونوں کی حدیث میں بحث اور کلام ہے جو گذر چکا بلکہ اجماع صحابہ رضہ کا بیس پر اس کا عمدہ طور پر موید ہے اگر کوئی اعتراض کرے کہ جابر رضہ کی حدیث میں آٹھ رکعت جو وارد ہیں وہ دعی طور پر جو جماعت سے گذاری وہی بیان کیا اور ابن عباس کی حدیث میں بیس رکعت بلا جماعت مذکور ہے تو اگر دونوں میں مطابقت کیجاوے تو ابن عباس کی حدیث میں بیس بلا جماعت کے کیا معنے تو جواب اس کا یہ ہے کہ ابن عباس رضہ کی حدیث بقاعدہ للاکثر حکم الکل کی بابت سے ہو۔ یعنے جبکہ اکثر رکعات بلا جماعت گذاری اور کم رکعات جماعت کے ساتھ تو اس واسطے ابن عباس رضہ نے للاکثر حکم الکل کے قاعدہ پر سب کو بلا جماعت ذکر فرمایا تو اب سب دونو حدیثوں کی

مطابقت ہوگئی اور اگر ابن حجر مکی اور کرمانی اور رافعی کا دعوی راست ہو جائے وہ تین شب جو حضرتؐ نے جماعت سے گذاری نہیں تھی تو سب بلکہ عمدہ طور پر سنت جماعت کا مذہب ثابت ہو جاویگا واللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ واہل بیتہ وازواجہ امہات المومنین اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین ٭

احسن الکلام فی مسئلۃ الوتر

سوال اوّل

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ حنفی مذہب میں جو وتر نماز کو تین رکعت پڑھتے ہیں اس کی کیا دلیل ہے۔

جواب

صحیح بخاری وصحیح مسلم اور موطا امام مالک رحمۃ اللہ علیہم اجمعین وغیرہم اہل حدیث .... نے سند صحیح سے روایت کیا ہے عن ابی سلمۃ بن عبد الرحمن انہ سأل عائشۃ رضی اللہ عنہا کیف کانت صلوٰۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی رمضان قالت ما کان یزید فی رمضان ولا فی غیرہ علی احدی عشرۃ رکعۃ یصلی اربعا فلا تسأل عن حسنہن وطولہن ثم یصلی اربعا فلا تسأل عن حسنہن وطولہن ثم یصلی ثلاثا قالت فقلت یا رسول اللہ اتنام قبل ان توتر فقال یا عائشۃ ان عینی تنامان ولا ینام قلبی انتہی[1] اس حدیث صحیح سے جو اعلی درجہ صحت کا رکھتی ہے صراحۃ تین رکعت وتر نماز ثابت ہوئی واللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب۔

سوال دوم

حنفی مذہب میں جو دو رکعت وتر کے بعد قعدہ کرتے ہیں اور بغیر سلام کے کھڑے ہو کر تیسری رکعت شفعہ اول کے ساتھ منضم کرتے ہیں تو اس سلام دینے کی ان کی کیا دلیل ہے۔

---

[1] آج کل نادان لوگوں نے اس حدیث کو تراویح پر محمول کر کے گیارہ رکعت تراویح شروع کی ہے اور یہ ان کا جہل ہے بلکہ یہ حدیث تہجد پر محمول ہے جو تراویح کا غیر ہے جو کہ بیس رکعت ہے اور تفصیل اس کی میرے رسالہ میں ہے ۱۲ منہ عفی عنہ

جواب

وہی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے جو کہ اعلیٰ درجہ صحت سند کا رکھتی ہے فقد اخرج امام الائمۃ الامام محمد فی الموطا اخبرنا سعید بن ابی عروبۃ عن قتادۃ عن زرارۃ بن اوفی عن سعد بن ہشام عن عائشۃ رضی اللہ عنہا ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان لا یسلم فی رکعتی الوتر واخرج الحاکم وصححہ کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوتر بثلاث لا یسلم الا فی آخرہن وفی روایۃ لا یسلم فی الرکعتین الاولیین من الوتر انتہی کذا نقلہ الزیلعی فی تخریج احادیث الہدایۃ وکذا الحافظ ابن حجر فی تخریجہ المذکور اب واضح ہو گیا کہ حدیث اول میں جو کہ بخاری مسلم وغیرہما کی ہے لفظ ثم یصلی ثلاثا کے معنے یہ ہیں کہ وتر کے بیچ کے تشہد میں سلام نہ فرماتے لہذا تینوں امور ثابت ہو چکے یعنے رکعت تین اور ایک سلام اور دو تشہد ورنہ اگر قعدہ اول نہ تھا تو سلام بدرجہ اولیٰ نہ تھا پھر سلام کی نفی سے کیا فائدہ اور نیز صحیح بخاری وغیرہ کی صحیح حدیث میں ہے عن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ان رجلا سال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن صلوٰۃ اللیل فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلوٰۃ اللیل مثنی مثنی الحدیث اور مسلم کی روایت میں ہے قال عقبۃ بن حریث قلت لابن عمر ما معنے قولہ مثنی مثنی قال تسلم من کل رکعتین انتہی کذا نقلہ الحافظ ابن حجر فی فتح الباری اور ظاہر ہے کہ لفظ مثنی مثنی اور لفظ تسلم من کل رکعتین کو قعدہ لازم ہے البتہ اس کا عکس جائز ہے کہ قعدہ ہو اور سلام نہ ہو جیسا کہ بیچ کے قعدہ کا حکم ہے۔ اگر کوئی شبہ کرے کہ حدیث حضرت عائشہ رضہ سے عدم سلام تو ثابت ہے، اور حدیث عبداللہ بن عمر رضہ سے بعد دو رکعت کے قعدہ بھی ثابت ہے مگر لفظ تسلم من کل رکعتین کا

---

[1] اس حدیث کو نسائی نے بہت سندوں سے روایت کیا ہے اور نیز باقی ائمہ نے اور اعلیٰ درجہ صحت کا رکھتی ہے کذا فی کتب القوم ۱۲ منہ [2] اور پوری حدیث یوں ہے فاذا خشی احدکم الصبح صلی رکعۃ توتر لہما قد صلے انتہی اور کہا حافظ ابن حجر نے فتح الباری میں فی روایۃ الشافعی وعبداللہ بن وہب ومکی بن ابراہیم ثلاثتہم عن مالک فلیصل رکعۃ ہکذا اخرجہ الدارقطنی بصیغۃ الامر انتہی قلت واخرج مالک فی الموطا بصیغۃ الامر ایضا ۱۲ منہ عفی عنہ

حدیث حضرت عائشہ رض کو مخالف اور مستدل کو مفید ہے. تو جواب اس کا یہ ہے کہ لفظ تسلم
من کل رکعتین کا راجع طرف ہر شفعہ کی نہیں بلکہ فقط شفعات اوائل کی طرف راجع ہے
یعنی ہر شفعہ کے بعد قعدہ اور سلام چاہیے. اب رہا شفعہ اخیرہ تو ہم کہتے ہیں کہ اس شفعہ میں
سلام نہ دینا چاہیے دلیل اس کی حدیث اوسی عبداللہ بن عمر رض کی ہے جس کو امام بخاری نے
صحیح بخاری میں روایت کیا ہے باب ما جاء فی الوتر میں اور وہ حدیث یہ ہے عن
عبدالرحمٰن بن القاسم عن ابیہ عن عبداللہ بن عمر رض قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم صلوٰۃ اللیل مثنی مثنی فاذا اردت ان تنصرف فارکع رکعۃ توتر لک ما صلّیت
انتھی اب اس حدیث صحیح میں لفظ فاذا اردت ان تنصرف صریح دال ہے اس بات پر کہ
اس شفعہ اخیر کا حکم شفعات متقدمہ کا سا نہیں کیونکہ اس میں تسلم من کل رکعتین نص ہے
کہ ہر شفعہ کے بعد سلام ہے اور اس شفعہ کے وقت شارع علیہ السلام نے لفظ اردت کا فرمایا ہے
یعنے ابھی تک انصراف نہیں ہوا بلکہ ارادہ کیا مصلّی نے کہ انصراف کرے تو ایک رکعت اس
شفعہ کے ساتھ منضم کرے تو ارادہ انصراف کو نفس انصراف مخالف ہے لہذا لفظ تسلم من
کل رکعتین اور لفظ مثنی مثنی دونو کو تشہد لازم ہے اور شفعہ اول کو بسبب لفظ فاذا
اردت ان تنصرف کے تشہد لازم اور سلام مخالف ہے بناء علیہ وتر نماز کے واسطے تینوں
امور ثابت ہو چکے یعنی رکعات اس کی تین از روے حدیث حضرت عائشہ صدیقہ رض کے اور
عدم سلام قعدہ اوّل میں اسی حدیث کے رو سے اور قعدہ اولی بموجب حدیث عبداللہ بن
عمر رض کے اور عدم سلام تشہد اوّل میں اور رکعت تین اسی حدیث کے رو سے اور اس تقریر
پر تمام طرق حدیث اور الفاظ اور اسانید سب کے سب منطبق اور موافق ہوئے اور کچھ تخالف
نہ رہا اور یہی مذہب حنفی ہے اور یہی صحیح ہے وھو المطلوب وللہ الحمد اولاً واخراً
وظاہراً وباطناً اور نسائی رح نے اس حدیث کی شرح کے واسطے مستقل باب منعقد
کیا ہے جس سے یہ امر واضح ہوتا ہے اور وہ یہ ہے باب کیف الوتر بواحدۃ اور اس میں

یہی حدیث روایت فرمائی ہے صلوٰۃ اللیل مثنی مثنی فاذا اردت ان تنصرف فارکع
بواحدۃ توتر بذلک ما قد صلیت انتہی غرض نسائی کی یہ ہے کہ وتر برکعت واحد
کے یہ معنے ہیں کہ رکعت اخیرہ شفعہ اخیرہ کے متصل ہو نہ جدا اُس سے واللہ اعلم بالصواب
حدیث دوسری الحمی حضرت عائشہ رض کی ہے اخرج اصحاب السنن الاربعۃ وابن
حبان والحاکم عن عائشۃ رضی اللہ عنہا ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یقرأ فی الرکعۃ
الاولی من الوتر بفاتحۃ الکتاب وبسبح اسم ربک الاعلی وفی الثانیۃ بقل یا ایھا
الکفرون وفی الثالثۃ بقل ھو اللہ احد والمعوذتین وقال الحاکم صحیح علی شرط
البخاری ومسلم انتہی قلت وقد اخرجہ الطحاوی عن ابن عباس وعلی وعمران
ابن حصین وکذا اخرج الترمذی والنسائی وابن ماجۃ کذا نقلہ الزیلعی وابن حجر فی
تخریجھما لاحادیث الھدایۃ اس حدیث میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے صراحۃً تین
رکعات وتر کا جدا جدا بیان فرمایا ہے مع قرأۃ اور عدد اور ترتیب کے۔ اگر کوئی اعتراض
کرے کہ دارقطنی کی روایت میں اُسی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے یوں وارد ہے
ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یقرأ فی الرکعتین یوتر بعدھما بسبح اسم ربک الاعلی
وقل یا ایھا الکفرون ویقرأ فی الوتر بقل ھو اللہ احد وقل اعوذ برب الفلق و
قل اعوذ برب الناس انتہی اب اس حدیث میں صریح ہے کہ تیسری رکعت کو وتر قرار
دیا ہے لہذا یہ حدیث مذہب حنفی کو مفید نہوئی بلکہ مضر ہوئی کیونکہ دو رکعت ذکر کرکے بعد
میں تیسری رکعت کو شفعہ اول سے جدا ذکر کیا تو اُس کو شفعہ اول سے کچھ علاقہ نہ رہا۔
توجواب اُس کا یہ ہے کہ مخالف نے تین رکعت اور بیچ کا قعدہ تو مسلم رکھا اور فی الواقع یہ دو
امر اس صورت کو لازم ہیں مگر اتصال رکعت تیسری کا اور انفصال اُس کا شفعہ اول سے
تو واضح ہو کہ دارقطنی کی حدیث جو مخالف نے نقل کی ہے وہ انفصال میں نص نہیں محتمل
التاویل ہے اور حال یہ کہ دوسری سند صحیح سے اسی حدیث میں نص کے طور وارد ہے کہ

وہ رکعت تیسری متصل تھی فقد اخرج النسائی من حدیث ابی بن کعب نحو حدیث عائشۃ وابن عباس وفی اخرہ ولا یسلم الا فی اٰخرھن ویقول بعد التسلیم سبحان الملک القدوس ثلاثا انتہی اب اس حدیث کے اس طریق میں عدم سلام ثابت ہوا اور حضرت عائشہ رض کے طریق سے تین رکعت اور بیچ کا قعدہ دونوں امر ثابت ہوئے لہذا مجموعہ تینوں امروں کا یعنے تین رکعت اور بیچ کا قعدہ اور ایک سلام ان سب کا ثبوت خود مخالف مان چکا وھو المطلوب واللہ اعلم بالصواب تیسری حدیث اوہی حضرت عائشہ رض کی ہے اخرج الدارقطنی من طریق سعد بن ہشام عن عائشۃ رضی اللہ عنہا قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتر اللیل ثلاث کوتر النہار صلوٰۃ المغرب انتہی اور اس کا ایک شاہد ہے حدیث عبداللہ ابن مسعود رض کی فاخرج الدارقطنی من طریق الاعمش عن مالک بن الحارث عن عبدالرحمن ابن یزید النخعی عن عبداللہ بن مسعود قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتر اللیل ثلاث کوتر النہار صلوٰۃ المغرب انتہی واخرج ابن ابی شیبۃ من حدیث عبداللہ بن عمر مرفوعا قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلوٰۃ المغرب وتر النہار فاوتروا صلوٰۃ اللیل قال العراقی سندہ صحیح کذا نقلہ الفاضل اللکنوی فی حاشیۃ المؤطا. اب اس سے زیادہ تصریح کیا درکار ہے کیونکہ وتر نماز کو مغرب کے ساتھ تین ہونے کے باب میں تشبیہ تام فرمائی اور وہ تب درست ہو جبکہ تینوں ہو کو شامل ہو۔ لہذا اب جو شخص تین رکعت وتر بے اصل جانے اس کا قول سراسر باطل اور دعوی اس کا محض کذب ہے اور جو شخص یوں کہتا ہے کہ رکعت تین مسلم ہیں مگر بیچ کا قعدہ ثابت نہیں اس کی بات بھی خام ہے کیونکہ اول تو کون سی نماز ہے جس کے واسطے بیچ کا قعدہ ثابت نہیں بایں طور کہ شارع نے دو رکعت کے بعد قعدہ مقرر نہیں کیا بجز وتر کے کوئی نظیر اس کی ضرور بیان کرنی چاہیے دوسری وجہ یہ کہ صلوٰۃ اللیل مثنیٰ مثنیٰ کے کیا معنے اور جو شخص یوں کہتا ہے کہ وتر نماز کی تینوں رکعت مسلم اور دو کا قعدہ بھی مسلم مگر قعدہ اولی میں سلام دیکر تیسری رکعت ادا کرنی چاہیے تو یہ قول بدرجہ اولیٰ نہایت

خام ہے دو وجہ سے وجہ اول یہ کہ شارع نے وہ کون سی نماز مقرر فرمائی ہے کہ جس کے واسطے
دو سلام ادا کرکے نماز ایک ہی قرار دی ہو مخالف کو لازم ہے کہ اس کی کوئی نظیر وتر کے علاوہ
بیان کرے۔ وجہ دوسری یہ کہ لفظ لایسلم الا فی آخرھن اس کے کیا معنے۔ وجہ تیسری یہ کہ
شارع نے سلام کو خارج کنندہ نماز سے مقرر کیا ہے جس کے مقابلہ میں تکبیر کو داخل کنندہ نماز
میں مقرر رکھا ہے لہذا جبکہ دو رکعت ادا کرکے سلام دیا تو نماز سے خارج ہو چکا تو اب تیسری
رکعت کو شفعہ اول سے کچھ علاقہ نہ رہا اب اس کی بنا شفعہ اول پر کب جائز ہے فقد
اخرج الترمذی وابوداؤد وابن ماجۃ والطحاوی وغیرھم عن علی بن ابی طالب
قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مفتاح الصلوۃ الطہور وتحریمھا التکبیر و
تحلیلھا التسلیم قال الترمذی ھذا الحدیث اصح شیئ فی ھذا الباب انتہی واخرج
الترمذی وابن ماجۃ عن ابی سعید الخدری مثلہ واخرج الدارقطنی والطبرانی عن
عبداللہ بن زید مثلہ واخرج الطبرانی فی معجمہ الکبیر عن ابن عباس مثلہ کذا نقلہ الزیلعی
وابن حجر فی تخریجھما لاحادیث الہدایۃ واللہ اعلم اور اگر مخالف شخص سلام کو خارج
قرار دے تو اس پر دو اعتراض وارد ہوتے ہیں اول یہ کہ باقی اور نمازوں میں بھی اس کو
خارج کنندہ مانے اور اگر مانے تو فرق کی وجہ کسی حدیث سے بیان کرے کہ وتر نماز میں سلام
خارج کنندہ از نماز نہیں اور دوسری نمازوں میں ہے وجہ دوسری یہ کہ اس کی تقریر پر
بنا کرکے تکبیر کو تحریم نہ ماننا چاہیے کیونکہ جب دونوں میں مقابلہ ہے یعنی تکبیر کو تحریم فرمایا اور
سلام کو تحلیل قرار دیا تو اب ایک کو مسلم رکھنا اور دوسری کو ضائع کرنا بلا ورود حدیث محض
کے تحکم اور دعوی بلا دلیل ہے پس صحیح اور معمول بہ یہی مذہب حنفی ہے اور یہی قوی ہے اور
وہی مذہب فقہا سبعہ مدینہ اور جمہور صحابہ و تابعین کا ہے فقد اخرج الامام ابو جعفر الطحاوی
فی شرح معانی الآثار عن عبدالرحمن بن ابی الزناد عن ابیہ قال اثبت عمر بن عبد العزیز
الوتر بالمدینۃ بقول الفقہاء ثلاثا لایسلم الا فی آخرھن انتہی واخرج عنہ عن سعید بن

المسیب وعروۃ بن الزبیر والقاسم بن محمد وابی بکر بن عبدالرحمن وخارجۃ بن
زید وعبید اللہ بن عبداللہ وسلیمان بن یسار فی مشیخۃ سواہم اہل فقہ وصلاح
وربما اختلفوا فی الشیٔ فاخذوا بقول اکثرھم وافضلہم رایا فکان مما وعیت عنہم
علی ھذہ الصفۃ ان الوتر ثلاث لا یسلم الا فی آخرھن انتہی وآخرج ابن ابی شیبۃ
عن الامام الحسن البصری قال اجمع المسلمون علی ان الوتر ثلاث لا یسلم الا فی آخرھن
انتہی وآخرج الطحاوی عن ثابت البنانی قال صلی بی انس بن مالک الوتر انا عن یمینہ
وام ولدہ خلفنا ثلاث رکعات لم یسلم الا فی آخرھن انتہی وآخرج عن انس ایضا انہ
قال الوتر ثلاث رکعات انتہی وآخرج عن المسور بن مخرمۃ قال دفنا ابا بکر فقال
عمر انی لم اوتر فقام فصففنا وراءہ فصلی بنا ثلاث رکعات لم یسلم الا فی آخرھن انتہی
کلامہ آور قیاس کے موافق بھی یہی مذہب حنفی ہے قال الامام الطحاوی فی شرح معانی
الآثار ثم اردنا ان نلتمس ذلک من طریق النظر فوجدنا الوتر لا یخلوا اما ان یکون فرضا
اوسنۃ فان کان فرضا فانا لم نر شیئا من الفرائض الا علی ثلاثۃ اوجہ فمنہ ما ھو
رکعتان ومنہ ما ھو اربع رکعات ومنہ ما ھو ثلاث وکل قد اجمع ان الوتر لا تکون
اثنتین ولا اربعا فثبت بذلک انہ ثلاث وآما اذا کان سنۃ فانا لم نجد شیئا من
السنن الا ولہ مثل فی الفرض من ذلک الصلوۃ منہا تطوع ومنہا فرض ومن
ذلک الصدقات لہا اصل فی الفرض وھو الزکوۃ ومن ذلک الصیام ولہ اصل فی
الفرض وھو صیام شہر رمضان وما اوجب اللہ عزوجل من الکفارات ومن ذلک
الحج یتطوع بہ ولہ اصل فی الفرض وھو حجۃ الاسلام ومن ذلک العمرۃ یتطوع بہا
ووجوبہا فیہ اختلاف سنبینہ فی موضعہ ان شاء اللہ ومن ذلک العتاق فلہ اصل
فی الفرض وھو ما فرض اللہ عزوجل فی الکتب من الکفارات والظہار فکانت ھذہ
الاشیاء کلہا یتطوع بہا ولہا اصول فی الفرض فلم نر شیئا یتطوع بہ الا ولہ

اصل فی الفرض وقد راینا اشیاء هی فرض ولا یجوز ان یتطوع بها منها الصلوٰۃ علی الجنازۃ
وهی فرض ولا یجوز ان یتطوع بها ولا یجوز لاحد ان یصلی علی المیت مرتین یتطوع
بالاٰخر منهما فکان الفرض قد یکون فی شیئ ولا یجوز ان یتطوع بمثله ولم نر شیئا ان
یتطوع به الا وله مثل فی الفرض منه اخذ، وکان الوتر یتطوع به فلم یجز ان یکون
کذلک الا وله مثل فی الفرض والفرض لم نجد وترا الا ثلاثا فثبت بذلک ان الوتر
ثلاث هذا هو النظر وهو قول ابی حنیفة وابی یوسف ومحمد انتهی کلام الطحاوی
اور اہل حدیث کا قاعدہ ہے کہ وقت تعارض احادیث کے اس کو ترجیح ہوتی ہے جو حدیث کہ
موافق قیاس کے ہو قال الحافظ ابوبکر الحازمی فی کتاب الناسخ والمنسوخ من جملة الترجیحات
ان یکون احد الحدیثین موافقا للقیاس دون الاٰخر فیکون العدول عن الثانی الی
الاول متعینا انتهی مختصرا کذا نقله الامام الزیلعی فی تخریجه لاحادیث الهدایة
اور یہ قاعدہ بہت سے ائمہ دین نے پسند کیا ہے چنانچہ امام زیلعی اور امام شمنی وغیرہما نے اب قاعدہ
ہی مذہب حنفی کو ترجیح دیتا ہے بلکہ بعض ائمہ دین نے اس بات پر اجماع نقل کیا ہے کہ وتر نماز
تین رکعت ایک سلام سے ہونی چاہیے جیسا کہ نص کی ہے بعض تابعین نے ان میں سے ہیں
امام حسن بصری اور ابو الزناد جیسا کہ ان کے آثار گذر چکے اور قاسم بن محمد نے بھی یہی دعویٰ کیا
ہے چنانچہ صحیح بخاری میں ان کا اثر موجود ہے اور صدیق اکبر کے دفن کے وقت تمام صحابہ
اور تابعین جو موجود تھے اور حضرت عمر رض نے جماعت وتر کی فرمائی اور تین رکعت بیک سلام
ادا کیے اور کسی نے خلیفہ راشد عمر رض پر انکار نہ کیا اور راوی اس اثر کا جو کہ مسور بن مخرمہ
ہے وہ خود صحابی ہے اگر تین وتر بیک سلام مسنون نہ تھے تو یہ لوگ سب کیوں سکوت
کرتے پس ثابت ہوا کہ یہی سنت نبوی ہے اور وہی مجمع علیہ ہے فان السکوت فی معرض
البیان بیان لهذا اجماع اور سنت دونوں متفق ہو گئے اس بات پر کہ وتر اسی طرح ہے جس طرح
کہ مذہب حنفی ہے اور کہا شیخ الاسلام عینی نے شرح ہدایہ میں وهو قول عمر وعلی وابن

بیان لفظ
لوکعت سے
دعوی سنے مراد ہیں
یعنی زائد
الخمس

مسعود وابی بن کعب وانس بن مالک وابن عباس وابی امامۃ وحذیفۃ وعمر بن عبدالعزیز والفقہاء السبعۃ وسعید بن المسیب انتہی آب اس قسم کے مدلل اور صحیح مسئلہ کو جو شخص بے اصل قرار دیکر اسکو ترک کرے اور خواہ مخواہ اُس کی ترک پر سعی اور کوشش کرے پس وہ شخص نہایت درجہ کا متعصب اور بے دین ہے واللہ اعلم بالصواب ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین والعاقبۃ للمتقین والصلوۃ والسلام علی رسولہ محمد والہ واصحابہ واہل بیتہ اجمعین اما بعد پس یہ رسالہ ہے مسمی بہ تنبیہ اہل العصر فی اداء رکعتی الفجر اور اس میں دو فصل ہیں۔ فصل اول بیچ بیان ادائی سنت فجر کے بعد اقامت فرض کے واضح ہو کہ ادا کرنا سنت فجر کا بعد تکبیر اور اقامت فرض کے اس میں علما کا اختلاف ہے۔ مگر مذہب حنفی میں اسکی تفصیل یون ہے۔ کہ اگر مصلی کو اعتماد ہے۔ کہ سنت ادا کر کے ایک رکعت امام کے ساتھہ پا سکے گا تو سنت ادا کر کے جماعت میں شامل ہو جاوے۔ مگر بشرطیکہ روبرو جماعت کے ادا نہ کرے کہ مکروہ اور منع ہے۔ ورنہ جماعت میں شامل ہو جاوے۔ قال فی الھدایۃ ومن انتہی الی الامام فی صلوۃ الفجر وھو لم یصل رکعتی الفجر ان خشی ان تفوتہ رکعۃ ویدرک الاخری یصلی رکعتی الفجر عند باب المسجد ثم یدخل لانہ امکنہ الجمع بین الفضیلتین وان خاف فوتھا دخل مع الامام لان ثواب الجماعۃ اعظم والوعید بالترک الزم بخلاف سنۃ الظہر حیث یترکھا فی الحالین لانہ یمکنہ اداؤھا فی الوقت بعد الفرض ھو الصحیح انتہی۔ یعنی کہا صاحب ہدایہ نے کہ جو شخص پونچا طرف امام کے نماز فجر میں اور اُس نے نہیں پڑہی دو رکعت فجر کی اگر خوف کرتا ہے۔ کہ فوت ہوگی ایک رکعت اور پالیگا رکعت دوسری تو وہ پڑہ لے دو رکعت فجر کی نزدیک دروازہ مسجد کے پہر داخل ہو نماز مین کیونکہ ممکن ہے۔ اوسکو جمع کرنا دونو فضیلتو نمین اور اگر

خوف کرتا ہے فوت ہونیکا تو داخل ہو جاوے ساتھہ امام کے کیونکہ ثواب جماعت کا بڑا ہے
اور عذاب اُسکے ترک کا زیادہ لازم ہے - بخلاف سنت ظہر کے کیونکہ اونکو دونو حالتون
مین ترک کرے کیونکہ ممکن ہے اوسکو ادا کرنا اونکا وقت مین بعد فرض کے اور وہی صحیح ہے
انتہی قال الامام ابن الہمام فی فتح القدیر قولہ وان خشی فوتہما الخ الحاصل انہ اذا امکنہ الجمع بین
فضیلتین ارتکب والا رجح وفضیلۃ الفرض بجماعۃ اعظم من فضیلۃ رکعتی الفجر والوعید علی ترک الجماعۃ
الزم منہ علی اداء رکعتی الفجر انتہی مختصرا ملخصا - اور کہا امام ابن الہمام نے فتح القدیر مین کہ قول صاحب
ہدایہ کا کہ اگر خوف ہو فوت ہونے دونو رکعتونکا الخ حاصل یہ ہے کہ جب ممکن ہو جمع کرنا
درمیان دونو فضیلتون کے تو مرتکب اُسکا ہو جاوے ورنہ ترجیح دے اور فضیلت فرض
کی ساتھہ جماعت کے بڑی ہے فضیلت دو رکعتون فجر پر اور وہ عذاب کہ وارد ہے -
ترک جماعت پر زیادہ لازم ہے - اوسپر جو ادائے - دو رکعتونپر ہے ختم ہوا کلام اوسکا
مختصر خلاصہ کرکے اور کہا امام الائمہ امام محمد رح نے موطا مین یکرہ اذا اقیمت الصلوۃ
ان یصلی الرجل تطوعا غیر رکعتی الفجر خاصۃ فانہ لاباس بان یصلی الرجل وان اخذ المؤذن فی الاقامۃ
وکذلک ینبغی وہو قول ابی حنیفۃ رح انتہی یعنی مکروہ ہے جب اقامت کی جاوے یہ کہ
پڑھے آدمی نفل بجز دو رکعت فجر کے خاص کرکے کیونکہ نہین کوئی خوف ساتھہ اس بات کے
کہ پڑھے آدمی اگرچہ شروع کیا موذن نے اقامت مین اور اسیطرح لائق ہے اور
وہی ہے قول امام ابو حنیفہ رح کا - ختم ہوا کلام اوسکا غرض کہ مذہب حنفی مین ادا کرنا
سنت مذکورہ کا ساتھہ شرائط مذکورہ کے بعد اقامت فرض کے جائز ہے - اور مین
کہتا ہون کہ تائید مذہب حنفی کی اولہ صحیحہ سے ہو سکتی ہے اور وہ چند قسم کی ہین اول حدیث
مرفوع نبی صلعم سے فقد اخرج الامام احمد فی مسندہ حدثنا عبد اللہ حدثنی ابو سعد وحسین
بن محمد قالا ثنا اسرائیل عن ابی اسحاق عن الحارث عن علی رض قال کان رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم یصلی رکعتی الفجر عند الاقامۃ یعنی کہا حضرت علی رض نے کہ تھے رسول اللہ صلعم

پڑھتے دو رکعت فجر کی وقت اقامت کے واخرج ابن ماجۃ فی سننہ حدثنا الخلیل
ابن عمرو والو عمرو ثنا شریک عن ابی اسحاق عن الحارث عن علی قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم
یصلی الرکعتین عند الاقامۃ انتہی یعنی کہا حضرت علی رضہ نے کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے
دو رکعت وقت اقامت کے انتہی۔ اب یہ حدیث دلالت کرتی ہے اداے سنت
فجر پر وقت اقامت کے۔ اور کہا شیخ العلامہ برھان الدین محمود بن تاج الدین احمد
بن صدر الشہید رح نے محیط برھانی میں قد صح ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خرج الی
حی من احیاء العرب لیصلح بینہم لشیٔ بلغہ منہم واستخلف عبد الرحمن بن عوف فلما رجع وجدہ
فی الصلوۃ فدخل منزلہ وصلی رکعتی الفجر ثم خرج فصلی معہ انتہی یعنی تحقیق صحیح ہوا ہے۔ کہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نکلے طرف ایک قبیلہ کے قبیلون عرب سے تاکہ صلح کرادین
اون میں بسبب کسی چیز کے کہ پہنچا آپکو اُن سے اور خلیفہ کیا عبد الرحمن بن عوف رضہ کو پس
جبکہ رجوع کیا آپنے پایا اوسکو نماز میں پس داخل ہوئے آپ گھر میں اور پڑھی دو رکعتین
پھر نکلے آپ پس نماز پڑھی آپنے ساتھہ اُسکے انتہی۔ اور کہا امیر کاتب اتقانی نے غایۃ البیان
میں ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علم شروع الامام فی صلوۃ الفجر وہو فی بیتہ یصلی
سنۃ الفجر انتہی یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جان لیا شروع ہونا امام کا نماز
فجر میں اور آپ اپنے گھر میں پڑہتے تھے۔ سنت فجر کی انتہی وقال الامام العینی فی شرح البخاری
وقد روی ابن عباس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یصلی عند الاقامۃ فی بیت میمونۃ انتہی
اور کہا امام عینی نے شرح بخاری میں اور تحقیق روایت کیا ابن عباس رضہ نے کہ نبی صلعم
تھے پڑہتے وقت اقامت کے بیچ گھر میمونہ رضہ کے انتہی اس مقام پر مخالف لوگ چند
اعتراض کرتے ہیں اول یہ حدیث حضرت علی رضہ کی ضعیف ہے۔ کیونکہ اسناد میں اوسکی
حارث اعور ہے۔ اور وہ ضعیف ہے۔ بلکہ بعض نے اُسکو کاذب کہا ہے۔ کہا شعبی نے
حدیث کی مجھکو حارث نے اور تھا جھوٹ بولتا اور ابراہیم سے ہے کہ وہ متہم ہے اور مغیرہ سے

ہے۔ کہ نہ تہا حارث سچ بولتا حدیث حضرت علی میں اور کہا ابن المدینی نے کہ تہا کاذب اور کہا
جریر بن عبد الحمید نے کہ تہا وہ روی اور کہا ابن معین نے ضعیف ہے اور کہا ابن عدی نے
کہ اکثر جو روایت کرتا ہے غیر محفوظ ہیں اور کہا دارقطنی نے ضعیف ہے۔ اور کہا شعبی نے
کہ نہین جہوٹھہ بولا کسی نے اس امت میں جسقدر جہوٹ بولا ہے وہ حضرت علی پرا اور تہے امام
ابن سیرین دیکہتے کہ اکثر وہ جو روایت کرتا ہے حضرت علی سے باطل ہیں اور کہا ابن حبان
نے کہ تہا حارث غالی تشیع میں انتہی مختصرًا ملخصا۔ اور اسیطرح بہت کتب رجال میں
ہے۔ اسکا حال شرق سے غرب تک مشہور ہے۔ اسواسطے کہا مولوی شمس الحق عظیم آبادی
نے کتاب اعلام اہل العصر میں فیہ الحارث الاعور وہو ضعیف بل قد رمی بالکذب انتہی یعنی
اس میں حارث اعور ہے اور وہ ضعیف ہے۔ بلکہ تحقیق وہ تہمت لگایا گیا ہے ساتہہ
جہوٹ بولنے کے انتہی۔ اور جواب اوسکا یہ ہے کہ قول فیصل حارث اعور میں یہ نہین ہے
جو کہ مخالف نے بیان کیا ہے۔ بلکہ صحیح یہ ہے کہ مسائل اعتقادیہ میں وہ مقبول
نہین۔ کیونکہ وہ شیعہ ہے ماسکے علاوہ مقبول ہے۔ دیکہو اہل حدیث کے قول فیصل کو قال شیخ الاسلام
الذہبی فی میزانہ قال عباس عن ابن معین لیس بہ باس وکذا قال النسائی وقال عثمان الدارمی
سألت یحیی ابن معین عن الحارث الاعور فقال ثقۃ وقال ابوبکر بن ابی داؤد کان الحارث
الاعور افقہ الناس وافرض الناس واحسب الناس لعلم الفرائض من علی وحدیث الحارث فی السنن
الاربعۃ والنسائی مع تعنتہ فی الرجال فقد احتج بہ وقوی امرہ والجمہور علی توہین امرہ مع روایتہم
لحدیثہ فی الابواب ہذا الشعبی یکذبہ ثم یروی عنہ والظاہر انہ کان یکذب فی لہجتہ وحکایاتہ واما
فی الحدیث فلا قال مرۃ بن خالد حدثنا محمد بن سیرین قال کان من اصحاب ابن مسعود خمستہ یوخذ
عنہم ادرکت منہم اربعۃ وفاتنی الحارث فلم ارہ وکان یفضل علیہم وکان احسنہم ویختلف
فی ہولاء الثلاثۃ ایہم افضل علقمۃ ومسروق وعبیدۃ انتہی کلام الذہبی یعنی کہا شیخ الاسلام
ذہبی نے میزان الاعتدال میں کہ کہا عباس نے روایت ہے ابن معین سے کہ کچھہ حرج

نہیں ساتھ اُسکے اور اسیطرح کہا نسائی نے اور کہا عثمان دارمی نے پوچھا مین نے ابن
معین کو حال حارث کا پس کہا ثقہ ہے۔ اور کہا ابوبکر بن ابی داؤد نے کہ تہا حارث
اعور افقہ لوگوں کا علم فرائض مین حضرت علی سے اور حدیث حارث کی سنن اربعہ مین ہے
اور نسائی نے باوجود تشدد اپنے کے رجال کے باب مین پس حجت پکڑی ہے ساتھ اوسکے
اور قوی کیا امر اوسکا اور جمہور محدثین اوپر اہانت امر اوسکے کے ہین باوجود روایت کرنے
اونکے حدیث اوسکی کو تمام ابواب میں یہی امام شعبی اوسکو کاذب کہتے ہیں۔ اور پہر
روایت کرتے ہیں اوس سے اور ظاہر ہے کہ وہ جہوٹہ بولتا تہا اپنے لہجہ اور اپنی
حکایتوں میں اور اسے پر حدیث میں پس نہ کہا مرہ بن خالد نے حدیث کی ہمکو محمد بن
سیرین نے کہا تہے شاگرد عبداللہ بن مسعود کے پانچ شخص جن سے علم لیا جاتا تہا پایا میں نے
اُن میں سے چار کو اور فوت ہوا مجہہ سے حارث پس نہ دیکہا میں نے اوسکو اور تہا فضیلت
رکہتا اونپر اور تہا نیک اور انکا بڑا اور اختلاف ہے ان تین مین کہ کون اُن تینوں کا افضل ہے
علقمہ اور مسروق اور عبیدہ بن عمرو سلمانی انتہی کلام الذہبی اور خود ترمذی نے زکوۃ
الخیل کے باب میں امام بخاری رح سے حارث کی حدیث کی تصحیح نقل کی ہے اور عبارت اوسکی
یہ ہے قال ابوعیسی روی ہذا الحدیث الاعمش وابو عوانۃ وغیرہما عن ابی اسحاق عن عاصم بن
ضمرۃ عن علی وروی سفیان الثوری وابن عیینۃ وغیر واحد عن ابی اسحاق عن الحارث عن علی
وسالت محمد بن اسماعیل عن ہذا الحدیث فقال کلاہما عندی صحیح عن ابی اسحاق یحتمل ان یکون
عنہما جمیعا انتہی کلام الترمذی بعینہ۔ اب خیال کرنا چاہیے کہ یہ تمام اشخاص اعلم الناس
اور اصدق الناس اور افقہ الناس اور اوثق الناس ان سب کی اہل حدیث نے وصف
فرمائی ہے باوجودیکہ صحاح ستہ والونکے اجماعی اشیاخ ہیں پہر جبکہ امام محمد بن سیرین نے حارث
اعور کو ان سب پر فضیلت فرمائی اب مخالف شخص دیدہ و دانستہ اسپر جرح تسلیم کرتا ہے
اور تعدیل کو نسیا منسیا مانتا ہے بلکہ حق یہ ہے کہ حارث اعور کا درجہ محمد بن اسحاق صاحب

۹ اعور ۱۲ و فرائض لوگوں کا اور بڑا حساب دان لوگوں کا

سلہ جو کہ فاتحہ خلف امام کی حدیث جو کہ ابو داود وغیرہ نے عبادہ رض سے روایت کی ہے۔ ۱۲ منہ
انکا دا بی سے

مغازی سے اعلیٰ ہے کیونکہ محمد بن اسحاق بھی اکثر کے نزدیک مجروح اور ضعیف اور کذاب اور
متہم بالتشیع والقدر اور موصوف بوصف تدلیس ہے چنانچہ اسکی بحث مین نے اپنے رسالہ الدلیل
المبین علی ترک القراۃ للمقتدین مین بالبسط کی ہے اور مخالف کی دلیل یعنی حدیث عبادۃ
بن صامت رضی کی جس سے مخالف نے وجوب فاتحہ خلف امام پر استدلال کیا ہے اسکا ضعف
عمدہ طور پر ثابت کر دکھایا ہے۔ اب محمد بن اسحاق کی حدیث کو صحیح ماننا اور حارث کی حدیث
کو ضعیف بلکہ وضعی قرار دینا بعید از انصاف ہے بلکہ حق یہ ہے کہ محمد بن اسحاق کی
حدیث خوہ مخواہ ضعیف ہے۔ کیونکہ اُس نے حدیث کی سند یون بیان کی ہے محمد بن
اسحاق عن مکحول عن محمود بن الربیع عن عبادۃ انتہی جیسا کہ ترمذی اور ابوداؤد اور دارقطنی اور
جزء القراۃ وغیرہا میں موجود ہے اور حال یہ کہ سند اس حدیث کی صحیح طور پر اسطرح نہیں ہے
بلکہ یا تو یون ہے۔ مکحول عن عبادۃ ارسال کے طور پر چنانچہ چار شاگرد مکحول کے اسیطور
روایت کرتے ہیں اُن مین سے ہیں سعید بن عبد العزیز اور عبد الرحمن بن یزید بن جابر اور
عبد اللہ بن العلاء یہ تینوں عن مکحول عن عبادۃ کہتے ہیں جیسا کہ ابوداؤد میں ہے اور چوتھا
محمد بن ولید زبیدی جیسا کہ دارقطنی میں ہے۔ اور ظاہر ہے کہ مکحول کو عبادہ سے روایت
نہیں بلکہ اتفاقاً منقطع ہے اور زید بن واقد رح جو کہ امام ملک شام کا ہے اوس نے یوں
روایت کی ہے زید بن واقد عن مکحول عن نافع بن محمود عن عبادۃ جیسا کہ نسائی اور ابوداؤد اور
جزء القراۃ اور دارقطنی میں ہے اور خود محمد بن اسحاق نے بھی اسیطور پر روایت کی چنانچہ
دارقطنی اور بیہقی میں ہے اور ظاہر ہے۔ کہ نافع بن محمود مستور الحال ہے جیسا کہ نص کی ہے
اسپر حافظ ابن حجر نے تقریب التہذیب میں اور کہا ذہبی نے میزان الاعتدال میں قال ابن حبان حدیثہ
ہذا معلل انتہی لہذا ثابت ہوا کہ حدیث عبادہ کی سند یا منقطع ہے یا مدار اسکا نافع بن
محمود مستور الحال پر ہے اور جس طور پر ترمذی وغیرہ نے محمود بن ربیع کے واسطے سے نوس نے
عبادہ سے روایت کی ہے وہ غلط ہے اور شاذ یا کہ منکر ہے۔ اور باوجود ضعیف ابن غیوب کے مولوی

شمس الحق صاحب عظیم آبادی مع اپنے اشیاخ اور اقران اور اتباع کے عبادہ بن صامت رضہ
کی حدیث کو صحیح مانکر فاتحہ خلف امام کو واجب جانتے ہیں اور اس حدیث کو بسبب حارث
اعور کے مجروح کیا ہے باوجودیکہ حارث نے کسی شاگرد حضرت علی رضہ کی مخالفت
نہین کی اور نہ کسی پر زیادتی کی ہے اور درجہ میں حارث اعور محمد بن اسحاق سے اول تو
زیادہ معتبر ہے ورنہ اُسکا مساوی توضرور ہے لہذا حدیث حارث کی جس مین ہم ہیں حدیث
محمد بن اسحاق سے اعلی ہے واللہ اعلم اور جسکو شوق ہو مسئلہ فاتحہ خلف الامام کا عمدہ طور
تفصیل سے دیکھے وہ شخص ہمارے رسالہ الدلیل المبین علی ترک القراءۃ للمقتدین کو دیکھے
تاکہ اوسکی تسلی ہوجاوے اگر وہ انصاف پسند ہے ورنہ خیر اعتراض دوسرا یہ ہے
کہ وہ جو صاحب محیط اور امیر کاتب اتقانی نے غایۃ البیان میں حدیث...... نقل کی ہے
کہ آپ دیدہ و دانستہ سنت فجر ادا کر کے جماعت میں شامل ہوئے اور اسیطرح وہ جو
علامہ عینی نے ابن عباس رضہ کی حدیث نقل کی کہ آپ دیدہ و دانستہ میمونہ رضی اللہ
عنہا کے گھر سنت فجر ادا کر کے جماعت میں ملے یہ دونو باتیں بے اصل ہیں کیونکہ ان دونون
نے ان حدیثون کی تخریج بیان نہین کی کہ کس کتاب کی ہیں اور یہ سب صاحب خود
محدث ہی نہیں جن کی نقل بلا سند مانی جاوے کہا مولوی شمس الحق عظیم آبادی نے اپنے
رسالہ اعلام اہل العصر میں قلت ما قال فی المحیط لم یوجد فی کتب الحدیث بہذا اللفظ الخ الی
ان قلل وکذا ما قال الاتقانی فی غایۃ البیان لم یوجد فی کتب الحدیث ولا عبرۃ بذکر امثالہا
من الفقہاء فان صاحب المحیط وصاحب الغایۃ وامثالہما لیسوا من المحدثین ولا اسند الحدیث
الی احد من المخرجین انتہی یعنی میں کہتا ہون کہ وہ جو کہا ہے محیط میں نہین پایا گیا کتب
حدیث میں ساتھہ اس لفظ کے آخر تک یہانتک کہ کہا اور اسیطرح وہ جو کہا ہے
امیر کاتب اتقانی نے غایۃ البیان مین نہیں پایا گیا کتب حدیث میں اور نہین اعتبار ہے ساتھ

سلہ ۵ اسمین اشارہ ہے کہ اسکے معنی صحیح ہیں چنانچہ مسلم کی حدیث جسکو خود مولوی شمس الحق صاحب نے نقل کیا ہے
اوس سے قیاسا مستنبط ہو سکتا ہے۔ ۱۲ منہ عفی عنہ

ذکر کرنے مثل انکیکو فقہاء میں سے کیونکہ صلعب محیط اور صاحب غایۃ اور انکے مانند نہیں ہیں
محدث اور نہیں نسبت کیا حدیث کو طرف کسی کی تخریج والون میں سے ختم ہوا کلام مولوی
شمس الحق کا مختصر کر کے جواب اوسکا یہ ہے کہ اگرچہ حدیث قصہ عبد الرحمٰن بن عوف کی ادن الفاظ
کے ساتھہ نہیں جسطرح کہ صاحب محیط اور صاحب غایۃ البیان اور علامہ عینی نے نقل کی
ہے مگر معنی اوسکے صحیح ہیں اور مطلب درست ہے۔ اور تقریر اس کی مبنی ہے ایک مقدمہ
اور تمہید پر مقدمۃ اوسکا یہ ہے۔ کہ ہم نے ثابت کر دکھایا ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے دیدہ و دانستہ وقت اقامت کے دو رکعت سنت فجر کی ادا کی ہے۔
چنانچہ حضرت علی رضا کی حدیث میں صراحۃً مذکور ہے اور وہ جو مولوی شمس الحق صاحب
اور ہم مشرب اونکے نے اوسکو ضعیف قرار دیکر ساقط عن الاعتبار کیا تہا وہ غلط نکلا بلکہ
حدیث مقبول مقرر ہوئی اور تمہید اوسکی یہ ہے کہ حدیث صحیح مرتبہ اول سے ثابت ہے
کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی پیچھے
گذاری ہے اور ایک رکعت اوسکے ساتھہ آپنے ادا کی ہے اور ایک بعد سلام کہڑے ہوکر
مسبوقانہ طور اکیلے ادا فرمائی ہے فقد اخرج البخاری ومسلم فی صحیحیہما واللفظ لمسلم من طریق
عباد بن زیاد ان عروۃ بن المغیرۃ بن شعبۃ اخبرہ ان المغیرۃ بن شعبۃ اخبرہ انہ غزا مع
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تبوک قال المغیرۃ فتبرز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبل
الغائط فحملت معہ اداوۃ قبل صلوۃ الفجر فلما رجع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الی اخذت
اہریق علی یدیہ من الاداوۃ الحدیث بطولہ وفیہ ثم اقبل قال المغیرۃ فاقبلت معہ حتی یجد الناس
قد قدموا عبد الرحمٰن بن عوف فصلی لہم فادرک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احدی الرکعتین
فصلی مع الناس الرکعۃ الآخرۃ[1] فلما سلم عبد الرحمٰن بن عوف قام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

[1] اس حدیث میں ایک لطیفہ ہے وہ یہ ہے کہ مسبوق کی جو نماز باقی رہتی ہے وہ اوسکی اول نماز ہے لہذا اوسمین سورہ ضم کرے کیونکہ بلفظ صلی مع الناس الرکعۃ الآخرۃ حدیث اول میں اور لفظ فصلی الرکعۃ التی سبق بہا دوسری میں صریح اسپر دال ہیں اور کہا ابن عبد البر نے وبہ قال الثوری والحسن بن حیی و مالک علی روایۃ وہو المروی عن عمر وعلی وابی الدرداء وابن عمر ومجاہد وابن سیرین انتہی اور تفصیل اسکی ہمارے رسالہ الدلیل المبین علی ترک قراۃ المقتدین میں ہے

یتم صلوته انتہی مختصر الخصا واخرج ابو داؤد وقال فیہ فلما سلم قام النبی صلی اللہ علیہ وسلم فصلی الرکعۃ التی سبق بہا لم یزد علیہا شیئا انتہی وفی اسد الغابۃ فی معرفۃ الصحابۃ للعلامۃ الجزری باسنادہ الی ابراہیم بن سعد عن ابیہ عن جدہ عن عبد الرحمن بن عوف ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لما انتہی الی عبد الرحمن بن عوف وہو یصلی بالناس اراد عبد الرحمن ان یتاخر فاوما الیہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان مکانک فصلی وصلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بصلوۃ عبد الرحمن بن عوف انتہی اور خود مولوی شمس الحق صاحب نے ان احادیث کو اپنے رسالہ اعلام اہل العصر میں نقل کیا ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ ایک موقع ایسا ہی گذرا ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز عبد الرحمن بن عوف کے پیچھے ایک رکعت ادا کی اور ایک رکعت مسبوق کے طور اکیلے ادا فرمائی۔......لہذا جبکہ یہ مقدمہ اور تمہید دونو بخوبی ثابت اور صحیح دلیل معتبر سے ہو چکے تو اب ہم کہتے ہیں کہ ادا کرنا سنت فجر کا بعد اقامت کے جو حدیث حضرت علی رضہ سے ثابت ہے دو حال سے خالی نہیں یا تو وہی موقع ہے جو کہ آپ نے عبد الرحمن بن عوف رضہ کے پیچھے ادا کی ہے یا اُسکا غیر ہے اگر اوسکا غیر ہے تو مولوی شمس الحق صاحب اور اونکے اعوان و انصار اوسکا نشان اور پتہ فرما دیں کہ کس روز ہوا ہے مگر صحیح حدیث سے ثابت کریں ضعیف نہو اور نیز ہمکو تو مطلب برای سے کلام ہے اگر کوئی اور موقع ہو تب بھی ہمارا مطلب ثابت ہوا اور اگر وہی ہے جو کہ عبد الرحمن رضہ کے پیچھے آپ نے ایک رکعت ادا کی اور دوسری بعد سلام امام کے مسبوقانہ طور ادا کی ہے تو ہمارا مدعی یہ بھی ثابت ہوا اور صاحب محیط اور امیر کاتب اتقانی اور امام عینی مولوی شمس الحق کے مواخذہ سے ناجی ہوئے اور انکو اللہ تعالی نے مولوی صاحب موصوف کے طعن اور تشنیع اور بدظنی سے خلاص کیا ....اور نیز مولوی شمس الحق صاحب کا یہ کہنا کہ یہ فقہاء فقط فقہ ہی رکھتے تھے اور وہ لوگ محدث نہیں ہیں سبحانک ہذا بہتان عظیم علم اسماء رجال میں دیکھو کہ یہ سب فقہاء اہل ترجیح اور درجہ اجتہاد کا رکھتے ہیں اور معتبر بیان

میں شمار کیے جاتے ہیں۔ مولوی شمس الحق اور مولوی نذیر حسین صاحب دہلوی وغیرہ ہمامن غیر المقلدین آجکل کے لوگ جو کہ بہ نسبت امام عینی وغیرہ کی محض نادان اور غبی اردو خوان ہیں وہ تو محدث اصحاب الحدیث نام رکہاویں اور فقہا سلف خلف ناواقف قرار دیے جاویں این کار از تو آید مردان چنین کنند خدا تعالی اس قسم کے تعصب سے بچاوے آین قسم دوسرا اصحیح آثار صحابہ اور تابعین اور اتباع التابعین کے ہیں اور وہ بکثرت ہیں جس سے عمدہ طور پر ثابت ہوتا ہے کہ یہ امر علی الاعلان مشہور تہا کہ بغیر الط مذکورہ بعد اقامت کے سنت فجر ادا کر لیا کرتے تہے ان میں سے ہیں حضرت عبد اللہ بن مسعود فقد شیدار کانہ امام الائمہ الامام ابو جعفر الطحاوی فی شرح معانی الآثار حدثنا سلیمان بن شعیب قال ثنا عبد الرحمن بن زیاد قال ثنا زہیر بن معاویۃ عن ابی اسحاق قال ثنی عبد اللہ بن ابی موسی عن ابیہ حین دعاہم سعید بن العاص دعا ابا موسی و حذیفۃ وعبد اللہ بن مسعود قبل ان یصلی الغداۃ ثم خرجوا من عندہ وقد اقیمت الصلوۃ فجلس عبد اللہ الی اسطوانۃ من المسجد فصلی الرکعتین ثم دخل فی الصلوۃ یعنی بلایا سعید بن العاص نے حضرت ابو موسی اشعری اور حضرت حذیفہ بن یمان اور حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہم کو قبل اسکے کہ پڑہے نماز فجر کی پہر نکلے وہ سب اوسکے پاس سے اور اقامت کی گئی نماز پس بیٹھے عبد اللہ بن مسعود طرف ستون کی مسجد میں سے پس پڑہیں دو رکعتیں پہر داخل ہوئے نماز میں حدثنا سلیمان حدثنا خالد ابن عبد الرحمن قال ثنا سفیان عن ابی اسحاق عن عبد اللہ بن ابی موسی عن عبد اللہ انہ دخل المسجد و الامام فی الصلوۃ فصلی رکعتی الفجر یعنی روایت ہے عبد اللہ سے کہ وہ داخل ہوئے مسجد میں اور امام اوسوقت نماز میں تہا پس ادا کی دو رکعت فجر کی حدثنا ابو بشر الرقی قال ثنا ابو معاویہ عن ابی المالک الاشجعی عن ابی عبیدۃ عن عبد اللہ یعنی ابن مسعود انہ کان یفعل ذلک انتہی یعنی تہے عبد اللہ بن مسعود کرتے اسیطرح واخرج ابن ابی شیبۃ فی مصنفہ حدثنا ابن ادریس عن مطرف عن ابی اسحاق عن حارثۃ بن مضرب ان ابن مسعود وابا موسی خرجا من عند سعید بن العاص فاقیمت الصلوۃ فرکع ابن مسعود رکعتین ثم دخل مع القوم فی الصلوۃ واما ابو موسی فدخل فی الصف انتہی یعنی

ابن مسعود اور ابوموسی نکلے وہ دونو سعید بن العاص کے پاس سے پس اقامت کی گئی نماز پس پڑہی ابن مسعود رضہ نے دو رکعت پہر داخل ہوئے ساتہہ لوگو نکی نماز مین اور اسے پر ابوموسی پس داخل ہوئے صف میں ۔ ومنہم عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فقد اخرج الطحاوی حدثنا محمد بن خزیمۃ وفہد قالا حدثنا عبداللہ بن صالح قال حدثنی اللیث قال ثنی ابن الہاد عن محمد بن کعب قال خرج عبداللہ بن عمر من بیتہ فاقیمت صلوۃ الصبح فرکع رکعتین قبل ان یدخل المسجد وہو فی الطریق ثم دخل المسجد فصلی الصبح مع الناس انتہی یعنی نکلے عبداللہ بن عمر رضہ اپنے گہر سے پس اقامت کی گئی نماز صبح کی پس پڑہی دو رکعتین پہلے اس سے کہ داخل ہو مسجد میں اور وہ راستہ میں تہے پہر داخل ہوئے مسجد میں پس پڑہی صبح ساتہہ آدمیونکے حدثنا فہد قال ثنا ابونعیم قال حدثنا مالک بن مغول قال سمعت نافعا یقول ایقظت ابن عمر لصلوۃ الفجر وقد اقیمت فقام فصلی الرکعتین انتہی یعنی کہتا ہے نافع مدنی کہ جگایا میں نے عبداللہ بن عمر رضہ کو واسطے نماز فجر کے اور حال یہ کہ قائم کی گئی نماز فجر کی پس کہڑے ہوئے پس پڑہی دو رکعتین حدثنا علی بن شیبۃ قال حدثنا الحسن بن موسی قال حدثنا شیبان بن عبدالرحمن عن یحیی بن ابی کثیر عن زید بن اسلم عن ابن عمر انہ جاء والامام یصلی الصبح ولم یکن یصلی الرکعتین قبل صلوۃ الفجر فصلاہما فی حجرۃ حفصۃ ثم انہ صلی مع الامام یعنی عبداللہ بن عمر رضہ آئے اور امام اوسوقت پڑہتا تہا صبح اور انہون نے نہ پڑہی تہی دو رکعت قبل فجر کے پس پڑہا ان دونونکو بیچ حجرہ حضرت حفصہ رضہ کے پہر انہون نے نماز پڑہی ساتہہ امام کے ومنہم ابن عباس رضہ فقد اخرج الامام ابوجعفر الطحاوی فی معانی الآثار حدثنا احمد بن عبدالمومن الخراسانی قال حدثنا علی بن الحسن بن شقیق قال اخبرنا الحسین بن واقد قال ثنا یزید النحوی عن ابی مجلز قال دخلت المسجد فی صلوۃ الغداۃ مع ابن عمر وابن عباس والامام یصلی فاما ابن عمر فدخل فی الصف واما ابن عباس فصلی رکعتین ثم دخل مع الامام فلما سلم الامام قعد ابن عمر رضہ مکانہ حتی طلعت الشمس فقام فرکع رکعتین انتہی یعنی کہا ابومجلز نے داخل ہوئے مسجد میں بیچ نماز فجر کے ساتہہ ابن عمر اور ابن عباس کے اور امام نماز پڑہاتا تہا پس سے پر ابن عمر پس داخل ہوا صف میں اور ایسے پر ابن عباس

پس پڑہی اوس نے دو رکعتین پہر داخل ہوا ساتہہ امام کے پس جب سلام دیا امام نے تو بیٹھ
گئے عبد اللہ بن عمر رضا اپنی جگہ پر یہانتک کہ آفتاب چڑہ پڑا پس کہڑے ہوئے پس پڑہی دو رکعتیں
انتہی حدثنا ابو بکرۃ قال ثنا ابو عمر والضریر قال حدثنا عبد العزیز بن مسلم قال اخبرنا مطرف بن طریف
عن ابی عثمان الانصاری قال جاء عبد اللہ بن عباس والامام فی صلوۃ الغداۃ ولم یکن صلی الرکعتین
